राजा स्तेनेन गंतव्यो मुक्तकेशेन धावता । आचक्षाणेन तत्स्तेयमेवं कर्मास्मि शाधि माम् ३१४
स्कंधेनादाय मुसलं लगुडं वापि खादिरम् । शक्तिं चोभयतस्तीक्ष्णामायसं दंडमेव वा । ३१५ ।
शासनाद्वा विमोक्षाद्वा स्तेनः स्तेयाद्विमुच्यते । अशासित्वा तु तं राजा स्तेनस्याप्नोति किल्विषम् ॥
३१६ ॥ अन्नादे भ्रूणहा मार्ष्टि पत्यौ भार्यापचारिणी । गुरौ शिष्यश्च याज्यश्च स्तेनो राजनि किल्विषम् ३१७
राजभिर्धृतदंडास्तु कृत्वा पापानि मानवाः । निर्मलाः स्वर्गमायांति संतः सुकृतिनो यथा । ३१८ ।
यस्तु रज्जुं घटं कूपाद्धरेद्भिंद्याच्च यः प्रपाम् । स दंडं प्राप्नुयान्माषं तच्च तस्मिन्समाहरेत् । ३१९ ।
धान्यं दशभ्यः कुंभेभ्यो हरतोऽभ्यधिकं वधः । शेषेप्येकादशगुणं दाप्यस्तस्य च तद्धनम् । ३२० ।

و شوہر و گرو و راجہ انھون مین دھوتے ہین ۳۱۷ جیسے پن کرنے والے سُورگ مین جاتے ہین ویسے ہی پاپ کرنیوالی راجہ سے سزا پاکر پاک و صاف ہوکر سُورگ مین جاتی ہین ۳۱۸
کُوئین پر سے رسّی و گھڑی کا چرانیوالا و پوسالہ کو گرانیوالا ایک ماشہ سونا تاوان دے اور گھڑی اور رسّی کو اسی کُوئین پر رکھدے ۳۱۹ دو سَو کُنڈی جیسے کی وزن کو دروں کہتے ہین اور بیس درون کا کُنبھ کہاتا ہے
دس کُنبھ سے زیادہ غلہ چراوے تو اوسکو سزای بدنی دینا اگر چور و مالک مال کی حیثیت دیکھہ کر تنبیہ و قطع اعضا و قتل کی سزا اوسکو دینا چاہیے اس مقدار سے کم چراوے تو مال مسروقہ کا گیارہ گنا ڈنڈ دینا چاہیے اور شی مسروقہ کو مالک پاوے ۳۲۰

سونا و چاندی و پٹ بستران سبھونکو سو گنڈہ سے اوپر چورانے مین قتل کرنا سزا کا حکم اخیر ملک و زمانہ و چور و مالک کی توسیت و حیثیت کو دیکھ کر دینا چاہیے اسیطرح اشلوک
آئندہ مین بھی جاننا ۳۲۱ اگر اشیاء مرقومہ بالا پچاس گنڈہ سے اوپر اور سو گنڈہ کے اندر ہو تو اسکے چورانے مین ہاتھ کاٹنا اور پچاس گنڈہ کے نیچے جتنا ہو اوسکا گیارہ گنا ڈنڈ دیوی ۳۲۲
خاندانی آدمی یا بڑے خاندان کی عورت یا عمدہ جواہر انھون مین سے کسی ایک چیز کے چورانے یا غایب کردینے مین قتل کرنا ۳۲۳ ہاتھی و گھوڑا و بھینس وغیرہ و ہتھیار و دوا یہ ان

मनु०
१००

तथाधरिमभेयानां शतादभ्यधिके वधः सुवर्णरजतादीनामुत्तमानांच वाससाम् । ३२१ ।
पंचाशतस्त्वभ्यधिके हस्तच्छेदनमिष्यते शेषेत्वेकादशगुणं मूल्याद्दंडम्प्रकल्पयेत् ॥ ३२२ ॥
पुरुषाणां कुलीनानां नारीणांच विशेषतः मुख्यानांचैव रत्नानां हरणे वधमर्हति ॥ ३२३ ॥ म
हापशूनां हरणे शस्त्राणामौषधस्यच कालमासाद्य कार्य्यंच दंडं राजा प्रकल्पयेत् ॥ ३२४ ॥
गोषुब्राह्मणसंस्थासु छुरिकायाश्चभेदने पशूनां हरणे चैव सद्यः कार्य्योऽर्द्धपादिकः ॥ ३२५ ॥
सूत्रकार्प्पासकिण्वानां गोमयस्य गुडस्यच दध्नः क्षीरस्य तक्रस्य पानीयस्य तृणस्यच ॥ ३२६ ॥
वेणुवैदलभांडानां लवणानान्तथैवच मृण्मयानांच हरणे मृदो भस्मन एवच ॥ ३२७ ॥ म
त्स्यानाम्पक्षिणांचैव तैलस्यच घृतस्यच मांसस्य मधुनश्चैव यच्चान्यत्पशुसंभवम् ॥ ३२८ ॥

سبھون مین سے کسی ایک چیز کے چورانے مین قحط وغیرہ زمانہ و مطلب کو دیکھ کر تنبیہ و قطع اعضا و قتل کو راجہ کرے ۳۲۴ براہمن کی گئو چھین لینے اور سواری کیواسطے بانجھ گئو کی ناک چھیدنے اور بکرا
اور بھیڑ وغیرہ جگ کی لائق چار پایون کے چورانے مین آدھا پانون جلد کاٹنا چاہیے ۳۲۵ اور نام سوت و کپاس کا سوت و مہوا و گوبر و گوڑ و دہی و دودھ و مٹھا و جل و ترن یعنی گھاس وغیرہ ۳۲۶ و بانس
کے ٹکڑے کا بنا یا ہوا پانی پینے کا برتن و مٹی و راکھ و نمک ۳۲۷ و مچھلی و پرند و تیل و گھی و گوشت و شراب و اقسام ہر گ چرم و شاخ گوزن وغیرہ ۳۲۸

اس قسم کی اور جو چیزین ہین دال وبجات ولڈو وغیرہ پکوان انہین سے کسی ایک چیز کے چرانے ہین اوسکی قیمت سے دو چند تاوان دیوے ۳۲۹ پھوے کھیت مین قائم جا
سبز دھان اور مع پوست تلم تنا درخت ایک آدمی کے لیجانے کے لائق دھان ان سبھون مین سے کسی ایک چیز کے چرانے مین ملک و وقت کو دیکھ کر ایک ماشہ سونا یا چاندی ڈنڈ
دیوے ۳۳۰ صاف دھان وساگ ومول پھل انھونمین سے کسی ایک چیز کے چرانے مین چرانے والا اگر مالک کا رشتہ دار ہو یعنی ہموطنی وغیرہ رشتہ رکھتا ہو تو ۵۰ پن ڈنڈ دے
اور اگر رشتہ ونسبت نہ رکھتا ہو تو ۱۰۰ پن ڈنڈ دے ۳۳۱ مالک کے دیکھتے ہوئے زبردستی سے چیز کو لیجاوے اور وقت استفسار کے لینے سے انکار کرے تو وہ بھی چور

अन्येषां चैवमादीनामद्यानामोदनस्य च पक्वान्नानां च सर्वेषान्तन्मूल्याद्द्विगुणो दमः ३२९
पुष्पेषु हरिते धान्ये गुल्मवल्लीनगेषु च अन्येष्वपरिपूतेषु दंडः स्यात्पंचकृष्णलः ॥ ३३० ॥
परिपूतेषु धान्येषु शाकमूलफलेषु च निरन्वये शतं दण्डः सान्वयेऽर्द्धशतं दमः ॥ ३०१ ॥
स्यात्साहसं त्वन्वयवत्प्रसभं कर्म यत्कृतम् निरन्वयं भवेत्स्तेयं हृत्वापव्ययते च यत् । ३३२ ।
यस्त्वेतान्युपक्लृप्तानि द्रव्याणि स्तेनयेन्नरः तमाद्यं दण्डयेद्राजा यश्चाग्निं चोरयेद्गृहात् ३३३
येन येन यथाङ्गेन स्तेनो नृषु विचेष्टते तत्तदेव हरेत्तस्य प्रत्यादेशाय पार्थिवः ॥ ३३४ ॥
पिताचार्यः सुहृन्माता भार्या पुत्रः पुरोहितः नादण्ड्यो नाम राज्ञोऽस्ति यः स्वधर्मे न तिष्ठति ॥
३३५ ॥ कार्षापणं भवेद्दण्ड्यो यत्रान्यः प्राकृतो जनः तत्र राजा भवेद्दण्ड्यः सहस्रमिति धारणा ॥ ३३६ ॥

کہاتا ہے ۳۳۲ جو آدمی دوسرے کی چیز کو چراوے خواہ اگن ہوتر کے مقام سے اگن ہوتر کی آگ کو اور گھر کی آگ کو (یعنی جسمین بل ہیش دیوکرم کے لئے اگ بنایا جاتا ہے
چراوے تو وہ پرتھم ساہس ڈنڈ پاوے اور پھر اگن استھاپن مین جو خرچ ہو سو مالک اگن کو دیوے ۳۳۳ جس جس عضو سے دوسرے کی چیز کو چراوے
اوس اوس عضو کو قطع کرنا چاہیے تاکہ پھر ایسا کام نکرے ۳۳۴ راجہ کے نزدیک کوئی آدمی ایسا نہین کہ وہ بحالت مجرمی قابل سزادہی نہو بلکہ باپ ماں و اچارج و دوست
واستری و پتر و پروہت یہ سب اپنے دھرم مین قائم نہون تو لائق سزادہی کے ہین ۳۳۵ جس جرم مین سوا راجہ کی اور آدمی کا رشاپن ڈنڈ کے لائق ہوتی مین اوس جرم مین راجہ ہزار پن ڈنڈ کے لائق ہوتا ہے ۳۳۶

شودر ویش و چھتری و براہمن چیزون کے گُن و دوش یعنی عیب و ہنر کو نہین جانتے ہین اونکا جس چوری مین جو ڈنڈ کہا ہے اوسکا اٹھ گنا سولہ گنا بتیس گنا چونسٹھ گنا یا سو گنا والکیسو اٹھائیس گنا ڈنڈ سلسلہ وار سودر بیس چھتری براہمن پاوین اگر چیزونکے گُن و دوکھ کو جاننے والے ہون تو ۳۳۷ و ۳۳۸ ۳۳۹ جو درخت وغیرہ محافظ کی حفاظت مین نہین ہے اوس درخت کا مول و پھل و پھول اور ہوم کے واسطے لکڑی اور گئو کے کھانے کے واسطے گھاس وغیرہ اِن سبکو لیوے تو اوسکو ڈنڈ نہ دینا کہ وہ ادھرم نہین کھاتا ہے یہ منُ جی نے کہا ہے ۳۴۰ جو براہمن چور کو پڑھاکر اور جگ کراکے اوسکے ہاتھ سے دولت لینے کی خواہش کرتا ہے وہ براہمن بھی مثل چور ہی کے ہے ۳۴۱ براہمن و چھتری و ویش یہ سب راستہ

अष्टापाद्यन्तु शूद्रस्य स्तेये भवति किल्विषम षोडशैव तु वैश्यस्य द्वात्रिंशत्क्षत्रियस्य च ॥ ३३७ ॥
ब्राह्मणस्य चतुःषष्टिः पूर्णम्वापि शतं भवेत द्विगुणा वा चतुःषष्टिस्तद्दोषगुणविद्धि सः ॥ ३३८ ॥
वानस्पत्यं मूलफलं दार्वग्न्यर्थन्तथैव च तृणं च गोभ्यो ग्रासार्थमस्तेयं मनुरब्रवीत ॥ ३३९ ॥
यो दत्तादायिनो हस्ताल्लिप्सेत ब्राह्मणो धनम याजनाध्यापनेनापि यथा स्तेनस्तथैव सः ॥ ३४० ॥
द्विजोध्वगः क्षीणवृत्तिर्द्वौ विक्षू द्वे च मूलिके आददानः परक्षेत्रान्न दण्डन्दातुमर्हति ॥ ३४१ ॥
असन्धितानां सन्धाता सन्धितानां च मोक्षकः दासाश्वरथहर्ता च प्राप्तः स्याच्चौरकिल्विषम ३४२
अनेन विधिना राजा कुर्वाणः स्तेननिग्रहम यशोस्मिन्प्राप्नुयाल्लोके प्रेत्य चानुत्तमं सुखम । ३४३
ऐन्द्रस्थानमभिप्रेप्सुर्यशश्चाक्षयमव्ययम नोपेक्षेत क्षणमपि राजा साहसिकन्नरम ॥ ३४४ ॥

مین چلے جاتے ہون اور کھانے کو کچھ پاس نہو تو دوسرے کے کھیت سے دو گنا یعنی اوکھ اور دو مُولکا یعنی مُولی لے لیوین تو ڈنڈ کے لایق نہین ہین ۳۴۲ دوسرے کا گھوڑا جو بندھا نہین ہے اوسکو غرور سے باندھنے والا اور طویلہ مین بندھے ہوئے گھوڑے وغیرہ کو چھوڑنے والا اور غلام اور گھوڑا اور رتھ انکو لیجانے والا چور کے پاپ کو پاتا ہے ۳۴۳ اس طریق سے چورونکو ڈنڈ دینے والا راجہ اس لوک مین جس کو اور پرلوک مین اوتم سکھ کو پاتا ہے ۳۴۴ جو راجہ اِندر کی پدوی پانے کی خواہش کرنے والا اور بے زوال نیکنامی کا چاہنے والا ہے وہ لحظہ بھر بھی زبردستی سے کام کرنے والے آدمی کی ولداری نکرے + ۳۴۴ + ۳۴۴ +

گالی دینے والا اور چور ونڈ سے مارنے والا ان سبھون سے ساہس کرنے والا پاپی ہے ۳۴۵ جو راجہ زبردستی سے کام کرنے والے آدمی کی جرم کا تحمل کرتا ہے وہ جلد
عداوت اور فنا کو پاتا ہے ۳۴۶ تمام جانداروںکو خوف دینے والے و زبردستی سے کام کرنے والے آدمی کو راجہ دوستی سے خواہ بہت دولت پانے سے رہا نکرے ۳۴۷
دھرم مٹ جانے کی حالت مین زمانہ کی تحریک سے براہمن چھتری ویس تینون برن ہتھیار ونکو دھارن کرین ۳۴۸ آتا یا جگ کے سامان واستری و براہمن انھون کی حفاظت

वाग्दुष्टात्तस्कराच्चैव दण्डेनैव च हिंसतः साहसस्य नरः कर्त्ता विज्ञेयः पापकृत्तमः ॥ ३४५ ॥ ३४५ ॥
साहसे वर्त्तमानन्तु यो मर्षयति पार्थिवः स विनाशं व्रजत्याशु विद्वेषं चाधिगच्छति ॥ ३४६ ॥
न मित्रकारणाद्राजा विपुलाद्वा धनागमात् समुत्सृजेत्साहसिकान्सर्वभूतभयावहान् ॥ ३४७ ॥
शस्त्रं द्विजातिभिर्ग्राह्यं धर्म्मो यत्रोपरुध्यते द्विजातीनां च धर्म्माणां विप्लवे कालकारिते ॥ ३४८ ॥
आत्मनश्च परित्राणे दक्षिणानां च संगरे स्त्रीविप्राभ्युपपत्तौ च घ्नन्धर्म्मेण न दुष्यति ॥ ३४९ ॥
गुरुं वा बालवृद्धौ वा ब्राह्मणं वा बहुश्रुतम् आततायिनमायान्तं हन्यादेवाविचारयन् ॥ ३५० ॥
नाततायिवधे दोषो हन्तुर्भवति कश्चन प्रकाशं वाऽप्रकाशं वा मन्युस्तं मन्युमृच्छति । ३५१ ।
परदाराभिमर्षेषु प्रवृत्तान्नॄन्महीपतिः उद्वेजनकरैर्दण्डैश्चिन्हयित्वा प्रवासयेत् ॥ ३५२ ॥

کرنے مین اور میدان جنگ مین دھرم سے مارنے والے کو دوش نہین ہوتا ۳۴۹ گرو و بالک و بوڑھا و بہت پڑھا ہوا براہمن یہ سب آتتائی ہو کر آوین یعنی آگ لگانا و زہر دینا و لیت
چھین لینا و کھیت و استری کو چھین لینا ان کامونکو کرین تو انکو مارنا چاہیے کچھ بچار نکرنا چاہیے ۳۵۰ آتتائی کے قتل مین مارنے والے کو پاپ نہین ہوتا جو شخص ظاہر خواہ
پوشیدہ مارنے والے کے گروہ سے مارے گئے اوس کے ظاہر و پوشیدہ گروہ کو سلسلہ وار پاتا ہے ۳۵۱ جو آدمی دوسرے کی عورت سے بدفعلی
کرنے والے ہین اون کو اودیگ کرنے والے ڈنڈ کے وسیلے سے بدن پر نشان کر کے ملک سے باہر نکال دیوے ۳۵۲

زمانہ مین عورتون کی بدفعلی سے برن سنکر پیدا ہوتا ہے جس سے جگت کا ناس ہوتا ہے (یعنی سدھ استری سے پیدا ہوا آدمی جگ کرے تو اوس جگ کی اگن مین جو آہت پڑتی ہے وہ سورج کے پاس جاتی ہے اور اوس آہت کو پاکر سورج پانی برساتے ہین جس سے جگت کا بھلا ہوتا ہے) مگر اوس برن سنکر سے جڑ کا اوکھاڑنے والا ادھرم پیدا ہوگا تب جگت کی ناس ہوجاویگی ۳۵۳ دوسرے کی عورت سے جو شخص خلوت مین باتین کرتا ہے اور پہلے سے اوسکا عیب جانا گیا ہے اوسکو پورب ساہس دنڈ دینا چاہیے + ۳۵۴ جسکا عیب پہلے سے جانا نہین گیا ہے اور کسی باعث سے خلوت مین دوسرے کی عورت سے باتین کرتا ہے تو اوسکو دنڈ نہ دینا ۳۵۵ پانی مین جلنے کا راستہ

तत्समुत्थोहि लोकस्य जायते वर्णसंकरः येनमूलहरो ऽधर्म्मस्सर्व्वनाशायकल्पते ॥ ३५३ ॥
परस्यपत्न्यापुरुषः सम्भाषां योजयन्रहः पूर्वमाक्षारितो दोषैः प्राप्नुयात्पूर्वसाहसम ॥ ३५४ ॥
यस्त्वनाक्षारितःपूर्वमभिभाषेतकारणात नदोषंप्राप्नुयात्किंचिन्नहितस्यव्यतिक्रमः ॥ ३५५ ॥
परस्त्रियंयोभिवदेत्तीर्थेऽरण्येवनेपिवा नदीनाम्वापिसम्भेदे ससंग्रहणमाप्नुयात ॥ ३५६ ॥
उपचारक्रियाकेलिः स्पर्शोभूषणवाससाम सहखट्वासनंचैव सर्वंसंग्रहणंस्मृतम ॥ ३५७ ॥
स्त्रियंस्पृशेददेशेयःस्पृष्टोवामर्षयेत्तया परस्परस्यानुमते सर्वंसंग्रहणंस्मृतम ॥ ३५८ ॥
अब्राह्मणः संग्रहणे प्राणान्तंदंडमर्हति चतुर्णामपिवर्णानान्दारारक्ष्यतमाः सदा ॥ ३५९ ॥
भिक्षुकावन्दिनश्चैव दीक्षिताः कारवस्तथा संभाषणंसहस्त्रीभिः कुर्य्युरप्रतिवारिताः ॥ ३६० ॥

اور گھاس پھوس سے شامل اور آدمیون سے علیحدہ مکان جو گانون کے باہر ہو اور جنگل اور ندی کا سنگم ان مقامات مین دوسرے کی عورت سے باتین کرے تو سنگرہن نام پاپ کو پاتا ہے ۳۵۶ مالا پہنانا عطریات کا لگانا کپڑے اور زیور کا بھیجنا مضحکہ و بغل گیری وغیرہ کرنا ایک چارپائی پر بیٹھنا یہ سب سنگرہن کہلاتا ہے اسبات کو منو وغیرہ رکھیون نے کہا ہے ۳۵۷ جو شخص عورت کی ران وغیرہ کو چھوتا ہے خواہ مرد کی فوطہ وغیرہ کو عورت نے پکڑا اور مرد نے غصہ نکیا تو باہمی محبت سے یہ سب سنگرہن کہلاتا ہے منو وغیرہ رکھیون نے کہا ہے ۳۵۸ سوائے براہمن کے اور برن والونکو سنگرہن کے عوض مین قتل کی سزا دینا کیونکہ چارو برن کی استری نہایت حفاظت کی لائق ہین ۳۵۹ بھکھاری بھاٹ و جھیت یعنی جسنے جگ کیواسطے دکھشا لیا ہو اور رسوئی بنانیوالا یہ سب بھکشا وغیرہ اپنے کام کیواسطے عورتون

ایک بار منع کیا کہ تم اوس عورت سے نہ بولنا اور پھر وہ آدمی اوس عورت سے باتین کرے تو ایکسو برن یعنی سولہ ماشہ سونا ڈنڈ دیوے ۳۶۱ نٹ اور گانے بجانے والے کی عورت اور
جو شخص عورت کے قحبہ پن سے ہی اپنی اوقات گذاری کرتے ہین اونکی عورتون کے واسطے آئین مندرجہ بالا نہین ہے کیونکہ وہ لوگ تو خود اپنی عورتونکو پوشیدہ سب جگہ بھیجتے ہین ۳۶۲
لیکن ہاں وہ دوسرے کی عورتین ہین اسواسطے اونکے ساتھ بات کرنے سے بات کرنے والا تھوڑا سا ڈنڈ پاوے داسی اور ایک گھر مین جس استری کو روک کر رکھا ہے وہ - اور
سنیاسی کی عورت اونکے ساتھ بات کرنے والا تھوڑا ڈنڈ پاوے ۳۶۳ جو ہمقوم دختر خواہش نہین کرتی اور پرکھ اوس سے جماع کرتا ہے اوسکو قطع عضو تناسل کی سزا اوسی
وقت دینا چاہیے لیکن براہمن کو یہ سزا نہ دینا چاہیے کیونکہ اوسکو سزا ے بدنی دینے کی ممانعت ہے اور جو شخص خواہش کرنے والی دختر ہمقوم سے جماع کرے وہ سزا ے قطع اعضا نہین

नसम्भाषां परस्त्रीभिः प्रतिषिद्धः समाचरेत् निषिद्धो भाषमाणस्तु सुवर्णं दंडमर्हति ॥ ३६१ ॥
नैष चारणदारेषु विधिर्नात्मोपजीविषु सज्जयंति हि ते नारीर्निगूढाश्चारयन्ति च ॥ ३६२ ॥
किंचिदेव तु दाप्यः स्यात्सम्भाषान्ताभिराचरन् प्रैष्यासु चैकभक्तासु रहः प्रव्रजितासु च ॥ ३६३ ॥
योऽकामां दूषयेत्कन्यां स सद्यो वधमर्हति सकामां दूषयंस्तुल्यो न वधम्प्राप्नुयान्नरः ॥ ३६४ ॥
कन्यां भजन्तीमुत्कृष्टन्न किंचिदपि दापयेत् जघन्यं सेवमानान्तु संयतां वासयेद्गृहे ॥ ३६५ ॥
उत्तमां सेवमानस्तु जघन्यो वधमर्हति शुल्कं दद्यात्सेवमानः समामिच्छेत्पिता यदि ॥ ३६६ ॥
अभिषह्य तु यः कन्यां कुर्याद्दर्पेण मानवः तस्याशु कर्त्ये अंगुल्यौ दंडं चार्हति षट्शतम् ॥ ३६७ ॥
सकामां दूषयंस्तुल्यो नांगुलिच्छेदमाप्नुयात् द्विशतं तु दमं दाप्यः प्रसंगविनिवृत्तये ॥ ३६८ ॥

پاتا ہے ۳۶۴ اپنی ذات سے اونچی ذات کو چاہنے والی کنیان تھوڑا ڈنڈ بھی نہین پاسکتی اور اپنی ذات سے نیچ ذات کو چاہنے والی کنیان کو باندھ کر گھر مین رکھنا چاہیے ۳۶۵
جو اونچی ذات کی کنیان خواہش کرنے والی خواہ نکرنے والی ہے اوس سے رذیل آدمی جماع وغیرہ کرنے والا ذات کے سبب سے قطع اعضا و قتل کے لایق ہوتا ہے اور خواہش کرنیوالی
ہمقوم کنیان کو کچھ دے کر اوس سے جماع وغیرہ کرے تو لایق سزا کے نہین ہوتا اور اگر اوس کنیان کا باپ راضی ہو تو اوسکو شلک دے کر شادی کرے ۳۶۶ جو آدمی زبردستی اور
مغروری سے اپنی ذات کی کنیان کی فرج مین جو کہ ناقابل جماع ہے انگلی ڈال کر باعیب کرتا ہے اوسکی دو انگلی کاٹنا چاہیے اور چھ سو پن ڈنڈ لینا چاہیے ۳۶۷ خواہش
کرنے والی اور ہمقوم کنیان کو طریق مرقومہ بالا سے باعیب کرے تو قطع انگشتان کی سزا نہین پاتا لیکن کچھ سزا دینے کیواسطے دو سو پن ڈنڈ لینا چاہیے ۳۶۸

جو کنیان کنیان کی فرج مین انگلی ڈال کر باعیب کرے اوسکو دو سو پن ڈنڈ دینا چاہیے اور انگلی ڈالنے والی کنیان کا باپ دونا شلک دیوے ۳۶۹ جو استری کنیان کی فرج
مین انگلی ڈال کر باعیب کرے اوسکا مونڈ مونڈانا چاہیے اور انگلیان کاٹنا اور گدہے پر چڑھا کر شاہراہ مین گشت کرانا چاہیے مگر جرم کی حیثیت دیکھ کر تعین سزا کرنا مناسب ہے
۳۷۰ ذات وصفات کے غرور سے اپنے شوہر کو ترک کرنے والی عورت کو راجہ بہت آدمیون کے روبرو کتون سے بھوجن کراوے ۳۷۱ دوسرے کی عورت مرقومۂ بالا
سے جماع کرنے والے آدمی کو لوہے کے گرم پلنگ مین سولا کر چاروطرف لکڑی رکھ کر آگ لگا دیوے جیس سے وہ پاپی جل جاوے ۳۷۲ دوسرے کی استری - اور جسکا جنیئو وغیرہ
وقت محکومۂ شاستر پر نہین ہوا اوسکی استری - اور چانڈال کی استری انھون سے جماع کرکے نالایق آدمی بدون پانے سزا کے ایکسال کے بعد پھر اوسی عورت سے جماع کرے

कन्यैव कन्यां या कुर्यात्तस्याः स्याद्द्विशतो दमः शुल्कं च द्विगुणं दद्याच्छिफाश्चैवाप्नुयाद्दश । ३६९

या तु कन्यां प्रकुर्यात्स्त्री सा सद्यो मौण्ड्यमर्हति अङ्गुल्योरेव वा छेदं खरेणोद्वहनं तथा ॥ ३७० ॥

भर्तारं लंघयेद्या तु स्त्री ज्ञातिगुणदर्पिता तां श्वभिः खादयेद्राजा संस्थाने बहुसंस्थिते ॥ ३७१ ॥

पुमांसं दाहयेत्पापं शयने तप्त आयसे अभ्यादध्युश्च काष्ठानि तत्र दह्येत पापकृत् ॥ ३७२ ॥

सम्वत्सराभिशस्तस्य दुष्टस्य द्विगुणो दमः व्रात्यया सह संवासे चाण्डाल्या तावदेव तु ॥ ३७३ ॥

शूद्रो गुप्तमगुप्तं वा द्वैजातं वर्णमावसन् अगुप्तमंगसर्वस्वैर्गुप्तं सर्वेण हीयते ॥ ३७४ ॥+॥

वैश्यः सर्वस्वदंडः स्यात्सम्वत्सरनिरोधतः सहस्रं क्षत्रियो दंड्यो मौण्ड्यं मूत्रेण चार्हति ३७५

ब्राह्मणीं यद्यगुप्तां तु गच्छेतां वैश्यपार्थिवौ वैश्यं पंचशतं कुर्यात्क्षत्रियं तु सहस्रिणम् ॥ ३७६

تو جو سزا کہ آئے ہین اوسکا دوچند سزا دیوے ۳۷۳ براہمن چھتری ویس کی عورت شوہر وغیرہ سے محفوظ ہو خواہ محفوظ ہو اوس سے جماع کرنے والے سودر کا عضو تناسل
قطع کرنا و تمام دولت کا چھین لینا و سزا قتل دینا چاہیے مگر بحالت غیر محفوظ عورت سے جماع کرنے مین قطع عضو تناسل و تمام دولت کا چھین لینا صرف یہی سزا دینا چاہیے اور محفوظ
عورت سے جماع کرنے مین دونون سزا ہاے مرقومہ بالا مع سزا قتل کے دینا چاہیے ۳۷۴ محفوظ براہمنی سے جماع کرنے مین بیس کو ایکسال تک جیلخانہ مین قید رکھنا چاہیے اوسکے
بعد سب مال کا چھین لینا یہ سزا اوسکو دینا چاہیے اور اسی جرم مین چھتری کو ہزار پن ڈنڈ دے کر گدہے کی پیشاب سے مونڈ مونڈا دینا چاہیے + ۳۷۵ +
شوہر وغیرہ سے غیر محفوظ براہمنی سے جماع کرنے والا بیس و چھتری سا سلسلہ وار پانسو پن و ہزار پن ڈنڈ دیوے + ۳۷۶ + ۳۷۶ +

شوہر وغیرہ سے محفوظ براہمنی سے جماع کرنے والے چھتری ویس دونوں سودر کی طرح ڈنڈ کے لائق ہین یعنی سب اعضا سے معذور کرنا چاہیے خواہ لال کُس سے ڈھک کر بیس کو
اور سر بہتر یعنی سرہری سے ڈھک کر چھتری کو جلانا چاہیے یہ ڈنڈ براستی صاحب صفت کی جماع مین جاننا چاہیے ۳۷۷ شوہر وغیرہ سے محفوظ براہمنی کے ساتھ زبردستی سے
جماع کرنے والے براہمن کو ہزارین ڈنڈ دینا چاہیے اور اوس براہمنی کی خواہش سے جماع کرنے والے براہمن کو پانسوین ڈنڈ دینا چاہیے ۳۷۸ سزاے قتل کے مقام مین براہمن کو
مونڈ مونڈانا یہی سزا ہے اور برن کو قتل ہی کی سزا دینا چاہیے ۳۷۹ تمام پاپون کو براہمن نے کیا ہو لیکن اوسکا قتل کبھی مکرنا بدون دینے سزاے بدنی کے مع سامان خانگی راج

उभावपितुतावेवब्राह्मण्यागुप्तयासह विप्लुतौशूद्रवद्दंड्यौ दग्धव्यौवाकटाग्निना। ३७७।
सहस्रम्ब्राह्मणोदंड्योगुप्तांविप्रांबलाद्व्रजन् शतानिपंचदंड्यःस्यादिच्छंत्यासहसंगतः। ३७८।
मौंड्यम्प्राणान्तिकोदंडोब्राह्मणस्यविधीयते इतरेषान्तुवर्णानान्दंडःप्राणान्तिकोभवेत् ३७९।
नजातुब्राह्मणंहन्यात्सर्वपापेष्वपिस्थितम् राष्ट्रादेनंवहिःकुर्य्यात्समग्रधनमक्षतम्। ३८०।
नब्राह्मणवधाद्भूयानधर्मोविद्यतेभुवि तस्मादस्यवधंराजामनसापिनचिन्तयेत् ॥ ३८१॥
वैश्यश्चेत्क्षत्रियांगुप्तांवैश्यांवाक्षत्रियोव्रजेत् योब्राह्मण्यामगुप्तायांतावुभौदंडमर्हतः। ३८२।
सहस्रंब्राह्मणोदंडन्दाप्योगुप्तेतुतेव्रजन् शूद्रायांक्षत्रियविशोःसाहस्रोवैभवेद्दमः॥ ३८३॥
क्षत्रियायामगुप्तायांवैश्येपंचशतन्दमः मूत्रेणमौंड्यमिच्छेत्तुक्षत्रियोदंडमेववा ॥ ३८४॥

۳۸۱ شوہر وغیرہ سے محفوظ براہمن کے قتل کا خیال نہ کرے ۳۸۱ اسلیے راجہ دل سے بھی براہمن کے قتل کا خیال نہ کرے
سے نکال دیوے ۳۸۰ دنیا مین براہمن کے قتل سے بڑا دوسرا ادھرم کوئی نہین ہے اسلیے راجہ دل سے بھی براہمن کے قتل کا خیال نہ کرے ۳۸۱ شوہر وغیرہ سے محفوظ
بیس کی استری جو ہے اوس سے چھتری جماع کرے یا ویسی ہی چھترانی سے بیس جماع کرے تو شوہر وغیرہ سے غیر محفوظ براہمنی کے جماع مین جو ڈنڈ کہا ہے وہی ڈنڈ دونون کو دینا ۳۸۲
شوہر وغیرہ سے محفوظ چھتری یا بیس کی استری سے جماع کرنے والے براہمن کو ہزارین ڈنڈ دینا چاہیے اور شوہر وغیرہ سے محفوظ سودر کی استری سے جماع کرنے مین چھتری و بیس کو ہزارین ڈنڈ
دینا چاہیے ۳۸۳ شوہر وغیرہ سے غیر محفوظ چھتری کی استری سے جماع کرنے مین بیس کو پانسوین ڈنڈ دینا چاہیے اور اوسکے ساتھ جماع کرنے والے چھتری کو گدہا کے پیشاب سے سر مونڈا دینا یہی ڈنڈ ہے ۳۸۴

شوہر وغیرہ سے بغیر محفوظ چھتریا و بیشیا و سودرا سے جماع کرنے والے براہمن کو پانسو پن ڈنڈ دینا اور چانڈال وغیرہ کی استری سے جماع کرنے والے براہمن کو ہزار پن ڈنڈ دینا چاہیے ۳۸۵ چور اور دوسرے کی استری سے جماع کرنے والا اور کھوٹے بچن بولنے والا اور زبردستی سے کام کرنے والا اور ڈنڈ وغیرہ سے مارنے والا یہ سب جسکی راج مین نہین ہین وہ راجہ اندر لوک کو پانے والا ہے ۳۸۶ اپنی راج مین ان پانچون کو سزا دینے والا راجہ راجاؤن مین منڈلیشر راجہ کا کام کرنے والا ہے اور اس لوک مین جس کرنے والا ہے ۳۸۷ اپنے کام مین سامرتھ اور کھوٹے پن سے علیحدہ رتوک اور ججمان ان دونون مین سے ایک کو ایک ترک کرے تو ترک کرنے والے کو سو پن ڈنڈ دینا چاہیے ۳۸۸ ماتا

अगुप्तेक्षत्रियावैश्येशूद्रांवाब्राह्मणोव्रजन् शतानिपंचदंड्यःस्यात्सहस्रंत्वन्त्यजस्त्रियम ॥ ३८५ ॥
यस्यस्तेनःपुरेनास्तिनान्यस्त्रीगोनदुष्टवाक् नसाहसिकदंडघ्नौसराजाशक्रलोकभाक् ॥ ३८६ ॥
एतेषांनिग्रहोराज्ञःपंचानांविषयेस्वके साम्राज्यकृत्सजात्येषुलोकेचैवयशस्करः ॥ ३८७ ॥
ऋत्विजंयस्त्यजेद्याज्योयाज्यंचर्त्विक्त्यजेद्यदि शक्तंकर्म्मण्यदुष्टंचतयोर्दंडःशतंशतम् । ३८८ ।
नमातानपितानस्त्रीनपुत्रस्त्यागमर्हति त्यजन्नपतितानेतान्राज्ञादंड्यःशतानिषट् ॥ ३८९ ॥
आश्रमेषुद्विजातीनांकार्य्येविवदतांमिथः नविब्रूयान्नृपोधर्म्मंचिकीर्षन्हितमात्मनः । ३९० ।
यथार्हमेतानभ्यर्च्यब्राह्मणैःसहपार्थिवः सांत्वेनप्रशमय्यादौस्वधर्म्मंप्रतिपादयेत् । ३९१ ।
प्रातिवेश्यानुवेश्यौचकल्याणेविंशतिद्विजे अर्हावभोजयन्विप्रोदंडमर्हतिमाषकम् । ३९२ ।

دوش یعنی اپنے برن کے درجہ سے گرنے کے عیب سے علیحدہ جو ماں باپ استری بیٹا ہین انمین سے کسی ایک کا ترک کرے تو چھ سو پن ڈنڈ دیوے ۳۸۹ گرہست وغیرہ آسرم مین براہمن و چھتری و بیس کے باہم بحث مطلب شاستر کی ہووے تو اپنا بھلا چاہنے والا راجہ ساہس کر کے ایسا نہ بولے کہ یہ مطلب شاستر کا ہے ۳۹۰ راجہ مع براہمن کے بحث کرنے والوں کو حسب لیاقت آرام صورت کام سے پوجن کر کے اونکے غصہ کو دور کر کے اپنے دھرم کو بیان کرے ۳۹۱ منگل شانت کرم مین بیس براہمن کو بھوجن کراتا ہوا اپنے گھر کے روبرو رہنے والے لائق براہمن اور اپنے گھر سے ایک گھر چھوڑ کر دوسرے گھر مین رہنے والے لائق براہمن کو بھوجن نکراوے تو ایک ماشہ چاندی ڈنڈ دیوے ۳۹۲ +

شادی وغیرہ خوشی کے کامون مین بید پاٹھی اور اپنے گھر کے سامنے خواہ ایک گھر چھوڑکر دوسرے گھر مین رہنے والے بید پاٹھی کو بھوجن نہ کراوے تو ایک ماشہ سونا اور بھوجن کا
دوچند ڈنڈ دیوے ٣٩٣ اندھا بہرا لنگڑا ستر سال کی عمر رکھنے والا دھن دھانئ سے بید پاٹھیون کا اُپکار کرنے والا ان سبھون سے راجہ باوجود خزانہ خالی ہونے کے اپنے
لینے کے لائق محصول کو نہ لیوے ٣٩٤ بید پاٹھی بیادھی دکھی بالک بوڑھا نہایت بے زر بڑا خاندانی اوار چیت والا ان سبھون کا پوجن راجہ ہر وقت کرے ٣٩٥
سیمر کے چکنے پاٹہ پر آہستگی سے دھوبی کپڑے دھووے اور ایک کا دوسرے کو نہ دیوے اور بہت دن تک اپنے گھر مین نہ رکھے ٣٩٦ کپڑا بننے والا کپڑا بنانے کے واسطے بمقدار

श्रोत्रियः श्रोत्रियं साधुम्भूतिकृत्येष्वभोजयन् तदन्नं द्विगुणन्दाप्यो हिरण्यंचैवमाषकम् । ३९३ ।
अंधो जडः पीठसर्पी सप्तत्यास्थविरश्चयः श्रोत्रियेषूपकुर्वंश्च नदाप्यो केनचित्करम् ॥ ३९४ ॥
श्रोत्रियं व्याधितार्तौ च बालवृद्धावकिंचनम् महाकुलीनमार्य्यं च राजा संपूजयेत्सदा ॥ ३९५ ॥
शाल्मलीफलके श्लक्ष्णे नेनिज्यान्नेजकः शनैः नच वासांसि वासोभिर्निर्हरेन्नच वासयेत् ३९६
तन्तुवायो दशपलन्दद्यादेकपलाधिकम् अतोन्यथा वर्त्तमानो दाप्यो द्वादशकन्दमम् । ३९७ ।
शुल्कस्थानेषु कुशलाः सर्वपण्यविचक्षणाः कुर्य्युरर्घं यथापण्यं ततो विंशंनृपो हरेत ॥ ३९८ ॥
राज्ञः प्रख्यातभांडानि प्रतिषिद्धानि यानि च तानि निर्हरतो लोभात्सर्वहारं हरेन्नृपः ॥ ३९९ ॥
शुल्कस्थानं परिहरन्नकाले क्रयविक्रयी मिथ्यावादी च संख्याने दाप्योष्टगुणमत्ययम् । ४०० ।

وزن دس گنڈہ پیسہ کے سوت لیوے تو بمقدار وزن گیارہ گنڈہ کے کپڑا دیوے اس سے کم دیوے تو بمقدار بارہ پن ڈنڈ راجہ کو دے کر مالک سوت کو راضی کرے ٣٩٧ خراج محصول
کو جاننے والا اور ہر چیز کے فروخت کرنے مین ہوشیار ایسا آدمی جس چیز کی جو قیمت مقرر کرے اوسمین جو نفع ہو اوسکے بیسوین حصہ کو راجہ لیوے ٣٩٨ راجہ کے لائق جو چیز ہے اور جس چیز
کو دوسرے کے پاس فروخت کرنے کو راجہ نے منع کیا ہے اون چیزون کو حرص سے دوسرے مقام پر فروخت کرے تو اوسکے تمام مال کو راجہ لے لیوے ٣٩٩
جس مقام پر اناج کا محصول لیا جاتا ہے اوس مقام کو ترک کرنیوالا بے وقت خرید و فروخت کرنیوالا تول مین کم بولنے والا محصول سرکاری کا ہشت چند تاوان دیوے ٤٠٠

سب چیزون کا آنا جانا وقیام وزوال کو دیکھ کر خرید و فروخت کرنا چاہیے ۱ ۴۰ بعد آخر ہونے پانچ پانچ دن خواہ ہفتہ ہفتہ کی سب چیزون کی قیمت قائم کر ۴۰۲ ماشہ و تولہ و سیر و پانچ سیری وغیرہ ورستھ و درون وغیرہ کے باٹون کی کمی بیشی کو ساجہ دیکھے پھر چھٹوین چھٹوین مہینہ مین انکا امتحان کرے اور سب چیزون پر راج مہر کا نشان کر دے ۴۰۳ کشتی پر سوار ہوکر اوترنے مین سواری پیچھے ایک پن لینا چاہیے اور مع بوجھ فی آدمی آدھا پن اور چارپایہ اور استری پیچھے پن کا چوتھا حصہ اور بوجھ نرکھنے والے آدمی کے پیچھے پن کا آٹھوان حصہ لینا چاہیے ۴۰۴ گاڑی وغیرہ محمولہ اشیاء وغیرہ سے بلحاظ چیزہائے محمولہ کے سار اسار بچار کرکے

आगमन्निर्गमंस्थानन्तथावृद्धिक्षयावुभौ विचार्यसर्वपण्यानांकारयेत्क्रयविक्रयौ ४०१।

पंचरात्रे पंचरात्रे पक्षेपक्षेथवागते कुर्वीतचैषाम्प्रत्यक्षमर्घसंस्थापनन्नृपः ॥ ४०२ ॥

तुलामानंप्रतीमानंसर्व्वंचस्यात्सुलक्षितम षट्सुषट्सुचमासेषुपुनरेवपरीक्षयेत । ४०३।

पणंयानन्तरेदाप्यम्पौरुषोऽर्द्धपणंतरे पादम्पशुश्चयोषिच्चपादार्द्धंरिक्तकःपुमान ॥ ४०४ ॥

भाण्डपूर्णानियानानितार्य्यन्दाप्यानिसारतः रिक्तभाण्डानियत्किंचित्पुमांसश्चापरिच्छदाः ४०५

दीर्घाध्वनियथादेशंयथाकालंतरोभवेत् नदीतीरेषुतद्विद्यात्समुद्रेनास्तिलक्षणम ॥ ४०६ ॥

गर्भिणीतुद्विमासादिस्तथाप्रव्रजितोमुनिः ब्राह्मणालिंगिनश्चैवनदाप्यास्तारिकन्तरे । ४०७

यन्नाविकिंचिद्दाशानांविशीर्य्येतापराधतः तद्दाशैरेवदातव्यंसमागम्यस्वतोंशतः ॥ ४०८ ॥

محصول کا تقرر کرنا چاہیے اور جس گاڑی وغیرہ مین اشیاء وغیرہ نہین ہے اور جو آدمی کچھ سامان نہین رکھتا اونون سے تھوڑا محصول لینا چاہیے ۴۰۵ ندی کے راستہ سے دور جانے مین ندی کی تیز روی وقیام آب و موسم گرمی و برسات وغیرہ کا لحاظ کرکے کشتی کا زر اجرت مقرر کرنا چاہیے اور سمندر مین چلنا ہوا کے اختیار مین ہے اسلیے اوپر لکھی ہوئی بات کا لحاظ نہین ہے بلکہ جو مناسب ہو وہ لینا چاہیے ۴۰۶ دو مہینہ سے زیادہ کی حاملہ و سنیاسی و بان پرستھ و براہمن و برہم چاری ان سب سے دریا پار ہونے کا محصول نہ لینا چاہیے ۴۰۷ کشتی مین ملاحون کے قصور سے کسی چیز کی بربادی ہو تو اوسکو سب ملاح ملکر اپنے اپنے حصہ سے دیوین + ۴۰۸ +

ملاحون کے قصور سے پانی مین برباد ہوئی چیز کی تنقیح کو کہا دیوک ناس یعنی آفت آسمانی مین ملاحون کا جرم و سزا نہین ہے ۴۰۹ بیس کا کام سود لینا و کھیتی کرنا و چارپایہ کی پرورش کرنا ہے ان سب کامون کو بیس سے کراوے براہمن و چھتری و بیس کی سیوا سودر ون سے کراوے ۴۱۰ رزق نہونے سے پریشان چھتری و بیس کو براہمن رحم سے کام کو کراتا ہوا پرورش کرے ۴۱۱ جو براہمن و چھتری و بیس جنیو وغیرہ سنسکار کو پاکر کام کرنے کی خواہش نہین کرتے اون سے جو براہمن بوسیلہ اپنے پربھاو کے لوبھ سے کام کرانے والا ہے اوس براہمن سے راجہ چھہ سو پن ڈنڈ لیوے ۴۱۲ جو سودر خریدا ہوا ہو یا نہ خریدا ہوا ہو اوس سے داس کا کام کرانا کیونکہ براہمن کے داس کرم

एष नौयायिनामुक्तो व्यवहारस्य निर्णयः दाशापराधतस्तोये दैविके नास्ति निग्रहः ॥ ४०९ ॥
वाणिज्यं कारयेद्वैश्यं कुसीदं कृषिमेव च पशूनां रक्षणं चैव दास्यं शूद्रं द्विजन्मनाम ॥ ४१० ॥
क्षत्रियं चैव वैश्यं च ब्राह्मणो वृत्तिकर्षितौ बिभृयादानृशंस्येन स्वानि कर्म्माणि कारयन् ४११ ।
दास्यं तु कारयेल्लोभाद्ब्राह्मणः संस्कृतान्द्विजान् अनिच्छतः प्राभवत्याद्राज्ञा दण्ड्यः शतानि षट् ४१२
शूद्रं तु कारयेद्दास्यं क्रीतमक्रीतमेव वा दास्यायैव हि सृष्टोसौ ब्राह्मणस्य स्वयम्भुवा ॥ ४१३ ॥
न स्वामिना निसृष्टोपि शूद्रो दास्याद्विमुच्यते निसर्गजं हि तत्तस्य कस्तस्मात्तदपोहति ४१४
ध्वजाहृतो भक्तदासो गृहजः क्रीतदत्रिमौ पैत्रिको दंडदासश्च सप्तैते दासयोनयः ॥ ४१५ ॥
भार्य्या पुत्रश्च दासश्च त्रय एवाधनाः स्मृताः यत्ते समधिगच्छन्ति यस्य ते तस्य तद्धनम । ४१६ ।

کے واسطے سری برہما جی نے سودر کو پیدا کیا ہے ۴۱۳ جو مالک داس کرم سے داس کو آزاد نکرے تو وہ واسطے داس کرم سے آزاد نہین ہوتا کیونکہ داس کرم اوسکے سبھاو سے پیدا ہے اوس کرم کو کون چھوڑا سکتا ہے ۴۱۴ دھجاہرت یعنی جسکو جنگ گاہ سے فتح کرکے لائے بھکت داس یعنی بھوجن کیواسطے داس کرم کو منظور کرنے والا گھر مین داسی سے پیدا ہوا مول لیا ہوا دان مین ملا بزرگون سے چلا آیا ڈنڈ داس یعنی جرم رفع ہونے کے واسطے داس بھاو کو منظور کرنے والا یہ سات بھی داس ہی ہین ۴۱۵ استری و بیٹا و داس یہ تینون بے زر ہین اور دولت کو فراہم کرین تو جسکے یہ تینون ہین اوسکی دولت ہے ۴۱۶ ❖ ۴۱۶ ❖ ۴۱۶ ❖ ۴۱۶ ❖ ۴۱۶ ❖

براہمن داس سوُدر سے دولت لے لیوے اسمین کچھ بچار نکرے کیونکہ وہ دولت کچھ اوسکی ملکیت نہین ہے وہ بے زر ہے وہ جو دولت فراہم کرے اوس

دولت کا مالک اوسکا سوامی ہے ۱۷ ॥ بیش وسوُدر یہ دونون اپنے کام سے بیکار ہونے پاوین اگر یہ دونون اپنے دھرم سے علحدہ ہون تو زمانہ کو پر آشوب

विस्रब्धंब्राह्मणःशूद्राद्द्रव्योपादानमाचरेत् नहितस्यास्तिकिंचित्स्वंभर्तृहार्यधनोहिसः ।४१७

वैश्यशूद्रौप्रयत्नेनस्वानिकर्म्माणिकारयेत् तौहिच्युतौस्वकर्मभ्यःक्षोभयेतामिदंजगत् ॥ ४१८ ॥

अहन्यहन्यवेक्षेतकर्मान्तान्वाहनानिच आयव्ययौचनियतावाकरान्कोषमेवच ॥ ४१९ ॥

एवंसर्वानिमान्राजाव्यवहारान्समापयन् व्यपोह्यकिल्बिषंसर्वंप्राप्नोतिपरमांगतिम् ॥ ४२० ॥

इतिमानवेधर्म्मशास्त्रेभृगुप्रोक्तायांसंहितायामष्टमोध्यायः ॥ ८ ॥

کرین ۱۸ ॥ کام کا ہو جانا و سواری و حاصل زر و خرچ و خزانہ و کھان ان سبھونکو ہر روز راجہ ملاحظہ کرے ۱۹ ॥ اس طریق سے راجہ تمام بیوہارون کو کرتا

ہوا پاپ کو چھوڑ کر پرم گت کو پاتا ہے + ۲۰ ॥ + سری رگھناتھ جی سہاے ادھیاے آٹھوان سماپت ہوا

دھرم کی راہ پر چلنے والے جو پرکھ و استری ہین اون دونون کی وصل و جدائی مین جو دھرم قدیم ہے اوسکو کہینگے ۱ رات دن اپنے شوہر وغیرہ کے وسیلے سے استریون کو
मनु बے اختیار کرنا مناسب ہے اور جو استری بکھیون مین لگی ہین اونکو اپنے اختیار مین رکھنا چاہیے ۲ لڑکپن مین دختر کی حفاظت والد کرے جوانی مین شوہر و بڑھاپے مین بیٹا ३१३
३१३ عورتونکی حفاظت کرتے ہین عورتین خود مختار ہونے کے لائق نہین ہوتی ہین ۳ کنیان دان کے وقت کنیان کو نہ دیوے تو باپ اوسکا پاپی ہوتا ہے اور حیض سے ९
فراغت ہونے پر شوہر اوسکا جماع نکرے تو وہ پاپی ہوتا ہے اور بحالت وفات شوہر کے بیٹا اپنی مان کی حفاظت نکرے تو وہ بیٹا پاپی ہوتا ہے ۴ تھوڑی پر سنگ

पुरुषस्य स्त्रियाश्चैव धर्म्येवर्त्मनितिष्ठतोः संयोगे विप्रयोगे च धर्म्मान्वक्ष्यामिशाश्वतान् ॥ १॥

अस्वतंत्राः स्त्रियः कार्य्याः पुरुषैः स्वैर्द्दिवानिशम् विषयेषु च सज्जन्त्यः संस्थाप्याह्यात्मनोवशे । २।

पितारक्षतिकौमारे भर्तारक्षतियौवने रक्षन्तिस्थाविरे पुत्रा नस्त्रीस्वातंत्र्यमर्हति ॥ ३ ॥ ३ ॥

कालेऽदाता पिता वाच्यो वाच्यश्चानुपयन्पतिः मृते भर्त्तरि पुत्रस्तु वाच्यो मातुररक्षिता ॥ ४ ॥

सूक्ष्मेभ्योपिप्रसंगेभ्यः स्त्रियो रक्ष्याविशेषतः द्वयोर्हि कुलयोः शोकमावहेयुररक्षिताः ॥ ५ ॥

इमं हि सर्ववर्णानां पश्यन्तो धर्ममुत्तमम् यतंते रक्षितुं भार्य्यां भर्तारो दुर्बलाअपि ॥ ६ ॥ ६ ॥

स्वाम्प्रसूतिंचरित्रिंच कुलमात्मानमेवच स्वंच धर्म्मं प्रयत्नेन भार्य्यां रक्षन्हि रक्षति ॥ ७ ॥

पतिर्भार्य्यां संप्रविश्य गर्भो भूत्वेह जायते जायायास्तद्धि जायात्वं यदस्यां जायते पुनः ॥ ८ ॥

یعنی صحبت سے بھی خصوصاً عورتون کی حفاظت کرنا چاہیے عورتین غیر محفوظ رہین تو دونون کل یعنی خاندان والد و خاندان شوہر کو رنج پہونچاتی ہین ۵ سب برنون کے
اس اوتم دھرم کو دیکھتے ہوئے کمزور شوہر بھی استری کی حفاظت کیواسطے کوشش و تدبیر کرتے ہین ۶ عورت کی حفاظت کرنے سے اپنے خاندان و اولاد و آتما و دھرم मनु
وغیرہ کی حفاظت ہوتی ہے ۷ شوہر اپنی عورت مین داخل ہوکر بشکل حمل دنیا مین پیدا ہوتا ہے عورت مین عورت سے نسبت رکھنے والا دھرم یہی ہے کہ عورت مین آپ پیدا ہووے ۸

मनु

२२५

جس قسم کے آدمی کا سیون یعنی مزاولت عورت کرتی ہے ویسا ہی بیٹا پیدا کرتی ہے اسلئے اولاد کے پاک ہونے کے لئے حتی المقدور عورت کی حفاظت کرنا چاہیئے ۹ کوئی آدمی ضد
کر کے عورت کی حفاظت مین جسا قدرت نہین ہوتا ہے جو تدبیر آگے کہینگے اوسکے وسیلے سے آدمی حفاظت کرنمین جسا قدرت ہوتا ہے ۱۰ مطلبونکا حاصل کرنا خرچ خانہ پاکیزگی و دھرم
کھانا بنانا گھر کی چیزونکو دیکھنا ان سب کامون مین عورت کو اختیار دینا چاہیئے ۱۱ حکم کرنیوالے اچھے آدمی سے عورت گھر مین محفوظ کی گئی ہو اوسپر بھی محفوظ نہین ہوتی بلکہ جو عورت اپنے

यादृशं भजते हि स्त्री सुतं सूते तथाविधम् तस्मात्प्रजाविशुद्ध्यर्थं स्त्रियं रक्षेत्प्रयत्नतः ॥ ९ ॥
न कश्चिद्योषितः शक्तः प्रसह्य परिरक्षितुम् एतैरुपाययोगैस्तु शक्यास्ताः परिरक्षितुम् ॥ १० ॥
अर्थस्य संग्रहे चैनां व्यये चैव नियोजयेत् शौचे धर्मेऽन्नपक्त्यां च पारिणाह्यस्य चेक्षणे ॥ ११ ॥
अरक्षिता गृहे रुद्धाः पुरुषैराप्तकारिभिः आत्मानमात्मना यास्तु रक्षेयुस्ताः सुरक्षिताः । १२ ।
पानं दुर्जनसंसर्गः पत्या च विरहोऽटनम् स्वप्नोऽन्यगेहवासश्च नारीसंदूषणानि षट् ॥ १३ ॥
नैता रूपं प्रतीक्षन्ते नासां वयसि संस्थितिः सुरूपं वा विरूपं वा पुमानित्येव भुंजते ॥ १४ ॥
पौंश्चल्याच्चलचित्ताच्च नैस्नेह्याच्च स्वभावतः रक्षिता यत्नतोऽपीह भर्तृष्वेता विकुर्वते ॥ १५ ॥
एवं स्वभावं ज्ञात्वासां प्रजापतिनिसर्गजम् परमं यत्नमातिष्ठेत्पुरुषो रक्षणं प्रति ॥ १६ ॥

کو آپ حفاظت کرتی ہے وہی محفوظ ہوتی ہے ۱۲ عورتونکے واسطے یہ چھ باتین داخل عیب ہین شراب کا پینا بد کی صحبت شوہر سے دوری ادہر ادہر گھومنا بے وقت سونا دوسرے
کے گھر مین رہنا ۱۳ عورتین صورت و عمر کو نہین دیکھتی ہین خوبصورت خواہ بدصورت ہو لیکن مرد ہو اوسیکو بھوگ کرتی ہین ۱۴ عورت تدبیر نیک سے محفوظ بھی ہو تاہم اپنی بد اطواری و تلون
طبعی و خشک مزاجی یعنی بی محبت ہونا و عادت ان باتون سے شوہر کو رنجیدہ کرتی ہی ۱۵ وقت پیدائش سری برہماجی سے عورتونکی یہ عادت جانکر حفاظت کیواسطے مرد تدبیر کرے ۱۶

پلنگ و آسن و ہار وغیرہ بنانے کی عادت و کام و کرودھ و کٹھورتا و ستر تا و حرچلنی ان سبکو منو جی نے شروع پیدائش مین عورتونکو دیا اسلئے تدبیر سے حفاظت کرنا چاہیئے ۱۷ استریون کی
کریا منترون سے نہین ہے یہ تو دھرم ہوستھا ہین بے اندری اور منتر ان دونون سے استری علیحدہ ہے دروغ کی مانند نامبارک ہے یہ شاستر کی مرجاد ہے ۱۸ بدفعلی کرنا عورتون کی
عادت ہے اسمین بید کا حوالہ دیتے ہین کہ بہت سرت باگ مین لکھا ہے کہ ہم نہین جانتے ہین کہ براہمن ہین یا غیر براہمن ہین یہ اول بید مین لکھا ہے اوسکو پرائشچت والی سرت کو سنو ۱۹
کوئی آدمی اپنی والدہ کی بدفعلی باطنی دیکھ کر کہتا ہے کہ دل و زبان و جسم کے فعل سے اپنے شوہر کو چھوڑ کر غیر مرد کی خواہش نکرے وہ پت برتا کہاتی ہے اوسکے سواے غیر پت برتا کہاتی ہے

शय्यासनमलंकारं कामं क्रोधमनार्जवम् द्रोहभावं कुचर्यां च स्त्रीभ्यो मनुरकल्पयत्।१७
नास्ति स्त्रीणां क्रिया मंत्रैरिति धर्मो व्यवस्थितः निरिंद्रिया ह्यमंत्राश्च स्त्रियोऽनृतमिति स्थि-
तिः।१८। तथा च श्रुतयो बह्व्यो निगीता निगमेष्वपि स्वालक्षण्यपरीक्षार्थं तासां शृणुत निष्कृतीः
।१९। यन्मे माता प्रलुलुभे विचरन्त्यपतिव्रता तन्मे रेतः पिता वृक्तामित्यस्यैतन्निदर्शनम् ॥ २० ॥
ध्यायत्यनिष्टं यत्किंचित्पाणिग्राहस्य चेतसा तस्यैष व्यभिचारस्य निन्हवः सम्यगुच्यते ॥ २१ ॥
यादृग्गुणेन भर्त्रा स्त्री संयुज्येत यथाविधि तादृग्गुणा सा भवति समुद्रेणेव निम्नगा ॥ २२ ॥
अक्षमाला वशिष्ठेन संयुक्ताधमयोनिजा शारंगी मन्दपालेन जगामाभ्यर्हणीयताम् ॥ २३ ॥
एताश्चान्याश्च लोकेऽस्मिन्नपकृष्टप्रसूतयः उत्कर्षं योषितः प्राप्ताः स्वैः स्वैर्भर्तृगुणैः शुभैः।२४।

میری والدہ نے غیر پت برتا ہو کر غیر مرد مین رغبت کیا تو والدہ کی بیج روپ یعنی صورت نطفہ اوس غیر مرد کو میرا والد پاک کرے اس اشلوک صورت منتر کا اول سے تین حصہ عورتونکی بدفعلی کی عادت کا ظاہر کرنیوالا ہے
یہ منتر چاہتر ماس جگ مین کام آتا ہے ۲۰ عورت دل سے اپنے شوہر کا جو کچھ برا خیال کرتی ہے اوس بدفعلی کا پہلا کہا ہوا منتر اچھا شودھن ہے یہ منو وغیرہ رکھون نے کہا ہے ۲۱ جس طریق سے جیسے
آدمی سے عورت وصل پاتی ہے ویسی ہی آپ ہوتی ہے جیسے سمندر سے ندی ۲۲ نیچ جون یعنی رذیل قوم سے پیدا اکچھ مالا نام عورت نے بسشٹ رکھ سے وصل کیا دو تون پوجن
کے قابل ہوئی ۲۳ سواے ان کے اور بھی عورتین نیچ جون سے پیدا ہو کر اس لوک مین اپنے شوہرون کی عظمت سے عظمت کو پہونچ گئین ۲۴ + ۲۴ +

عورت و مرد کی قدیم نیک چلنی کو کہا اب اس لوک مین اور پرلوک مین اور زمانہ آیندہ مین سُکھ کے واسطے جو رعایا کا دھرم ہے اوسکو جانو ۲۵ گھر مین پیدایش کے واسطے
بڑی قسمت والی پوجا کے لائق گھر کی تیج وان استری اور لچھمی ہین ان دونون مین خصوصیت کچھ نہین ہے دونون برابر ہین ۲۶ بیٹا و بیٹی کی پیدایش اور بعد پیدایش کے
انکی حفاظت اور دنیاوی مراسم قدیم ان سبھونکا ظاہری سبب عورت ہی ہے ۲۷ اولاد اور دھرم کارج اور اُتّم سیوا اور اپنا اور اپنے بزرگونکا سُورگ یہ سب عورت کے اختیار مین ہے ۲۸

एषोदिता लोकयात्रा नित्यं स्त्रीपुंसयोः शुभा प्रेत्येह च सुखोदर्कान्प्रजाधर्मान्निबोधत ।२५।
प्रजनार्थं महाभागाः पूजार्हा गृहदीप्तयः स्त्रियः श्रियश्च गेहेषु न विशेषोऽस्ति कश्चन ॥ २६ ॥
उत्पादनमपत्यस्य जातस्य परिपालनम प्रत्यहं लोकयात्रायाः प्रत्यक्षं स्त्रीनिबन्धनम ॥ २७ ॥
अपत्यं धर्मकार्याणि शुश्रूषा रतिरुत्तमा दाराधीनस्तथा स्वर्गः पितॄणामात्मनश्च ह ॥ २८ ॥
पतिं या नाभिचरति मनोवाग्देहसंयता सा भर्तृलोकानाप्नोति सद्भिः साध्वीति चोच्यते ॥ २९ ॥
व्यभिचारात्तु भर्तुः स्त्री लोके प्राप्नोति निंद्यताम् शृगालयोनिं चाप्नोति पापरोगैश्च पीड्यते ॥ ३० ॥
पुत्रं प्रत्युदितं सद्भिः पूर्वजैश्च महर्षिभिः विश्वजन्यमिमं पुण्यमुपन्यासन्निबोधत ॥ ३१ ॥
भर्तुः पुत्रं विजानन्ति श्रुतिद्वैधं तु भर्तरि आहुरुत्पादकं केचिदपरे क्षेत्रिणं विदुः ॥ ३२ ॥

جو عورت دل و زبان و بدن کے عیب سے علحدہ ہوکر اپنے شوہر کو چھوڑکر دوسرے مرد کا وصل نہین کرتی وہ پت کے لوک کو پاتی ہے اور لوک مین اوسکو
بھلے آدمی سادھی یعنی نیک خصلت کہتے ہین ۲۹ لوک مین دوسرے آدمی کے ساتھ جماع کرنے سے عورت مذمّت کے قابل ہوتی ہے اور گیدڑنی کی جون پاتی ہے
اور پاپ روگون سے پیڑا پاتی ہے ۳۰ اچھے قدیم بڑے لوگون نے بابت اولاد کے سنسار کے بھلے کے واسطے جس پاک دھرم کو کہا اوسکو جانو ۳۱ باپ کا بیٹا
ہے ایسا سب جانتے ہین اور باپ کی بابت دو طرح کی شہرت ہے کوئی کہتا ہے کہ بیج والے کا بیٹا ہے اور کوئی کہتا ہے کہ چھیتر والے کا بیٹا ہے ۳۲ +

استری چھیتر کی صورت ہے اور بیج مرد کی صورت ہے چھیتر اور بیج کی آمیزش سے سب جسم داروںکی پیدایش ہے ۳۳ کسی مقام پر بیج بڑا ہے کسی مقام پر چھیتر بڑا ہے جس
جگہ دونون برابر ہین وہ اولاد بہت اچھی ہے ۳۴ بیج اور جوت ان دونون مین بیج بڑا ہے سب جاندارونکی پیدایش بیج کے نشان سے جانی جاتی ہے ۳۵ تخمریزی
کے وقت جیسا تخم کھیت مین بوتے ہین ویساہی مع اپنی صفات کے پیدا ہوتا ہے ۳۶ پانچ عنصر سے پیدا ہوئے جتنے جاندار ہین انکی پیدایش کا سبب چھیتر ہے

क्षेत्रभूता स्मृता नारी बीजभूतः स्मृतः पुमान् क्षेत्रबीजसमायोगात्संभवः सर्वदेहिनाम् ।३३।
विशिष्टं कुत्रचिद्बीजं स्त्रीयोनिस्त्वेव कुत्रचित् उभयन्तु समं यत्र सा प्रसूतिः प्रशस्यते ॥ ३४ ॥ ३४ ॥
बीजस्यैव च योन्याश्च बीजमुत्कृष्टमुच्यते सर्वभूतप्रसूतिर्हि बीजलक्षणलक्षिता ॥ ३५ ॥
यादृशन्तूप्यते बीजं क्षेत्रे कालोपपादिते तादृग्रोहति तत्तस्मिन्बीजं स्वैर्व्यञ्जितं गुणैः । ३६ ।
इयं भूमिर्हि भूतानां शाश्वती योनिरुच्यते न च योनिगुणान्कांश्चिद्बीजं पुष्यति पुष्टिषु ॥ ३७ ॥
भूमावप्येककेदारे कालोप्तानि कृषीवलैः नानारूपाणि जायन्ते बीजानीह स्वभावतः ॥ ३८ ॥
व्रीहयः शालयो मुद्गास्तिला माषास्तथा यवाः यथाबीजं प्ररोहन्ति लशुनानीक्षवस्तथा ॥ ३९ ॥
अन्यदुप्तं जातमन्यदित्येतन्नोपपद्यते उप्यते यद्धि यद्बीजं तत्तदेव प्ररोहति ॥ ४० ॥ ४० ॥

اور کوئی چیز بونے و اگنے کی صفت کو مضبوطی نہین بخشتی سوائے تخم کے اسلئے تخم ہی مقدم و افضل ہے ۳۷ ایک ہی کھیت مین کاشتکارون نے تخمریزی کے وقت جو
گندم وغیرہ تخم کو بویا اور وہ تخم اپنی عادت سے انواع اقسام کا ہوتا ہے زمین تو ایک ہی صورت کی ہے اور تخم ایک صورت کا نہین اسلئے تخم ہی افضل ہے ۳۸ جیسے ساٹھی
دھان و مونگ و تل و ماش و جو و لہسن و اوکھ یہ سب بونے کے بعد انواع صورت سے اگتی ہین ۳۹ ایک چیز کو بویا اور دوسری چیز پیدا ہوئی ایسا نہین ہوتا بلکہ جو بوتی ہین وہی اگتا ہے ۴۰

اپنے چھیتر کو مقدم کرتے ہین اس سبب سے متحمل و متواضع و دانشمند و کامل وگیان بگیان یعنی بید و شاستر کے جاننے والے و عمر کی خواہش کرنے والے جو آدمی ہین وے دوسرے کی عورت مین کبھی
تخم کو نہ ڈالین ۴۱ دوسرے کی عورت مین تخم یعنی نطفہ کو نہ ڈالنا اس مطلب مین پہلے زمانہ کے جاننے والے رکھہ لوگون نے ہوا کا کہا ہوا سخن جو خاص چھند سے شامل ہے بیان کیا ہے بلکہ اوسپر عمل کیا ہے
۴۲ کسی نے آسمان مین پرند کو تیر مارا پھر دوسرے آدمی نے اوسی پرند پر تیر مارا تو دوسرے آدمی کا تیر ضائع ہو جاتا ہے کیونکہ شکار تو پہلے تیر انداز کو ہی حاصل ہوتا ہے اسیطرح دوسرے کی عورت مین تخم
ضائع جاتا ہے یعنی جسکی عورت ہے اوسیکو بچہ کا فائدہ ہوتا ہے ۴۳ ۴۴ اول راجہ پرتھو نے اس پرتھی کو لیا پھر بہت سے راجاون نے لیا تاہم یہ پرتھی راجہ پرتھو ہی کی استری ہے اور جسنے اونچی نیچی زمین

तव्याज्ञेन विनीतेन ज्ञानविज्ञानवेदिना आयुष्कामेन वप्तव्यन्न जातु परयोषिति ॥ ४१ ॥ ४१ ॥
अत्र गाथा वायुगीताः कीर्त्तयंति पुराविदः यथा बीजन्न वप्तव्यं पुंसा परपरिग्रहे ॥ ४२ ॥ ४२ ॥
नश्यतीषुर्यथा विद्धः खे विद्धमनुविध्यतः तथा नश्यति वै क्षिप्रं बीजम्पर परिग्रहे ॥ ४३ ॥
पृथोरपीमां पृथिवीं भार्य्यां पूर्वविदो विदुः स्थाणुच्छेदस्य केदारमाहुः शल्यवतो मृगम । ४४
एतावानेव पुरुषो यज्जायात्मा प्रजेति ह विप्राः प्राहुस्तथा चैतद्यो भर्त्ता सा स्मृताङ्गना । ४५ ।
न निष्क्रयविसर्गाभ्यां भर्तुर्भार्य्या विमुच्यते एवं धर्मम्विजानीमः प्राक्प्रजापति निर्म्मितम्
। ४६ । सकृदंशो निपतति सकृत्कन्या प्रदीयते सकृदाह ददानीति त्रीण्येतानि सतां सकृत् ४७
यथा गोऽश्वोष्ट्रदासीषु महिष्यजाविकासु च नोत्पादकः प्रजाभागी तथैवान्यङ्गनास्वपि । ४८ ।

کو برابر کیا اوسیکا کھیت ہے اور جسنے اول تیر سے مارا اوسیکا شکار ہے یہ اگلے زمانہ کی جاننے والون نے کہا ہے ۴۵ ایک ہی پرکھ نہین ہوتا بلکہ اپنا جسم و عورت و اولاد یہ سب ملکر پرکھ کہلاتا ہے یہ براہمنون نے کہا ہے۔ جو شوہر
ہے وہی عورت ہے یہ رکھہ لوگون نے کہا ہے ۴۶ استری فروخت کرنے اور ترک کرنے سے استری کے دھرم سے علیحدہ نہین ہوتی اول ہی سری برہماجی نے یہ دھرم کی تنقیح کی یہ سب ہم جانتے ہین ایسا منوجی نے کہا
۴۷ تقسیم حصہ کنیا دان دیکے یہ تینون باتین بھلے لوگون کی ایک ہی دفعہ ہوتی ہین ۴۷ جسطرح گئو۔ گھوڑا۔ اونٹ۔ لونڈی۔ بھینس۔ بکری۔ بھیڑ۔
انھون مین بچہ پیدا کرنے والے کا مالک بچہ کو نہین پاتا اسیطرح دوسرے کی استری مین تخم ڈالنے والا اولاد کو نہین پاتا + ۴۸ + ۴۸ + ۴۸ +

मनु० ३२६

دوسرے کے کھیت مین تخم ڈالنے والا اوس تخم کے ثمر کو کبھی نہین پاتا ۴۹ دوسرے کی گئو مین دوسرے کا بیل بچھڑا پیدا کرے تو گئو کا مالک اون بچھڑون ۳۱۹
کو پاتا ہے اور بیل کا نطفہ بے فائدہ جاتا ہے ۵۰ اوسیطرح دوسرے کے کھیت مین بیج بونے والا کھیت والے کا مطلب کرتا ہے آپ پھل کو
نہین پاتا ۵۱ اس استری مین جو پیدا ہووے وہ ہمارا اور تمھارا دونون کا ہووے ایسے پھل کو دل مین نہ رکھہ کر جو پیدا کیا وہ لڑکا کھیت والی

ये क्षेत्रिणो बीजवन्तः परक्षेत्रप्रवापिणः तेवैसस्यजातस्यनलभंतेफलंक्वचित् ॥ ४९। ४९॥
यदन्यगोषुवृषभोवत्सानांजनयेच्छतम् गोमिनामेवतेवत्सामोघंस्कंदितमार्षभम् ॥ ५०॥
तथैवाक्षेत्रिणोबीजंपरक्षेत्रप्रवापिणः कुर्वन्तिक्षेत्रिणामर्थंनबीजीलभतेफलम् ॥ ५१॥
फलन्त्वनभिसंधायक्षेत्रिणांबीजिनान्तथा प्रत्यक्षंक्षेत्रिणामर्थोबीजाद्योनिर्गरीयसी । ५२।
क्रियाभ्युपगमात्त्वेतद्बीजार्थंयत्प्रदीयते तस्येहभागिनौदृष्टौबीजीक्षेत्रिकएवच ॥ ५३ ॥ ५३॥
ओघवाताहृतंबीजंयस्यक्षेत्रेप्ररोहति क्षेत्रिकस्यैवतद्बीजंनवप्तालभतेफलम् ॥ ५४॥ +॥
एषधर्मोगवाश्वस्यदास्युष्ट्राजाविकस्यच विहङ्गमहिषीणांचविज्ञेयःप्रसवंप्रति ॥ ५५॥
एतद्वःसारफल्गुत्वंबीजयोन्योःप्रकीर्त्तितम् अतःपरम्प्रवक्ष्यामियोषितान्धर्ममापदि । ५६

کا ہوتا ہے تخم سے جون بہت افضل ہے ۵۲ اس استری مین جو پیدا ہووے وہ ہمارا اور تمھارا دونون کا ہووے ایسا دل مین رکھہ کر جو پیدا
کیا اوسکا حصہ دار تخم والا اور کھیت والا دونون ہوتے ہین ۵۳ تخم ہوا سے اوڑ کر جسکے کھیت مین پڑا اوسکا ثمر کھیت والا ہی پاتا ہے صاحب تخم
نہین پاتا ۵۴ گئو گھوڑا اونٹ بکری بھیڑ پرند بھینس داسی انکی پیدائش مین ایسی دھرم کو جاننا ۵۵ بھرگ جی کہتی ہین کہ آپ لوگون سے تخم و جون کی بڑدھانتا و غیر بڑدھانتا کو کہا اسکے بعد آپت کال مین استریون کے

بڑے بھائی کی جو استری ہے سو چھوٹے بھائی کی گورپتنی کہاتی ہے اور چھوٹے بھائی کی جو استری ہے وہ بڑے بھائی کی پتوہو کہاتی ہے ۵۷ آپت کال نہو اور والد وغیرہ کا حکم بھی ہو لیکن بڑے بھائی کی
استری سے چھوٹا بھائی اور چھوٹے بھائی کی استری سے بڑا بھائی جماع کریں تو دونوں پتت ہوتے ہیں یعنی اپنے برن و آشرم کے درجہ سے تنزل پاتے ہیں ۵۸ اولاد کے نہونے میں سسر وغیرہ کے حکم کو پاکر استری
سپنڈ سے خواہ دیور سے اولاد خواہ حاصل کرے ۵۹ والد کا حکم پاکر بدن میں روغن ملکر خاموش ہوکر بیوہ عورت میں لڑکا پیدا کرے سوائے ایک لڑکے کے دوسرا لڑکا کبھی پیدا نکرے ۶۰
ایک بیٹا ہونا اور بے اولاد ہونا یہ دونوں برابر ہیں بڑے لوگوں کی ایسی بحث ہے اور والد وغیرہ کے حکم سے جو بیٹا پیدا ہوا اوس سے مطلب حاصل نہوا ایسا ماننے والے اور والد وغیرہ کے حکم سے بیٹا پیدا ہونے

भ्रातुर्ज्येष्ठस्य भार्या या गुरुपत्न्यनुजस्य सा । यवीयसस्तु या भार्या स्नुषा ज्येष्ठस्य सा स्मृता ॥ ५७
ज्येष्ठो यवीयसो भार्यां यवीयान्वाग्रजस्त्रियम् । पतितौ भवतो गत्वा नियुक्तावप्यनापदि । ५८ ।
देवराद्वा सपिण्डाद्वा स्त्रिया सम्यङ्नियुक्तया । प्रजेप्सिताधिगन्तव्या संतानस्य परिक्षये । ५९ ।
विधवायां नियुक्तस्तु घृताक्तो वाग्यतो निशि । एकमुत्पादयेत्पुत्रं न द्वितीयं कथंचन ॥ ६० ॥
द्वितीयमेके प्रजनं मन्यन्ते स्त्रीषु तद्विदः । अनिर्वृत्तं नियोगार्थं पश्यन्तो धर्मतस्तयोः ॥ ६१ ॥
विधवायां नियोगार्थे निर्वृत्ते तु यथाविधि । गुरुवच्च स्नुषावच्च वर्तेयातां परस्परम् ॥ ६२ । ६२ ॥
नियुक्तौ यौ विधिं हित्वा वर्तेयातां तु कामतः । तावुभौ पतितौ स्यातां स्नुषागगुरुतल्पगौ । ६३ ।
नान्यस्मिन्विधवा नारी नियोक्तव्या द्विजातिभिः । अन्यस्मिन्हि नियुञ्जाना धर्मं हन्युः सनातनम् ॥

کے طریق کو جاننے والے جو دوسرے آچاری ہیں وہ بیوہ عورت میں دوسرے بیٹے کی پیدائش کو بھی دھرم سے مانتے ہیں ۶۱ جب حمل پیدا ہو چکا تب بڑا بھائی مانند گورو کے اور چھوٹے بھائی کی استری جیسی پتوہو کی مانند دونوں
باہم رہیں مگر اس بات کو اوسوقت جاننا جب چھوٹے بھائی کی استری میں والد وغیرہ کا حکم ہوا ہو ۶۲ والد وغیرہ کے حکم کو پاکر اور طریق کو چھوڑ کر خواہش سے بڑا بھائی چھوٹے بھائی کی استری سے خواہ چھوٹا بھائی بڑے بھائی کی استری سے
جماع کریں تو دونوں پتت ہوتے ہیں یعنی اپنے برن کے درجہ سے گر جاتے ہیں بڑا بھائی پتوہو سے جماع کرنے والا کہاتا ہے اور چھوٹا بھائی گورپتنی سے جماع کرنے والا کہاتا ہے ۶۳ اب بیٹا پیدا کرنے
کے واسطے والد وغیرہ کے حکم کی ممانعت لکھتے ہیں کہ براہمن چھتری ویش یہ تینوں برن بیوہ عورت میں بیٹا پیدا کرنے کے واسطے حکم نہ دیویں اور حکم دینے سے دھرم قدیم کی فنا کرتے ہیں ۶۴

بواہ کے منتر مین ایسا حکم کہین نہین لکہا ہے اور بیوہ عورت کے ساتھ جماع نہین لکہا ہے ۶۵ راجہ بین کی راج مین اس پش دہرم کو آدمیون کے واسطے راجہ بین نے کہا اسکو
پنڈت براہمنون نے برا کہا ہے ۶۶ زمانہ قدیم مین راج رکہیون سے افضل راجہ بین تے نے جسکی عقل غلبہ کامدیو سے خراب ہوگئی تہی تمام زمین کا مالک ہوکر برنون کا سنکر یعنی ملانا کیا
۶۷ اوس دن سے موہ کر کے اولاد کی خواہش سے بیوہ عورت سے جماع کو جو حکم دیتا ہے اوسکی برائی سادہ لوگ کرتے ہین ۶۸ بیوہ عورت مین بیٹی کی پیدایش وعدم پیدایش
کو بیان کیا اب اوسکی دوسری بیوستہا یعنی کیفیت کہتے ہین کہ جس دختر کو کسیکو زبان سے دینے کو کہہ چکے اور وہ شخص جسکو دینے کو کہا قبل شادی ہونے کے مر گیا تو اوسکا برادر

नोद्वाहिकेषु मंत्रेषु नियोगः कीर्त्यते क्वचित् नविवाहविधावुक्तं विधवावेदनं पुनः ॥ ६५ ॥
अयं द्विजैर्हि विद्वद्भिः पशुधर्मो विगर्हितः मनुष्याणामपि प्रोक्तो वेणे राज्यं प्रशासति ॥ ६६ ॥
समहीमखिलां भुंजन राजर्षिप्रवरः पुरा वर्णानां संकरं चक्रे कामोपहतचेतनः ॥ ६७ ॥ ६७ ॥
ततःप्रभृति यो मोहात्प्रमीतपतिकां स्त्रियम् नियोजयत्यपत्यार्थं तं विगर्हन्ति साधवः ६८ ।
यस्या म्रियेत कन्याया वाचा सत्ये कृते पतिः तामनेन विधानेन निजो विन्देत देवरः ॥ ६९ ॥
यथाविध्यधिगम्यैनां शुक्लवस्त्रां शुचिव्रताम् मिथो भजेताप्रसवात्सकृत्सकृदृतावृतौ ७०
न दत्वा कस्यचित्कन्यां पुनर्दद्याद्विचक्षणः दत्वा पुनः प्रयच्छन्हि प्राप्नोति पुरुषानृतम् ७१
विधिवत्प्रतिगृह्यापि त्यजेत्कन्यां विगर्हिताम् व्याधितां विप्रदुष्टां वा छद्मना चोपपादिताम् ७२

حقیقی اوس کنیان یعنی دختر کی شادی مطابق طریقہ مندرجہ ذیل کے کرے ۶۹ پاکی سے برت کرنے والی سفید کپڑے پہنے ہوئے کنیان کا بواہ شاستر کی ریت سے کرکے بعد فراغت
حیض حمل رہنے والی راتون مین ایک ایک بار حمل رہنے تک اوس سے جماع کرے اوس سے جو اولاد ہوگی وہ اوسکی ہوگی جسکو وہ کنیان زبانی اقرار پر پہلے دی گئی تہی ۷۰
عقلمند آدمی ایک شخص کو کنیان دے کر پہر اوس کنیان کو دوسرے کو نہ دیوے اگر دیوے تو ہزار آدمی کے قتل کے برابر عذاب ہوتا ہے سات قدم پہیرنے سے پہلے عورت کے دہرم
کی پیدایش نہین ہوتی تب دوسرے کو دینے کی سنکا ہوئی اسلئے اس بچن کو کہا ۷۱ نفرین کے لایق اور آفت آمیز اور مکار اور بدبخت عورت کو شاستر کے طریق سے بہی بواہ کرکے ترک کرنا چاہیئے ۷۲

عیب وار کنیان کے عیب کو نہ کہہ کر اوسکے دینے والے دُراتما کا کنیان دان بے فائدہ ہے ۷۳ اہل مطلب سفر کرنے سے پہلے عورت کے کھانے پینے کا بندوبست کر دے تب پردیس کو جاوے کیونکہ بھوکھ کی شدت مین حیادار عورت بھی دوسرے آدمی کی خواہش کریگی ۷۴ کھانے پینے کا انتظام کرکے پردیس مین جانے کے بعد اوسکی استری نیم سے رہکر زندگی بسر کرے اور بدون انتظام خورو نوش کے شوہر کے سفر کرنے مین سوت کاتنے سے یا اور لائق تعریف دستکاریون سے اوقات گذاری کرے ۷۵ دھرم کارج کرنے کے واسطے استری پردیس گئے ہوئے شوہر کے حکم کی تعمیل آٹھ برس تک کرے اور ودیا پڑھنے کے واسطے پردیس گئے ہوئے شوہر کے حکم کی تعمیل چھ برس تک کرے اور روزگار وجس کو اسکی پردیس

यस्तु दोषवतीं कन्यामनाख्यायोपपादयेत् तस्य तद्वितथं कुर्य्यात्कन्यादातुर्दुरात्मनः ॥ ७३ ॥
विधाय वृत्तिम्भार्यायाः प्रवसेत्कार्यवान्नरः अवृत्तिकर्षिता हि स्त्री प्रदुष्येत्स्थितिमत्यपि ७४
विधाय प्रोषिते वृत्तिं जीवेन्नियममास्थिता प्रोषिते त्वविधायैव जीवेच्छिल्पैरगर्हितैः । ७५ ।
प्रोषिते धर्मकार्यार्थम्प्रतीक्ष्योऽष्टौ नरः समाः विद्यार्थं षड्यशोऽर्थं वा कामार्थं त्रींस्तु वत्सरान् ७६ ।
सम्वत्सरम्प्रतीक्षेत द्विषन्तीं योषितम्पतिः ऊर्द्ध्वं संवत्सरात्त्वेनां दायं हृत्वा न संवसेत् ॥ ७७ ॥
अतिक्रामेत्प्रमत्तं वा मत्तं रोगार्त्तमेव वा सा त्रीन्मासान्परित्याज्या विभूषणपरिच्छदा । ७८ ।
उन्मत्तं पतितं क्लीवमवीजं पापरोगिणम् न त्यागोऽस्ति द्विषन्त्याश्च न च दायापवर्त्तनम् ॥ ७९ ॥
मद्यपाऽसाधुवृत्ता च प्रतिकूला च या भवेत् व्याधिता वाधिवेत्तव्या हिंस्रार्थघ्नी च सर्वदा ॥ ८० ॥

گئے ہوئے شوہر کے حکم کی تعمیل تین برس تک کرے اسکے بعد شوہر کے پاس چلی جاوے ۷۶ مرد ایک سال تک برودھ کرنے والی استری کی امید کرے اسکے بعد بھی اگر برودھ کرتی رہے تو زیور وغیرہ جو دھن دیا ہے اوسکو واپس لیکر اوسکے ساتھ ترک جماع کرے مگر کھانا کپڑا دیئے جاوے ۷۷ قمار باز و نشہ باز و مریض شوہر کی بے تعظیمی جو عورت کرتی ہے اوسکو تین مہینہ تک زیور و کپڑا نہ دینا ۷۸ سودا وغیرہ سے اُنمت اپنے برن کے دھرم کو نکرنے والا مخنث بیادہ کے سبب سے بیرج رہت یا پاپ روگی ایسے شوہر سے برودھ کرنیوالی استری کو ترک کرنا مگر اوسکا دھن لینا ۷۹ شراب پینے والی بدچلن ہوگی سیوا نکرنیوالی دشمنی کرنیوالی بیادہ سے بھری ہوئی گھات کرنیوالی ہر زورہ دولت کو غنیمت بالود کرنے والی استری ہو تو دوسرا بیاہ کرنا چاہیئے ۸۰

بانجھ استری اسکی اولاد نہ جیتی ہو اور جو صرف دختر ہی کو پیدا کرتی ہو ایسی استری ہونے پر سلسلہ وار آٹھوین دسوین گیارہوین سال دوسرا بواہ کرنا چاہیئے اور بد زبان عورت ہو تو جلد دوسرا بواہ کرنا چاہیئے ۸۱ جو عورت مریض ہو لیکن خیر خواہ اور با مروت ہو تو اوسکی اجازت سے دوسرا بواہ کرنا چاہیئے مگر اوسکی بے قدری ہرگز نکرنا چاہیئے ۸۲ جب استری کے اوپر دوسرا بواہ شوہر نے کیا اور وہ استری غصہ ہو کر گھر سے نکلی جاتی ہو تو اوسکو روک کر گھر مین رکھنا خواہ کل کے روبرو ترک کرنا چاہیئے ۸۳ چھتری وغیرہ کی استری شوہر وغیرہ سے منع ہے اور شادی وغیرہ کامون مین بھی ممنوع شراب کو پیوے خواہ ناچ رنگ کے جلسہ عام مین چلی جاوے تو چھ رتی سُبرن ڈنڈ دیوے ۸۴ براہمن و چھتری و بیس یہ

वध्याष्टमेधिवेद्याब्दे दशमेतु मृतप्रजा एकादशे स्त्रीजननी सद्यस्त्वप्रियवादिनी ॥८१॥८१॥

यारोगिणी स्यात्तु हिता संपन्ना चैव शीलतः सानुज्ञाप्याधिवेत्तव्या नावमान्या च कर्हिचित् ।८२।

अधिविन्ना तु या नारी निर्गच्छेद्रुषिता गृहात् सा सद्यः सन्निरोद्धव्या त्याज्या वा कुलसन्निधौ । ८३ ।

प्रतिषिद्धापि चेद्यातु मद्यमभ्युदयेष्वपि प्रेक्षासमाजं गच्छेद्वा सा दण्ड्या कृष्णलानि षट् ॥ ८४ ॥

यदि स्वाश्च पराश्चापि विंदेरन् योषितो द्विजाः तासां वर्णक्रमेण स्याज्ज्यैष्ठ्यं पूजा च वेश्म च ॥८५॥

भर्तुः शरीर शुश्रूषां धर्मकार्यं च नैत्यकम् स्वा चैव कुर्यात्सर्वेषां नास्वजातिः कथंचन ॥ ८६ ॥

यस्तु तत्कारयेन्मोहात्सजात्या स्थितयान्यया यथा ब्राह्मणचाण्डालः पूर्वदृष्टस्तथैव सः ॥ ८७ ॥

उत्कृष्टायाभिरूपाय वराय सदृशाय च अप्राप्तामपि तां तस्मै कन्यां दद्याद्यथाविधि ।८८।

اپنے برن کی اور دوسرے برن کی استریون کا بواہ کرین تو اون استریون کے درجہ کی بڑائی اور پوجا اور گھر یہ سب بسلسلہ برن سے برہمان ہوتے ہین ۸۵ سب برنون مین جو اپنے برن کی استری ہین وہی شوہر کے ذاتی و جسمی کام و قدیم دھرم کا کام کرین دوسرے برن کی استری نکرین ۸۶ جو شخص بجہالت نہ اپنے برن کی استری کے اون دونون کامون کو دوسری برن کی استری سے کراوے تو جیسا براہمنی مین شودر سے پیدا ہوا چانڈال ہے ویسا ہی وہ ہے یہ رکھیون نے کہا ہے ۸۷ اپنے کل مین بہت اچھا آچار اور خوبصورت اور ہمقوم لڑکا ملے تب لڑکی چھوٹی بھی ہو یعنی بواہ کے لائق نہو تو بھی اوسکا بواہ شاستر کے موافق کر دینا چاہیئے + ۸۸ +

کنیان باحیض ہو کر بھی تا زیست گھر میں رہے لیکن اوس کنیان کو کبھی بے ہنر آدمی کو نہ دیوے ۸۹ تین سال تک باحیض کنیان اچھے بر یعنی شوہر کی امید کرے اسکے بعد اپنے ہی موافق
شوہر کو حاصل کرے ۹۰ والد وغیرہ شادی نہین کرتے اور کنیان آپ سے بر کو قبول کرے تو اوس کنیان اور بر کو عیب نہین ہے ۹۱ اپنی طرف سے شوہر کو قبول کرنیوالی
کنیان ماں باپ بھائی کا دیا ہوا زیور وغیرہ کو نہ لیوے اور لیوے تو چور کہاتی ہے ۹۲ باحیض کنیان کا بواہ کرنے والا جو بر ہے وہ کنیان کے والد کو کچھ شلک یعنی قیمت نہ دیوے

काममामरणात्तिष्ठेद्गृहे कन्यर्तुमत्यपि न चैवैनां प्रयच्छेत्तु गुणहीनाय कर्हिचित् ॥ ८९ ॥
त्रीणि वर्षाण्युदीक्षेत कुमार्यृतुमती सती ऊर्ध्वं तु कालादेतस्माद्विन्देत सदृशं पतिम् ॥ ९० ॥
अदीयमाना भर्त्तारमधिगच्छेद्यदि स्वयम् नैनः किंचिदवाप्नोति न च यं साधिगच्छति ॥ ९१ ॥
अलंकारं नाददीत पित्र्यं कन्या स्वयंवरा मातृकं भ्रातृदत्तं वा स्तेना स्याद्यदि तं हरेत् । ९२ ।
पित्रे न दद्याच्छुल्कं तु कन्यामृतुमतीं हरन् स हि स्वाम्यादतिक्रामेदृतूनां प्रतिरोधनात् । ९३ ।
त्रिंशद्वर्षो वहेत्कन्यां हृद्यां द्वादशवार्षिकीम् त्र्यष्टवर्षोऽष्टवर्षां वा धर्मे सीदति सत्वरः ॥ ९४ ॥
देवदत्तां पतिर्भार्यां विंदते नेच्छयात्मनः तां साध्वीं बिभृयान्नित्यं देवानां प्रियमाचरन् । ९५ ।
प्रजनार्थं स्त्रियः सृष्टाः संतानार्थं च मानवाः तस्मात्साधारणो धर्मः श्रुतौ पत्न्या सहोदितः । ९६ ।

کیونکہ اولاد کی رکاوٹ سے (یعنی اگر پہلے ہی بواہ ہوتا تو بعد فراغت حیض حمل قائم ہو جاتا پس بسبب دیری شادی کے حمل نہ رہ سکا) والد اپنی ملکیت سے چھوٹ جاتا ہے ۹۳
تیس سال کی عمر کا لڑکا اور بارہ سال کی دختر لخت جگر کا بواہ کرے خواہ چوبیس سال کا لڑکا اور آٹھ سال کی لڑکی کا بواہ کرے یہ مناسب وقت دکھایا ہے نیم نہیں ہے اتنی مدت میں بید
پڑھ سکتا ہے اسکے بعد گرہست آشرم میں آنے میں دیر نہ کرے ۹۴ دیوتاؤں کی دی ہوئی کنیان کو شوہر پاتا ہے اپنی خواہش سے نہیں اسلیے دیوتاؤں کا پوجن کرتا ہوا اوس نیک چلن استری کی ہمیشہ
پرورش کرے ۹۵ حمل رکھنے کے واسطے عورت کو اور حمل قائم کرنیکے واسطے مرد کو پیدا کیا اسلیے بید میں استری پرکھ کا سادھارن دھرم ہے یعنی استری کے ساتھ ہی شوہر اگنی ہوتر وغیرہ کرم کو کرے ۹۶

کنیان کا شلک دے کر شلک دینے والا مرجاوے تو اوسکے بھائی کے ساتھ اوس کنیان کا بواہ کرے بشرطیکہ وہ کنیان منظور کرے ۹۷ سودر بھی کنیان کو دیتا
ہوا شلک نہ لیوے اوسکے لینے سے کنیان کا پوشیدہ بیچنے والا کہاتا ہے ۹۸ ایک کو کہہ کر دوسرے کو دینا اس بات کو کسی چھوٹے بڑے نے کبھی نہین کیا ۹۹
شلک نام جو قیمت ہے اوسکو لے کر پوشیدہ کنیان کا بیچنا پہلے جنم مین بھی نہین سُنا ۱۰۰ ترک تا لب تک دونون کی جدائی نہووے یہ مجملًا پرم دھرم استری پُرکھ کا

कन्यायान्दत्तशुल्कायां म्रियते यदि शुल्कदः देवराय प्रदातव्या यदि कन्यानुमन्यते ॥ ९७ ॥
आददीत न शूद्रोऽपि शुल्कं दुहितरन्ददन् शुल्कं हि गृह्णन्कुरुते छन्नं दुहितृविक्रयम् ॥ ९८ ॥
एतत्तु न परे चक्रुर्नापरे जातु साधवः यदन्यस्य प्रतिज्ञाय पुनरन्यस्य दीयते ॥ ९९ ॥ ९९ ॥
नानुशुश्रुम जात्वेतत्पूर्वेष्वपि हि जन्मसु शुल्कसंज्ञेन मूल्येन छन्नं दुहितृविक्रयम् ।१००
अन्योन्यस्याव्यभिचारो भवेदामरणान्तिकः एषधर्म्मः समासेनज्ञेयः स्त्रीपुंसयोः परः ॥ १०१ ।
तथा नित्यं यतेयातां स्त्रीपुंसौ तु कृतक्रियौ यथा नाभिचरेतां तौ वियुक्तावितरेतरम् ॥ १०२ ॥
एष स्त्रीपुंसयोरुक्तो धर्मो वो रतिसंहितः आपद्यपत्यप्राप्तिश्च दायभागन्निबोधत ॥ १०३ ॥
ऊर्द्ध्वं पितुश्च मातुश्च समेत्य भ्रातरः समम् भजेरन्पैत्रिकं रिक्थमनीशास्ते हि जीवतोः ।१०४।

جاننا چاہیے ۱۰۱ استری پُرکھ ایسی تدبیرون سے زندگی بسر کرین جس سے باہم جُدائی نہووے ۱۰۲ استری پُرکھ کا دھرم مع محبت باہمی کے بیان کیا
اور آپت کال مین اولاد کی حاصل کرنے کو بھی بیان کیا اب بعد اسکے حصہ کی تقسیم کا بیان کرینگے ۱۰۳ مان باپ کے مرنے کے بعد سب ملکر مان باپ کی دولت
کے برابر حصہ کرین بحالت زندگی والدین سب لڑکے بمنزلہ نابالغ کے ہین ۱۰۴ +

ماں باپ کی تمام دولت کو بڑا بیٹا ہی لیوے اور چھوٹا اور منجھلا بھائی سب بڑے بھائی سے اوقات گذاری کرین جسطرح والد سے پرورش پاتے تھے ۱۰۵ بڑے بیٹے کے پیدا
ہونے سے آدمی صاحب اولاد کہلاتا ہے اور پترون کے قرضہ سے چھوٹ جاتا ہے اس لیے بڑا بیٹا سب دولت لینے کے لایق ہوتا ہے ۱۰۶ جسکے پیدا ہونے سے باپ قرضہ
کو بیباق کرتا ہے اور موکچھ یعنی نجات کو پاتا ہے وہی دھرم سے پیدا ہوا بیٹا ہے باقی سب ...ہے منو رکھون نے کہا ہے ۱۰۷ باپ کی طرح بڑا بیٹا سب بھائیون کی حفاظت
کرے اور بڑے بھائی کے پاس چھوٹے بھائی بیٹے کی طرح رہین ۱۰۸ بڑا بیٹا ہی خاندان کو ترقی دیتا ہے اور نیست نابود بھی کرتا ہے اور دنیا مین بڑی تعظیم کے لایق بڑا بیٹا ہی ہے اچھے

ज्येष्ठएवतुगृह्णीयात्पित्र्यन्धनमशेषतः शेषास्तमुपजीवेयुर्यथैवपितरन्तथा ॥१०५॥१०५॥
ज्येष्ठेनजातमात्रेणपुत्रीभवतिमानवः पितॄणामनृणश्चैवसतस्मात्सर्वमर्हति ॥१०६॥
यस्मिन्नृणंसन्नयतियेनचानंत्यमश्नुते सएवधर्मजःपुत्रः कामजानितरान्विदुः ॥१०७॥
पितेवपालयेत्पुत्रान्ज्येष्ठोभ्रातॄन्यवीयसः पुत्रवच्चापिवर्तेरन्ज्येष्ठेभ्रातरिधर्मतः ।१०८।
ज्येष्ठःकुलंवर्द्धयतिविनाशयतिवापुनः ज्येष्ठःपूज्यतमोलोकेज्येष्ठःसद्भिरगर्हितः ।१०९।
योज्येष्ठोज्येष्ठवृत्तिःस्यान्मातेवसपितेवसः अज्येष्ठवृत्तिर्यस्तुस्यात्संपूज्यस्तुबंधुवत् ।११०॥
एवंसहवसेयुर्वापृथग्वाधर्मकाम्यया पृथग्विवर्द्धतेधर्मस्तस्माद्धर्म्यापृथक्क्रिया ॥१११॥
ज्येष्ठस्यविंशउद्धारःसर्वद्रव्याच्चयद्वरम् ततोऽर्द्धंमध्यमस्यस्यात्तुरीयन्तुयवीयसः ॥११२॥

لوگون نے اوسکی برائی نہین کی ۱۰۹ جو بزرگی اختیار کرتا ہے وہ ماں باپ کے مانند ہے اور جو بزرگی نہین اختیار کرتا ہے وہ مثل بھائی کے قابل تعظیم ہے ۱۱۰ اس طریق
سے سب شامل ہوکر رہین خواہ دھرم کرنے کی خواہش سے علحدہ رہین چونکہ علحدہ رہنے سے دھرم ترقی پاتا ہے اسلیئے علحدہ رہنا دھرم سے شامل ہے ۱۱۱ تمام چیزون مین
افضل چیزین اور بیسوان حصہ بڑے بیٹے کو دیا جاوے اور میانہ کو چالیسواں حصہ اور چھوٹے کو اسیواں حصہ دیگر جو باقی رہے اوسکا حصہ برابر کرکے اور سب لیوین (شرح) ۲۰ و ۴۰ و ۸۰ ان سبھون مین سے صرف علحدہ کیا جاوے تب تقسیم حصص ہوگی ۱۱۲

بڑے وچھوٹے کو جیسا کہا ہے ویسا ہی دینا اور میانہ یعنی منجھلے بھائی کو دولت بھی سیا. قسم کی دینا چاہیے ۱۱۳ || تمام دولت مین جو دولت افضل ہے اور ہر قسم دولت مین جو دولت افضل ہے اور دسو وغیرہ جو چار پایہ ہین اون مین سے منجملہ دس چار پایہ کے ایک چار پایہ ان تینون چیزونکو بڑا بھائی لیوے لیکن اس قسم کی تقسیم کو اوسوقت جاننا جب بڑا بھائی صاحب صفت ہو اور اور سب بھائی بے صفت ہون ۱۴ || سب بھائی اپنے کرم مین مصروف ہون تو جو تقسیم اوپر کہہ آئے ہین وہ کرنا بلکہ بڑے کی تعظیم قائم رکھنے کے واسطے کچھ ایک چھوٹی چیز دینا ۱۵ || اسطرح بڑے کو اودھار نام حصہ دے کر باقیماندہ اشیاء کو برابر حصہ کرنا اور حصہ مذکور نہ دیوے تو آگے جو حصہ مقرر کرینگے وہ کرے ۱۶ || بڑا دو حصہ لیوے اوس سے چھوٹا ڈیڑھ

ज्येष्ठश्चैव कनिष्ठश्च संहरेतां यथोदितम् येन्येज्येष्ठकनिष्ठाभ्यां तेषांस्यान्मध्यमन्धनम् ॥ ११३ ॥
सर्वेषांधनजातानामाददीताग्र्यमग्रजः यच्चसातिशयंकिंचिद्दशतश्चाप्नुयाद्वरम् ॥ ११४ ॥
उद्धारोनदशस्वस्तिसम्पन्नानांस्वकर्मसु यत्किंचिदेवदेयंतुज्यायसेमानवर्द्धनम् ॥ ११५ ॥
एवंसमुद्धृतोद्धारे समानंशान्प्रकल्पयेत उद्धारेऽनुद्धृतेत्वेषामियंस्यादंशकल्पना ॥ ११६ ॥
एकाधिकंहरेज्ज्येष्ठः पुत्रोध्यर्द्धन्ततोऽनुजः अंशमंशंयवीयांसइतिधर्मोव्यवस्थितः ॥ ११७
स्वेभ्योंऽशेभ्यस्तुकन्याभ्यःप्रदद्युर्भ्रातरपृथक् स्वात्स्वादंशाच्चतुर्भागम्पतितास्युरदित्सवः ११८
अजाविकंसैकशफन्नजातुविषमंभजेत् अजाविकंतुविषमंज्येष्ठस्यैवविधीयते ॥ ११९ ॥
यवीयानज्येष्ठभार्यायांपुत्रमुत्पादयेद्यदि समस्तत्रविभागःस्यादितिधर्म्मोव्यवस्थितः १२०

حصہ لیوے سب سے چھوٹا ایک حصہ لیوے یہ دھرم کی بیوستھا ہے ۱۷ || سب بھائی علحدہ علحدہ اپنے اپنے حصہ سے چوتھا حصہ ہمشیر کو دیکہین نہ دیوین تو پتت ہوتے ہین ۱۸ || بکری بھیڑ و ایک کھروالے یعنی گھوڑا وغیرہ یہ سب طاق ہون (یعنی چار بھائی اور پانچ گھوڑے ہون) تو طاق کا حصہ نکرنا چاہیے جو باقی ہے وہ بڑا لیوے چھوٹا بھائی بڑے بھائی کی استری مین بیٹا پیدا کرے تو اوس بیٹا کے ساتھ چاچا لوگ برابر تقسیم حصہ کرین اوس بیٹے کو بڑے بھائی کے برابر حصہ دیوین یہ دھرم کی بیوستھا ہے

मनु· ३२८

افضل کو غیر افضل کرنا دھرم کے خلاف ہی پیدایش مین والد افضل ہے اسلیے دھرم سے والد کی حدمت ادا کرے ۱۲۱ ایک کی دو استری ہین اور چھوٹی استری کے پہلی لڑکا ہوا اور بڑی استری ۹
کے پیچھے ہوا پس اسمقام پر تقسیم حصہ کسطرح کرنا چاہیئے ایسی حالت مشتبہ مین تصفیہ کرنے کو اشلوک آیندہ مین کہینگے ۲۲ اسپہلی شادی کی استری مین پیچھے سے جو لڑکا پیدا ہوا ہے
وہ ایک اچھا بیل اوٹھا لیے اور بھائی اوس اچھے بیل سے چھوٹا بیل اوٹھا لیوین والدہ کی شادی کے سلسلہ سے بزرگی لڑکے کی جاننا چاہیے ۲۳ بڑی استری مین پہلے لڑکا پیدا ہوا ہو تو
پندرہ گئو اور ایک بیل لیوے اوسکے بعد چھوٹی استری مین جو لڑکے پیدا ہوئے ہین وہ اپنی والدہ کی شادی کے سلسلہ سے بزرگی کو پاکر یقیناً باقیماندہ گئوون کا حصہ کرے ۲۴ اپنی ذات

उपसर्जनंप्रधानस्यधर्मतोनोपपद्यते पिताप्रधानंप्रजनेतस्माद्धर्मेणतंभजेत् ॥ १२१ ॥
पुत्रःकनिष्ठो ज्येष्ठायांकनिष्ठायांचपूर्वजः कथन्तत्रविभागःस्यादितिचेत्संशयोभवेत १२२
एकंवृषभमुद्धारंसंहरेतसपूर्वजः ततोपरेज्येष्ठवृषास्तदूनानांस्वमातृतः ॥ १२३ ॥ १२३ ॥
ज्येष्ठस्तुजातोज्येष्ठायांहरेद्वृषभषोडश ततःस्वमातृतःशेषाभजेरन्नितिधारणा ॥ १२४ ॥
सदृशस्त्रीषुजातानाम्पुत्राणामविशेषतः नमातृतोज्येष्ठ्यमस्तिजन्मतोज्येष्ठ्यमुच्यते। १२५।
जन्मज्येष्ठेनचाह्वानंस्वब्राह्मण्यास्वपिस्मृतम् यमयोश्चैवगर्भेषुजन्मतोज्येष्ठतास्मृता ॥ १२६ ॥
अपुत्रोऽनेनविधिनासुतांकुर्वीतपुत्रिकाम् यदपत्यंभवेदस्यांतन्ममस्यात्स्वधाकरम् १२७
अनेनतुविधानेनपुराचक्रेऽथपुत्रिकाः विवृद्ध्यर्थंस्ववंशस्यस्वयंदक्षःप्रजापतिः ॥ १२८ ॥

کی استری مین جتنے لڑکے پیدا ہوئے ہین اونہین والدہ کی شادی کے حساب سے بزرگی نہین ہے بلکہ جنم کے حساب سے بزرگی ہے ۲۵ ایسا نہین کہ صرف تقسیم حصص مین جنم سے
بزرگی ہو بلکہ جو تشٹوم جگ مین اندر کے بولانے کے واسطے سوبرہمنی نام منتر پہلے پیدا ہوئے لڑکے کے نام سے کہا جاتا ہے کہ فلانے لڑکے کا باپ جگ کرتا ہے ایسا رکھون نے کہا اور جو دو لڑکے ساتھ
ہی پیدا ہوتے ہین اسمقام پر اگرچہ قیام حمل مین پہلے نطفہ سے پیچھے پیدا ہو گا اور پچھلے نطفہ سے پہلے پیدا ہو گا تاہم جو پہلے پیدا ہو گا وہی بڑا کہا دیگا ۲۶ لڑکیان دان کر وقت داماد سے ایسی صلاح کرے کہ ہمارے ۹
گھر مین سنتان نہین اس بیٹی سے جو بیٹا پیدا ہو گا جو ہمارا اسرادھ وغیرہ کرم کرنیوالا ہو گا اسطرح دختر کو بجای فرزند قرار دی ۲۷ اگلے زمانہ مین ترقی نسل کیواسطے دکچھ پرجاپت نے اسی طرح دختر کو بجای فرزند بنا یا ہے ۲۸

خوشی سے ہو اضع تمام وچھ پرجاپت نے دھرم کو دس کنیان اور کشپ رکھہ کو تیرہ کنیان اور چندرمان کو ستائیس کنیان دین ۱۲۹ جیسا اپنی آتما ہے ویسے بیٹا اور بیٹے کی برابر کنیان ہے
اسلئے آتما کے برابر کنیان کے موجود ہونے پر کسطرح دوسرا آدمی دولت کو لیوے ۱۳۰ بعد وفات والدہ کے اوسکی یوتک نام دولت جسکا بیان آگے لکھا جایگا اوسکی کماری کنیان پاتی
ہے اور جسکے بیٹا نہو اوسکا سب دھن ناتی یعنی لڑکی کا لڑکا پاتا ہے ۱۳۱ جو بیٹا نرکھتا ہو اوسکی تمام دولت ناتی پاویگا اور وہ دو پنڈ دیوے ایک والد کو اور ایک اپنے نانا کو ۱۳۲ دنیا مین پوتا اور

ददौ स दश धर्म्माय कश्यपाय त्रयोदश सोमाय राज्ञे सत्कृत्य प्रीतात्मा सप्तविंशतिम् ।१२९
यथैवात्मा तथा पुत्रः पुत्रेण दुहिता समा तस्यामात्मनि तिष्ठन्त्यां कथमन्यो धनं हरेत् १३०
मातुस्तु यौतकं यत्स्यात्कुमारीभाग एव सः दौहित्र एव च हरेदपुत्रस्याखिलन्धनम् । १३१ ।
दौहित्रो ह्यखिलं रिक्थमपुत्रस्य पितुर्हरेत् स एव दद्याद्द्वौ पिंडौ पित्रे मातामहाय च ॥ १३२ ॥
पौत्रदौहित्रयोर्लोके न विशेषोऽस्ति धर्म्मतः तयोर्हि मातापितरौ संभूतौ तस्य देहतः ॥ १३३ ॥
पुत्रिकायां कृतायां तु यदि पुत्रोऽनुजायते समस्तत्र विभागः स्याज्ज्येष्ठता नास्ति हि स्त्रियाः ॥
१३४ ॥ अपुत्रायां मृतायां तु पुत्रिकायां कथंचन धनं तत्पुत्रिकाभर्ता हरेतैवाविचारयन् ॥ १३५
अकृता वा कृता वापि यं विंदेत्सदृशात्सुतम् पौत्री मातामहस्तेन दद्यात्पिंडं हरेद्धनम् ॥ १३६ ॥

ناتی مین خصوصیت نہین ہے یعنی دونون برابر ہین کیونکہ ایک کو والد کی اور ایک کو والدہ کی پیدایش ایک ہی سے ہی ۱۳۳ لاولد آدمی کو اگر پُتر کا کرنیکے بعد یعنی لڑکی کو بجای فرزند قرار دینے کی بعد لڑکا پیدا ہو تو اوسکا مال
پر اوس لڑکی کی ساتھہ بیٹی کا حصہ برابر ہوتا ہی کیونکہ عورتونکو بزرگی نہین ہی اس سے بزرگی کا حصہ نہ پاویگی ۱۳۴ اگر پُتر کا سے لڑکا پیدا نہو اور پُتر کا مرجا تو ہوسکے مرنیکے بعد اوسکی دولت کو اوسکا شوہر لیوی اسمین کچھ
یعنی دختر بجا فرزند ۱۲
بچار نکرے ۱۳۵ بیٹی کو بیٹا کر کے مانا ہو خواہ بیٹا نمانا ہو لیکن وہ بیٹی اپنے ہمقوم شوہر سی بیٹا پیدا کرے تو وہ بیٹا اپنے نانا لاولد کی دولت لیوے اور نانا کو پنڈ دیوی اوس کرکے نانا پوتا والا کہاتا ہے ۱۳۶

فرزند کے وسیلے سے اندر لوک وغیرہ کو فتح کرتا ہے اور پوتا کے وسیلے سے بے انتہا پھل کو پاتا ہے اور پوتا کے بیٹے کے وسیلے سے سورج لوک کو پاتا ہے ۱۳۷ پت نام دوزخ کا ہے اور تر معنی محافظ
کے ہین چونکہ بیٹا والد کو دوزخ سے بچاتا ہے اسی سبب سے پتر کہاتا ہے اسکو مہری برہما جی نے کہا ہے ۱۳۸ دنیا مین پوتا و ناتی دونون برابر ہین ناتی بھی نانا کو پرلوک مین مثل پوتا کے نجات
دلاتا ہے ۱۳۹ پتریکا کا بیٹا پہلا پنڈ والدہ کو دیوے دوسرا پنڈ نانا کو تیسرا پنڈ نانا کی باپ کو دیوے ۱۴۰ دوسرے گوتر سے بھی لڑکا آیا ہوا اور بہمہ صفت موصوف ہو تو جسکا وہ متبنّٰی ہوا ہے
اوسکی تمام دولت کو پاتا ہے ۱۴۱ پیدا کرنے والے کے گوتر اور دولت کو فرزند متبنّٰی نہین پاتا بلکہ جسکا متبنّٰی ہوتا ہے اوسکے گوتر اور دولت کو پاتا ہے اور اوسکو پنڈ دیتا ہے جس سے پیدا ہوا

पुत्रेण लोकान्जयति पौत्रेणानन्त्यमश्नुते अथ पुत्रस्य पौत्रेण ब्रध्नस्याप्नोति विष्टपम् ॥ २३७ ॥
पुन्नाम्नो नरकाद्यस्मात्पितरं त्रायते सुतः तस्मात्पुत्र इति प्रोक्तः स्वयमेव स्वयंभुवा ॥ २३८ ॥
पौत्रदौहित्रयोर्लोके विशेषो नोपपद्यते दौहित्रोऽपि ह्यमुत्रैनं सन्तारयति पौत्रवत् ॥ २३९ ॥
मातुः प्रथमतः पिण्डं निर्वपेत्पुत्रिकासुतः द्वितीयन्तु पितुस्तस्यास्तृतीयं तत्पितुः पितुः । २४०
उपपन्नो गुणैः सर्वैः पुत्रो यस्य तु दत्त्रिमः स हरेतैव तद्रिक्थं संप्राप्तोऽप्यन्यगोत्रतः ॥ २४१ ॥
गोत्ररिक्थे जनयितुर्न हरेद्दत्त्रिमः सुतः गोत्ररिक्थानुगः पिण्डो व्यपैति ददतः स्वधा ॥ २४२
अनियुक्तासुतश्चैव पुत्रिण्याप्तश्च देवरात् उभौ तौ नार्हतो भागं जारजातककामजौ ॥ २४३ ॥
नियुक्तायामपि पुमान्नार्यां जातोऽविधानतः नैवार्हः पैतृकं रिक्थं पतितोत्पादितो हि सः २४४

اوسکو پنڈ نہین دیتا ۱۴۲ بیوہ عورت نے بدون حکم والد وغیرہ کے جو لڑکا دیور وغیرہ سے پیدا کیا اور کسی عورت نے بحالت عدم موجودگی فرزند باجازت سسر وغیرہ دیور وغیرہ سے لڑکا
پیدا کیا دونون قسم کے لڑکے حصہ کو نہین پاتے کیونکہ پہلا دوسرے شوہر سے پیدا ہوا ہے اور دوسرا کامے سے پیدا ہوا ہے ۱۴۳ استری سسر وغیرہ کے حکم کو پاکر خلاف
طریق سے بیٹا پیدا کرے تو وہ بیٹا باپ کی دولت کو نہین پاتا کیونکہ وہ پتت سے پیدا ہوا ہے پتت اوسکو کہتے ہین جو کہ اپنی بدفعلی سے برن کے درجہ سے گر گیا ہے ۱۴۴

جس طرح اور بیٹا دولت کو لیتا ہے اسطرح پر جو لڑکا سسر وغیرہ کے حکم سے استری نے پیدا کیا وہ بھی دولت کو لیوے کیونکہ وہ جیٹھ والے کا بیج ہے اور اوسکی پیدائش دہرم سے ہی ۱۴۵ | برادر وفات یافتہ کی دولت و استری کو جو لیوے سو اوس استری میں بیٹا پیدا کرکے اوسی بیٹے کو دولت دیوے ۱۴۶ | استری سسر وغیرہ کے حکم سے دیور خواہ دوسرے سپنڈ یعنی رشتہ دار سے بیٹا پیدا کرے اور وہ بیٹا کام سے پیدا ہوا ہے ایسا سمجھا جاوے تو دولت کو نہین پاتا اور وہ بے فایدہ پیدا ہوا ہے اسطرح رکھہ لوگ لیتے ہین ازنار درکھ سے بغیر کام سے پیدا ہونے بیٹے کی علامت یہ لکھی ہے کہ وقت جماع عورت کے مونہہ سے مونہہ نہ لگاوے اور نہ عضو سے عضو کو لگاوے صرف فرج مین آلت داخل کرنے سے جو فرزند پیدا ہو وہ فرزند ہونے کے لایق ہے جو کام سے پیدا نہین ہے برخلاف اس طریق کے پیدا ہو وہ کام سے پیدا ہوا کہا جاتا ہے ۱۴۷ | بہت سی ہمقوم عورتون مین تقسیم حصص مطابق

हरेत्तत्रनियुक्तायांजातःपुत्रोयथौरसः क्षेत्रिकस्यतुतद्बीजंधर्मतःप्रसवश्चसः ॥१४५।१४५॥
धनंयोबिभृयाद्भ्रातुर्मृतस्यस्त्रियमेवच सोपत्यंभ्रातुरुत्पाद्यदद्यात्तस्यैवतद्धनम् ॥१४६॥
यानियुक्तान्यतःपुत्रंदेवराद्वाप्यवाप्नुयात् तंकामजमरिक्थीयंवृथोत्पन्नंप्रचक्षते १४७
एतद्विधानंविज्ञेयंविभागस्यैकयोनिषु बह्वीषुचैकजातानांनानास्त्रीषुनिबोधत ॥१४८॥
ब्राह्मणस्यानुपूर्व्येणचतस्रस्तुयदिस्त्रियः तासांपुत्रेषुजातेषुविभागेऽयंविधिःस्मृतः १४९
कीनाशोगोवृषोयानमलंकारश्चवेश्मच विप्रस्यौद्धारिकंदेयमेकांशश्चप्रधानतः ॥१५०॥
त्र्यंशंदायाद्धरेद्विप्रोद्वावंशौक्षत्रियासुतः वैश्याजःसार्द्धमेवांशमंशंशूद्रासुतोहरेत् ॥१५१॥
सर्वंवारिक्थजातंतद्दशधापरिकल्प्यच धर्म्यंविभागंकुर्वीतविधिनाऽनेनधर्मवित् ॥१५२॥

مرقومہ بالا جانو اور مختلف اقوام کی بہت سی عورتون مین ایک سے پیدا ہوئے بہت بیٹون کی تقسیم حصص آگے کہینگے ۱۴۸ | سلسلہ سے چارو برن کی استریان جب براہمن کے گھر ہووین اور اون استریون سے جو بیٹے پیدا ہووین اونکے حصص کی تقسیم کے طریق کو آگے کہینگے ۱۴۹ | کھیتی کرنے والا آدمی - گئو کو حاملہ کرنے والا بیل - گھوڑا وغیرہ سواری زیور وغیرہ - گھر - کل چیزون مین سے ایک ایک افضل چیز - ان سبکو براہمنی کے بیٹے کو اودّھار نام حصہ دے کر باقیماندہ کی تقسیم اوس طریق کے موافق کرے جو آگے کہینگے ۱۵۰ | براہمن سے براہمنی استری مین جو لڑکا پیدا ہو وہ تیسرا حصہ لیوے اور چھتریا کا بیٹا دوسرا حصہ لیوے اور بیسیا کا بیٹا ڈیڑھ حصہ لیوے اور شودرا کا بیٹا ایک حصہ لیوے ۱۵۱ | خواہ جو طریق آگے کہین گے اوس کے موافق دہرم کے جاننے والے تمام دولت کے دس حصہ کرکے از روے دہرم کے تقسیم حصون کی کرے ۱۵۲ + ۱۵۲ +

برہمنی کا بیٹا چار حصہ اور چھتریا کا بیٹا تین حصہ اور بیشیا کا بیٹا دو حصہ کا لیوی شودر کا بیٹا ایک حصہ لیوے ۱۵۳ اگر برہمن و چھتری و بیش ان تینون برن کی استری مین برہمن سے بیٹا
پیدا ہوا ہو خواہ نہوا ہو لیکن از روے دھرم کے شودرا کے بیٹے کو دسوین حصہ سے زیادہ نہ دیوے ۱۵۴ برہمن و چھتری و بیش ان تینون برن کی دولت کو شودرا کا بیٹا نہین لیتا ہے اوسکا باپ
جو کچھ دیوے وہی اوسکی دولت ہے ۱۵۵ برہمن و چھتری و بیش کی ہم قوم عورت مین جو لڑکا پیدا ہو وہ بڑے کو اوڈھار نام حصہ دے کر باقیماندہ دولت کو برابر حصہ کرے ۱۵۶ شودر کیواسطے

चतुरोंशान्हरे द्विप्रस्त्रीनंशान्क्षत्रियासुतः वैश्यापुत्रोहरे द्द्यंशमंशंशूद्रासुतोहरेत ॥२५३॥
यद्यपिस्यात्तुसत्पुत्रोयद्यऽपुत्रोऽपिवाभवेत् नाधिकन्दशमाद्दद्याच्छूद्रापुत्रायधर्म्मतः २५४
ब्राह्मणक्षत्रियविशांशूद्रापुत्रोनऋक्थभाक् यदेवास्यपितादद्यात्तदेवास्यधनम्भवेत।२५५।
समवर्णासुयेजाताःसर्वेपुत्रा द्विजन्मनाम् उद्धारंज्यायसेदत्वाभजेरन्नितरेसमम ॥२५६॥
शूद्रस्यतुसवर्णैवनाऽन्याभार्याविधीयते तस्यांजाताःसमांशाःस्युर्य्यदिपुत्रशतम्भवेत२५७
पुत्रान्द्वादशयानाहनृणांस्वायंभुवोमनुः तेषांषड्बंधुदायादाःषड्दायादबांधवाः ॥२५८॥
औरसःक्षेत्रजश्चैवदत्तःकृत्रिमएवच गूढोत्पन्नोऽपविद्धश्चदायादाबांधवाश्चषट् ॥२५९॥
कानीनश्चसहोढश्चक्रीतःपौनर्भवस्तथा स्वयंदत्तश्चशौद्रश्चषडदायादबांधवाः ॥२६०॥

خاص اپنے برن کی استری ہے دوسری برن کی نہین ہے اسلئے اگر چہ سو لڑکے ہون تو بھی برابر حصہ پاتے ہین ۱۵۷ برہما جی کے بیٹے منو جی نے جو آدمیون کو بارہ طرح کے بیٹے کہے ہین اونمین اول کے چھ
بندھو و دایاد کہلاتے ہین (بندھو بھائی کو کہتے ہین اور دایاد شریک ترکہ پدری کو کہتے ہین) اور پچھلے چھ خلاف اسکے ہین یعنی نہ بھائی ہین اور نہ شریک ترکہ پدری ہین ۱۵۸ وہ بارہ یہ ہین
اورس چھیترج دتک کرترم گوڈھوتپن اپبدھ یہ چھہ دایاد بندھو کہلاتے ہین ۱۵۹ کانین سہوڈھ کریت پونربھو سویم دت شودر یہ چھہ اوایاد بندھو کہلاتے ہین ۱۶۰

خراب ناو پر چڑھ کر دریا سے پار ہونیوالا جیسا نتیجہ پاتا ہے ویساہی نتیجہ نالایق بیٹے سے ترک سے پار ہوتے ہوئے پاتا ہے ۱۶۱ جس آدمی کا تخم بیادہ وغیرہ سے فانی ہوگیا ہو اوسکی عورت
مین لاولد دیور نے والد وغیرہ کی حکم کو پاکر بیٹا پیدا کیا پھر معالجہ وغیرہ سے نطفہ کی ترقی پاکر اوس آدمی نے اپنی استری سے بیٹا پیدا کیا تب اوسکی دولت کے مالک کشیترج اور اورس نام دو بیٹے
ہوئے اوسپر منو جی نے یہ بات کہی کہ جسکے تخم سے جو پیدا ہوا ہو وہ اوسکی دولت کو پاوے ۱۶۲ ایک ہی بیٹا اورس نام والا اپنے والد کی تمام دولت کا مالک ہے وہ اور بھائیون کو رحم
سے بھوجن و کپڑا دیوے ۱۶۳ والد وغیرہ کے حکم سے لڑکا پیدا کرنیوالا صاحب اولاد ہو تو کشیترج اور اورس دونون بیٹے اپنے والد کی دولت کے چھ حصہ خواہ پانچ حصہ کرین ایک حصہ کو کشیترج لیوے

यादृशं फलमाप्नोति कुप्लवैः संतरन्जलम् तादृशं फलमाप्नोति कुपुत्रैः संतरंस्तमः । १६१ ।
यद्येकरिक्थिनौस्यातामौरसक्षेत्रजौसुतौ यस्ययत्पैतृकं रिक्थं सतद्गृह्णीत नेतरः ॥ १६२ ॥
एकएवौरसः पुत्रः पित्र्यस्य वसुनः प्रभुः शेषाणामानृशंस्यार्थं प्रदद्यात्तु प्रजीवनम् ॥ १६३ ॥
षष्ठन्तु क्षेत्रजस्यांशं प्रदद्यात्पैतृकाद्धनात् औरसो विभजन्दायं पित्र्यं पंचममेव वा ॥ १६४ ॥
औरसक्षेत्रजौ पुत्रौ पितृरिक्थस्य भागिनौ दशापरे तु क्रमशो गोत्ररिक्थांशभागिनः ॥ १६५ ॥
स्वक्षेत्रे संस्कृतायां तु स्वयमुत्पादयेद्धियम् तमौरसं विजानीयात्पुत्रं प्रथमकल्पितम् ॥ १६६ ॥
यस्तल्पजः प्रमीतस्य क्लीबस्य व्याधितस्य वा स्वधर्मेण नियुक्तायां स पुत्रः क्षेत्रजः स्मृतः । १६७ ।
माता पिता वा दद्यातां यमद्भिः पुत्रमापदि सदृशं प्रीतिसंयुक्तं स ज्ञेयो दत्त्रिमः सुतः ॥ १६८ ॥

باقیماندہ دولت کو اورس لیوے اگر کشیترج صاحب صفت ہو تو دولت کے پانچ حصہ کرنا چاہیے اور بیہودہ بے صفت ہو تو چھ حصہ کرنا چاہیے ۱۶۴ کشیترج اور اورس یہ دونون والد کی دولت کو لے
سکتے ہین باقیماندہ جو دس بیٹے ہین وہ گوتر اور دولت دونونکو سلسلہ سے لینے والے ہین ۱۶۵ جو اپنی بیاہتا استری سے بیٹا پیدا ہو وہ اورس نام بیٹا کہاتا ہے وہ بیٹا سب بیٹون سے افضل ہے
۱۶۶ مخنث و بیمار و یا وفات یافتہ اس قسم کے آدمیون کی استری مین از روے دھرم والد وغیرہ کے حکم سے دیور وغیرہ نے جو بیٹا پیدا کیا وہ چھیترج کہاتا ہے ۱۶۷+
ماباپ اپت کال مین آپ اپنی ہم قوم بیٹے کو جل سے یعنی سنکلپ کرکے براہ محبت دیوین سو لیپا د تک یعنی متبنی کہاتا ہے
+ ۱۶۸ + ۱۶۸ + ۱۶۸ + ۱۶۸

جو لڑکا ہم قوم اور عیب و ہنر کو جاننے والا اور بیٹون کی صفتون سے بھرا ہوا ہے اوسکو اپنا بیٹا بناوے وہ بیٹا کرترم کہاتا ہے ۱۶۹ گھر مین پیدا ہوا اور یہ نہین معلوم کہ کسکے تخم سے پیدا ہوا سو جسکی عورت سے پیدا ہوا اوسکا گوڈھ اُتپن نام بیٹا کہاتا ہے ۱۷۰ مان باپ دونون نے خواہ ایک نے جس لڑکے کو ترک کیا اوس بیٹے کو دوسرے نے اپنا بیٹا کیا تو وہ بیٹا لینے والے کا بیٹا اپ بدہ نام کہاتا ہے ۱۷۱ بدون شادی ہوئے کنیان نے خانہ والد خلوت مین جس لڑکے کو پیدا کیا وہ لڑکا اوس کنیان سے شادی کرنے والے کا کانین نام بیٹا کہاتا ہے ۱۷۲ کنیان حاملہ ہے اور سب کوئی جانتا ہے خواہ کوئی نہین جانتا ہے اور اوس کنیان کی شادی ہوا اور بعد شادی کے اوسی حمل سے لڑکا پیدا ہو تو وہ لڑکا شادی کرنی

सदृशंतुप्रकुर्य्याद्यंगुणदोषविचक्षणम् पुत्रंपुत्रगुणैर्युक्तं सविज्ञेयश्चकृत्रिमः ॥ १६९ ॥

उत्पद्यतेगृहेयस्यनचज्ञायेतकस्यसः सगृहेगूढउत्पन्नस्तस्यस्याद्यस्यतल्पजः ॥ १७० ॥

मातापितृभ्यामुत्सृष्टंतयोरन्यतरेणवा यंपुत्रंपरिगृह्णीयादपविद्धः सउच्यते ॥ १७१ ॥

पितृवेश्मनिकन्यातुयंपुत्रंजनयेद्रहः तंकानीनंवदेन्नाम्नावोढुःकन्यासमुद्भवम् ॥ १७२

यागर्भिणीसंस्क्रियतेज्ञाताऽज्ञाताऽपिवासती वोढुःसगर्भोभवतिसहोढइतिचोच्यते ॥ १७३

क्रीणीयाद्यस्त्वपत्यार्थंमातापित्रोर्यमंतिकात् सक्रीतकःसुतस्तस्यसदृशोऽसदृशोपिवा ॥ १७४ ॥

यापत्यावापरित्यक्ताविधवावास्वयेच्छया उत्पादयेत्पुनर्भूत्वासपौनर्भवउच्यते ॥ १७५ ॥

साचेदक्षतयोनिःस्याद्गतप्रत्यागतापिवा पौनर्भवेनभर्त्रासापुनःसंस्कारमर्हति ॥ १७६ ॥

والے کا سہوڑ نام بیٹا کہاتا ہے ۱۷۳ جس لڑکے کو مان باپ سے فرزند بنانے کے واسطے خرید کرین اور وہ لڑکا اپنے برابر صفت رکھتا ہو خواہ اپنی صفت کے خلاف ہو کر وہ مثل اپنے ہو وہ خرید نے والے کا کریت نام بیٹا کہاتا ہے ۱۷۴ جس عورت نے شوہر کو ترک کر دیا خواہ زن عقیمہ اپنی خواہش سے دوسرے آدمی کی استری ہو کر اوس آدمی سے بیٹا پیدا کرے تو وہ لڑکا پیدا کرنے والے کا پونربھو نام بیٹا کہاتا ہے ۱۷۵ جو عورت بواہتا ہے یعنی اوسکی شادی ہو گئی ہے مگر اوس سے جماع نہین ہوا وہ دوسرے شوہر کی پناہ مین جاوے تو اوس آدمی کی ساتھ پھر شادی کی لائق ہوتی ہے خواہ کوار شوہر کو چھوڑ کر دوسرے شوہر کی پناہ لیکر بشرطیکہ جماع سے محفوظ ہے ہو پھر کوار شوہر کی پناہ لیوے تو پھر اوسکی ساتھ بواہ کے لائق

جب لڑکے کے ماں باپ مرگئے ہوں یا بلا سبب ماں باپ نے اوسکو ترک کردیا ہو وہ لڑکا اپنے کو آپ جسکو دیوے وہ اوسکا سویم دت نام بیٹا کہاتا ہے ۱۷۷ کام یعنی شہوت و محبت کے غلبہ سے شادی کی ہوئی سودر برن کی استری مین جو لڑکا پیدا ہوا وہ زندہ ہی مردہ ہے اسلیے وہ لڑکا براہمن کا سودر خواہ پارشو نام بیٹا کہاتا ہے ۱۷۸ داسی خواہ داسی کی داسی مین سودر سے جو لڑکا پیدا ہو وہ والد کے حکم سے حصہ کو پاتا ہے یہ دھرم بیوستھا کو پراپت ہے یعنی دھرم مین داخل ہے ۱۷۹ جو گیارہ بیٹا کشیترج وغیرہ ہین اونکو پنڈتون نے بدین لحاظ کہ پنڈدان وغیرہ کریاؤن کا لوپ یعنی نہ ہو ان کی مقام پر بجاے فرزند مقیم کہا ہے ۱۸۰ دوسرے کے

मातापितृविहीनोयस्त्यक्तोवास्यादकारणात आत्मानंस्पर्शयेद्यस्मैस्वयंदत्तस्तुसस्मृतः। १७७
यंब्राह्मणस्तुशूद्रायांकामादुत्पादयेत्सुतम सपारयन्नेवशवस्तस्मात्पारशवःस्मृतः। १७८
दास्यांवादासदास्यांवायःशूद्रस्यसुतोभवेत सोनुज्ञातोहरेदंशमितिधर्म्मोव्यवस्थितः। १७९
क्षेत्रजादीन्सुतानेतानेकादशयथोदितान पुत्रप्रतिनिधीनाहुःक्रियालोपान्मनीषिणः। १८०
यएतेभिहिताःपुत्राःप्रसङ्गादन्यबीजजाः यस्यतेबीजतोजातास्तस्यतेनेतरस्यतु॥ १८१॥
भ्रातृणामेकजातानामेकश्चेत्पुत्रवान्भवेत सर्वांस्तांस्तेनपुत्रेणपत्रिणोमनुरब्रवीत॥ १८२॥
सर्व्वासामेकपत्नीनामेकाचेत्पुत्रिणीभवेत सर्व्वास्तास्तेनपुत्रेणप्राहपुत्रवतीर्म्मनुः॥ १८३॥
श्रेयसःश्रेयसोऽलाभेपापीयान्रिक्थमर्हति बहवश्चेत्तुसदृशाःसर्वेरिक्थस्यभागिनः॥ १८४॥

تخم سے جو لڑکے پیدا ہوئی کہتی ہین وے سب بحالت موجودگی اورس نام بیٹے کے ہین ورنہ جو جسکے تخم سے پیدا ہوتا ہے اوسی کا بیٹا کہاتا ہے دوسرے کا نہین ۱۸۱ ایک سے پیدا ہوے چار پانچ بھائیون مین ایک بھائی بھی پتر دان ہو تو اوسکے ہونے سے سب بھائی پتر دان کہاتے ہین اس بات کو منو جی نے کہا ہے ۱۸۲ ایک آدمی کے چار پانچ استری ہین اون سب مین ایک صاحب پتر وان ہو تو اوسکے ہونے سے سب استری پتروان کہاتی ہین اس بات کو منو جی نے کہا ہے ۱۸۳ بارہ طرح کے بیٹون مین بحالت نہونے اول اول کے دوسرے دوسرے دولت کو پاتے ہین اگر بہت بیٹے جفت ہون تو دولت کو بھی جفت پاتے ہین ۱۸۴

باپ اور بہائی دولت کو نہیں پاتے بلکہ بیٹا ہی دولت کو پاتا ہے بیٹا نہو تو باپ اور بہائی دولت کو پاتے ہین ۱۸۵ باپ اور دادا و پردادا ان تینونکو پینڈو جل دینا
چاہیے چوتہا دینے والا ہے پانچوان کوئی نہین ہے ۱۸۶ اسپنڈ یعنی ساتہہ پرش مین مردہ آدمی کا جو قریب ہو وہ دولت کو پاتا ہی دولت کو پاتا ہے جو سپنڈ نہو تو سات
پرش کے اوپر والا دولت کو پاتا ہے اگر وہ بہی جو نہو آچارج دولت کو پاتا ہے آچارج کے نہونے مین شاگرد دولت کو پاتا ہے ۱۸۷ یہ سب نہون تو تینون بید کے پڑہنے
والے اور جو اس کو فہم کرنیوالے صاحب اولاد براہمن لوگ دولت کو پاتے ہین اس ریت سے دہرم فانی نہین ہوتا ۱۸۸ راجہ براہمن کی دولت کو کبہی نہ لیوے مگر دیگر برنون کی

नभ्रातरोनपितरः पुत्राऋक्थहराःपितुः पिताहरेदपुत्रस्यऋक्थंभ्रातरएववच ॥ १८५ ॥
त्रयाणामुदकंकार्यंत्रिषुपिण्डःप्रवर्त्तते चतुर्थःसंप्रदातैषांपंचमोनोपपद्यते ॥ १८६ ॥
अनन्तरस्सपिण्डाद्यस्तस्यतस्यधनंभवेत् अतऊर्द्धंसकुल्यःस्यादाचार्यःशिष्यएववा १८७
सर्वेषामप्यभावेतुब्राह्मणाऋक्थभागिनः त्रैविद्याशुचयोदान्तास्तथाधर्मोनहीयते १८८
अहार्य्यंब्राह्मणद्रव्यंराज्ञानित्यमितिस्थितिः इतरेषान्तुवर्णानांसर्वाभावेहरेन्नृपः ॥ १८९ ॥
संस्थितस्यानपत्यस्यसगोत्रात्पुत्रमाहरेत् तत्रयद्दृक्थजातंस्यात्तत्तस्मिन्प्रतिपादयेत् ॥ १९० ॥
द्वौतुयौविवदेयातांद्वाभ्यांजातौस्त्रियाधने तयोर्यद्यस्यपित्र्यंस्यात्स्तद्गृह्णीतनेतरः ॥ १९१ ॥
जनन्यांसंस्थितायांतुसमंसर्वेसहोदराः भजेरन्मातृकंरिक्थंभगिन्यश्चसनाभयः ॥ १९२ ॥

دولت کو بحالت عدم موجودگی اونکے فرزند وغیرہ مرقومہ بالا کے لے لیوے ۱۸۹ بعد وفات لاولد آدمی کے اوسکی استری مطابق حکم سسر وغیرہ کے اپنی گوتر کی آدمی سے پیدا کری تو اوس
بیٹے کو سب دولت دیوے ۱۹۰ ایک عورت کے دو مرد سے دو لڑکے پیدا ہون اور والدہ کی دولت کیواسطے بحث و تکرار کرتے ہون تو جسکے والد نے جو دولت اوس استری کو دی ہووے
دولت وہی پاوے دوسرا نپاوے ۱۹۱ بعد وفات والدہ کے سب برادر حقیقی و کماری ہمشیرہ برابر حصہ کر کے والدہ کی دولت کو لیوین + ۱۹۲ + ۱۹۲ +

والدہ کی دولت کو کنیاں پاوے اور کنیاؤں کی کنیاں کو بھی نانی کی دولت میں سے کچھ ازروے محبت دیوے ۱۹۳ وقت شادی کے اگن کے روبرو والد وغیرہ نے جو دھن دیا ہو اور
رخصت کے وقت جو دھن دیا جاتا ہے خوشی دل سے جو شوہر دیتا ہے بھائی نے جو دیا ہو والد نے جو دیا ہو والدہ نے جو دیا ہو یہ چھ قسم کے دھن استری کے ہیں یہ رکھو جے کہا
۱۹۴ خوش ہو کر شوہر نے جو دیا بعد شادی کے خاندان شوہر سے جو حاصل ہوا ہو ان دونوں دھن کو بعد وفات اوس استری کے اوسکے بیٹے لیوین ۱۹۵ براہم دیو ارکھ گاندھرب
پراجاپت ان پانچوں بواہ میں جو کچھ استری کو ملا اوسکو بعد وفات اوس لاولد استری کے اوسکا شوہر پاتا ہے ۱۹۶ آسر پیشاچ راچھس ان تین قسم کی شادیوں میں جو دھن استری کو

यास्तासांस्युर्दुहितरस्तासामपियथार्हतः मातामह्याधनात्किंचित्प्रदेयंप्रीतिपूर्वकम् १९३
अध्यग्न्यध्यावाहनिकंदत्तंचप्रीतिकर्मणि भ्रातृमातृपितृप्राप्तंषड्विधंस्त्रीधनंस्मृतम् १९४
अन्वाधेयंचयद्दत्तंपत्याप्रीतेनचैवयत् पत्यौजीवतिवृत्तायाःप्रजायास्तद्धनंभवेत् ॥ १९५ ।
ब्राह्मदैवार्षगांधर्वप्राजापत्येषुयद्वसु अप्रजायामतीतायांभर्तुरेवतदिष्यते ॥ १९६ ॥ १९६ ॥
यत्त्वस्याःस्याद्धनंदत्तंविवाहेष्वासुरादिषु अप्रजायामतीतायांमातापित्रोस्तदिष्यते ॥ १९७
स्त्रियांतुयद्भवेद्वित्तंपित्रादत्तंकथंचन ब्राह्मणीतद्धरेत्कन्यातदपत्यस्यवाभवेत् ॥ १९८ ॥
ननिर्हारंस्त्रियःकुर्य्युःकुटुम्बाद्बहुमध्यगात् स्वकादपिचवित्ताद्धिस्वस्यभर्तुरनाज्ञया । १९९
पत्यौजीवतियःस्त्रीभिरलंकारोधृतोभवेत् . नतम्भजेरन्दायादाभजमानाःपतंतिते ॥ २० ॥

ملا اور بعد وفات لاولد استری کے اوسکو ماں باپ ہی پاتے ہیں شوہر نہیں پاتا ہے ۱۹۷ براہمن کے گھر میں چاروں برن کی استری بیاہتا ہوں یعنی شادی کی ہوئی ہوں اور میں براہمنی کنیاں رکھتی ہو
اور اور برنوں کی استریاں لاولد و بیوہ ہوں اور اونکو کسیطرح والد نے دھن دیا ہو اوس دھن کو بعد وفات اون استریوں کے براہمنی کی کنیاں پاوے اگر کنیاں نہو تو اوسکا بیٹا پاوے
۱۹۸ برادر وغیرہ بہت لوگوں کا جو سادھارن دھن ہے اوسکو استری وغیرہ واسطے زیور کے نہ لیویں اور بدون اجازت شوہر کے شوہر کا دیا ہوا دھن بھی نہ لیویں اس سے
یہ بات بھی ثابت ہوئی کہ یہ استریوں کے دھن نہیں ہیں ۱۹۹ استری نے بحالت زندگی شوہر کے جو زیور زیب بدن کیا ہے اوسکو حصہ لینے والے تقسیم کریں تو پتت ہوتے ہیں ۲۰۰

مخنث پتت جنم کا اندھا بہرا بیادہ وغیرہ سے پیدا ہوا بیقرار دل گونگا کوئی اندری نہ رکھنے والا ایسے جو شخص ہیں یہ سب حصہ کو نہین پاتے ۲۰۱ ان سب کو حسب مقدور
کھانا کپڑا تا زیست اونکے دیوے وہ شخص جو حصہ لینے والا اور شاستردان ہے اگر نہ دیوے تو پتت ہوتا ہے ۲۰۲ مخنث وغیرہ کو شادی کرنے کی خواہش ہو تو شادی کرکے
حسب لیاقت اوس استری مین بیٹا پیدا کرا کے اوس بیٹے کو حصہ دیوے ۲۰۳ بعد وفات والد کے بڑا بھائی قبل تقسیم شراکت کے کچھ دھن جمع کرے تو اوسمین سے
سب چھوٹے بھائی پاوین بشرطیکہ صاحب علم ہون ۲۰۴ جملہ برادران بے علم کی محنت سے دھن جمع ہووے تو اوسمین برابر حصہ کرنا چاہیئے وہ دھن والد کا نہین ہے یہ شاستر

अनंशौ क्लीवपतितौ जात्यंधवधिरौ तथा उन्मत्तजडमूकाश्च येच केचिन्निरिंद्रियाः ॥ २०१ ॥
सर्वेषामपि तु न्याय्यं दातुं शक्त्या मनीषिणा ग्रासाच्छादनमत्यंतं पतितोह्यददद्भवेत् । २०२ ।
यद्यर्थिता तु दारैः स्यात्क्लीवादीनां कथंचन तेषामुत्पन्नतंतूनामपत्यं दायमर्हति ॥ २०३ ॥
यत्किंचित्पितरि प्रेते धनं ज्येष्ठोधिगच्छति भागोयवीयसां तत्र यदि विद्यानुपालिनः ॥ २०४ ॥
अविद्यानां तु सर्वेषामीहातश्चेद्धनं भवेत् समस्तत्र विभागः स्यादपित्र्य इति धारणा ॥ २०५ ॥
विद्याधनन्तु यद्यस्य तत्तस्यैव धनम्भवेत् मैत्रमौद्वाहिकं चैव माधुपर्किकमेव च ॥ २०६ ॥
भ्रातॄणां यस्तु नेहेत धनं शक्तः स्वकर्म्मणा स निर्भाज्यः स्वकादंशात्किंचिद्दत्वोपजीवनम् २०७
अनुपघ्नन्पितृद्रव्यं श्रमेण यदुपार्ज्जितम् स्वयमीहितलब्धन्तन्नाकामोदातुमर्हति ॥ २०८ ॥

کا نسچے ہے ۲۰۵ علم و دوستی و بیاہ و مدھوپرک اونکے وسیلے سے جو دھن ملے اوسمین کسی کا حصہ نہین ہے جو جمع کرے وہی لیوے ۲۰۶ سب بھائیون مین جو بھائی اپنے کام مین ہشیار
ہے اور والد کے دھن کے لینے کی خواہش نہین کرتا ہے اوسکو اپنے حصہ سے کچھ دے کر لاحصہ کرنا چاہیئے کیونکہ اوسکے لڑکے پیچھے سے تکرار نہ کرین کہ ہمارے
والد نے حصہ نہین لیا ہے ہمکو حصہ دو ۲۰۷ والد کا روپیہ ضائع نہ ہو یعنی خرچ نہو اور اپنی محنت سے جو دولت فراہم کرے اوسکو اگر اپنی
مرضی نہو تو بھائیون کو نہ دیوے یعنے اوس دولت مین سے بھائیون کو حصہ نہ دیوے + ۲۰۸ + ۲۰۸ +

والد کی دولت کو کسی نے چھین لیا اور والد نے اوسکو واپس نہ پایا ہو اور بیٹا اوس دولت کو اپنی محنت سے وصول کرے تو اوسکا حصہ اپنے بیٹون کو نہ دیکر اور خواہش نہو تو دیوے کیونکہ وہ دولت
اپنی کوشش اور پیروی سے آئی ہے پتامہ کی نہین ہے ۲۰۹ ایک دفعہ تقسیم حصص ہو گئی ہو پھر اپنی خواہش سے شامل ہو کر رہین اور پھر تقسیم حصص کرین تو برادر
کلان کو وہ حصہ نہ دیوین جو کہ اوسکی بزرگی کی باعث سے تقسیم دل مین دیا جاتا ہے ۲۱۰ بھائیون مین بڑا بھائی خواہ چھوٹا بھائی تقسیم حصہ کے وقت بوجہ سنیاس وغیرہ
دھارن کرنے کے اپنے حصہ سے محروم ہو یا فوت ہو گیا ہو تو اوسکے حصہ کو غائب نہ کرنا چاہیے بلکہ اوسکا حصہ بھی علیحدہ کرنا مناسب ہے ۲۱۱ اوس حصہ کو سب بھائی اور بہن ملکر

पैतृकं तु पिता द्रव्यमनवाप्तं यदाप्नुयात् नतत्पुत्रैर्भजेत्सार्द्धमकामः स्वयमर्ज्जितम् ॥२०९॥
विभक्ताः सह जीवन्तो विभजेरन्पुनर्यदि समस्तत्र विभागः स्याज्ज्यैष्ठ्यन्तत्र न विद्यते ॥२१०॥
येषां ज्येष्ठः कनिष्ठो वा हीयेतांशप्रदानतः म्रियेतान्यतरो वापि तस्य भागो न लुप्यते ॥२११॥
सोदर्य्या विभजेरंस्तं समेत्य सहिताः समम् भ्रातरो ये च संसृष्टा भगिन्यश्च सनाभयः ॥२१२॥
योज्येष्ठो विनिकुर्वीत लोभाद्भ्रातॄन्यवीयसः सोऽज्येष्ठः स्यादभागश्च नियन्तव्यश्च राजभिः ॥
२१३॥ सर्व एव विकर्म्मस्था नार्हन्ति भ्रातरो धनम् न चादत्त्वा कनिष्ठेभ्यो ज्येष्ठः कुर्वीत यौतकम् ॥
२१४॥ भ्रातॄणामविभक्तानां यद्युत्थानं भवेत्सह नपुत्रभागं विषमं पिता दद्यात्कथञ्चन ॥२१५॥
ऊर्द्ध्वं विभागाज्जातस्तु पित्र्यमेव हरेद्धनम् संसृष्टास्तेन वा ये स्युर्विभजेत स तैः सह ॥२१६॥

بانٹ لیوین ۲۱۲ جو بڑا بھائی لوبھ سے چھوٹے بھائیون کو حصہ نہ دیوے وہ بڑا بھائی نہین کہلاتا ہے اور راجہ سے ونڈ کو پاتا ہے ۲۱۳ اگر سب بھائی بے فائدہ
کامون مین مشغول رہین تو دولت کو نہین پاتے بڑا بھائی سب دولت کو چھوٹے بھائی کو دیئے بنا صرف اپنے ہی قبضہ مین نہ کرے ۲۱۴ سب بھائی ملکر دولت
کو جمع کرین تو والد کو مناسب ہے کہ وقت تقسیم کے طاق حصہ نہ کرے یعنی سب کو برابر حصہ دیوے ۲۱۵ والد نے اپنے بیٹون سے علیحدہ ہو کر پھر بیٹا پیدا کیا
تو وہ لڑکا صرف والد ہی کا دھن پاتا ہے اور اوسکے ساتھ پہلے علیحدہ ہوئے بھائی شامل ہوئے ہون تو اونکے ساتھ بعد تقسیم حصص جو لڑکا پیدا ہوا ہے وہ تقسیم حصص کرے ۲۱۶

اگر بیٹا لا ولد ہو تو اوسکا دھن اوسکی والدہ لیوے والدہ بھی نہو تو دادی لیوے ۲۱۷ بعد تقسیم دولت و قرضہ کے موافق طریقہ شاستر کے جو کچھ دھن دیکھے
مین آوے اوسکا حصہ برابر کرین ۲۱۸ پارچہ سواری زیور لڈو ستو کنوان وغیرہ غلام و کنیزک منشیر پروہت وغیرہ گئو وغیرہ چارپایون کے آنے جانے
کی راہ ان سبھون کا حصہ نکرنا اپنے کام کے موافق سب کوئی لیوین ۲۱۹ بھرگ جی کہتے ہین کہ اے رکھ لوگون چھتری وغیرہ بیٹون کی تقسیم حصص۔

अनपत्यस्य पुत्रस्य माता दायमवाप्नुयात् मातर्यपि च वृत्तायां पितुर्माता हरेद्धनम् ॥२१७
ऋणे धने च सर्वस्मिन्प्रविभक्ते यथाविधि पश्चाद्दृश्येत यत्किंचित्तत्सर्वं समतां नयेत् ॥२१८
वस्त्रं पत्रमलङ्कारं कृतान्नमुदकं स्त्रियः योगक्षेमप्रचारञ्च न विभाज्यम्प्रचक्षते ॥ २१९ ॥
अयमुक्तो विभागो वः पुत्राणाञ्च क्रियाविधिः क्रमशः क्षेत्रजादीनां द्यूतधर्म्मन्निबोधत २२०।
द्यूतं समाह्वयञ्चैव राजा राष्ट्रान्निवारयेत् राजान्तकरणावेतौ द्वौ दोषौ पृथिवीक्षिताम् ॥ २२१ ॥
प्रकाशमेतत्तास्कर्य्यं यद्देवनसमाह्वयौ तयोर्न्नित्यंप्रतीघाते नृपतिर्यत्नवान्भवेत् ॥ २२२ ॥
अप्राणिभिर्यत्क्रियते तल्लोके द्यूतमुच्यते प्राणिभिः क्रियमाणस्तु स विज्ञेयः समाह्वयः २२३
द्यूतं समाह्वयं चैव यः कुर्य्यात्कारयेत वा तान्सर्वान्घातयेद्राजा शूद्रांश्च द्विजलिङ्गिनः ॥२२४।

اب لوگون سے کہا اسکے بعد قمار بازی کو بیان کرینگے ۲۲۰ دیوت اور سماہوے نام قمار بازیون کو راجہ اپنی راج مین نہ ہونے دے یہ دونون راج
کو نیست نابود کرنیوالی ہین ۲۲۱ یہ دونون ظاہر چوری ہین اسواسطے ان دونون کی مٹانے کی تدبیر مین رہے ۲۲۲ بیجان چیز پانسہ وغیرہ سے داؤ لگاکی بازی کرنا دیوک کہاتا ہے اور جاندار چیز مثل بھیڑ و بھینس
و گھوڑا سے داؤ لگاکر بازی کرنا سماہو کہاتا ہے ۲۲۳ ان دونونکو جو کرے اور کراوے اوسکو اور جو سودر کہ براہمن و چھتری دیس کے نشان کو دھارن کرنیوالا ہے اوسکو راجہ فانی کرے
۲۲۴

قماربازرقاص گانے والا سب سے دشمنی کرنے والا پاکھنڈی ناکارہ کام کرنے والا شراب بنانے والا ان سبکو راجہ جلد شہر سے باہر نکال دیوے ۲۲۵
یہ سب چھپے ہوئے چور ہین کھوٹے کامون سے اچھی رعایا کو دکھ دیتے ہین ۲۲۶ بڑی دشمنی کرنے والا قمار ہی ہے یہ زمانہ سابق مین تجربہ کیا گیا اسواسطے عقلمند
آدمی ہنسی کے طور پر بھی اوسکا استعمال نکرے ۲۲۷ چوری سے یا بظاہر قماربازی کرنے والے آدمیون کو راجہ جس سزا کے دینے کی خواہش کرے وہی دنڈ دیوے

कितवान कुशीलवान् क्रूरान पाषंडस्थांश्चमानवान विकर्मस्थान शौंडिकांश्च क्षिप्रन्निर्वासये
त्पुरात् २२५ एते राष्ट्रे वर्त्तमानाराज्ञःप्रच्छन्नतस्कराः विकर्म्मक्रियया नित्यं बाधन्ते भद्रिकाः
प्रजाः २२६ द्यूतमेतत्पुराकल्पेदृष्टंवैरकरंमहत् तस्मातद्यूतंनसेवेतहास्यार्थमपिबुद्धिमान २२७
प्रच्छन्नम्वाप्रकाशम्वातन्निषेवेतयोनरः तस्यदण्डविकल्पःस्याद्यथेष्टंनृपतेस्तथा । २२८ ।
क्षत्रविट्शूद्रयोनिस्तुदण्डन्दातुमशक्नुवन आनृण्यंकर्म्मणागच्छेद्विप्रोदद्याच्छनैश्शनैः ॥
२२९ स्त्रीबालोन्मत्तवृद्धानांदरिद्राणांचरोगिणाम शिफाविदलरज्ज्वाद्यैर्विदध्यान्नृपतिर्द्दमम २३०
येनियुक्तास्तुकार्य्येषुहन्युःकार्य्याणिकार्य्यिणाम धनोष्मणापच्यमानास्तान्निस्वान्कारयेन्नृपः
२३१ कूटशासनकर्तॄंश्चप्रकृतीनांचदूषकान् स्त्रीबालब्राह्मणघ्नांश्चहन्याद्द्विट्सेविनस्तथा ॥२३२॥

۲۲۸ چھتری ویش شودر یہ سب اون دینے کی طاقت نہ رکھتے ہون تو کام کرکے تاوان شکل قرضہ سے خلاصی پادین اور براہمن تو آہستہ آہستہ دیوے کام نکرے ۲۲۹ استری
بالک بوڑھا انت سفلس بیمار انکو بانس وغیرہ کی چھڑی سے مارنا اور رسی سے باندھنا ان سزاؤنکو راجہ دیوے ۲۳۰ کام کرانیکے واسطے محکوم آدمی کام والیکے کام کا نقصان کرین تو اوسکا
سب دھن راجہ لیوے ۲۳۱ جو آدمی راجہ کے حکم سے خلاف کام کرنیوالے ہین و محصول سرکاری کو نقصان و عیب پہونچانیوالے ہین استری و براہمن و بالک کو مارنیوالے ہین اور دشمن کی خدمتگاری کرنیوالے ہین راجہ انکو

جب نظام پر کسی مقدمہ میں ازروے دھرم جو حکم اخیر ظاہر کنندہ سزا ہوگیا ہو اوسکو منظور کرے اور پھر اوسکو دوسری طرح نکرے ۲۳۳ لیکن وزیر و منصف بسبب حرص وغیرہ
کو خلاف فیصلہ کریں اوسکو راجہ آپ دیکھے اور راجہ کو وقت تا معطلے اونکو فیصلہ انصاف سے خلاف معلوم ہو تو راجہ اونہوں سے ہزار پن ڈنڈ لیوے ۲۳۴
براہمن کو مارنے والا شراب پینے والا براہمن کا سونا بقدر ۱۶ ماشے چرانے والا اپنی گرو کی استری سے جماع کرنے والا یہ چارو علیحدہ علیحدہ بڑے پاپی کہلاتے ہیں
۲۳۵ یہ چاروں پراشچت نکریں تو مع دولت سزا بدنی مرقومہ ذیل اونکو دینا چاہیئے ۲۳۶ گرو استری سے جماع کرنے والا شراب پینے والا براہمن کا مارنے والا

तीरितञ्चानुशिष्टंच यत्र क्वचन यद्भवेत् कृतं तद्धर्मतो विद्यान्न तद्भूयो निवर्त्तयेत् ॥ २३३ ॥ २३३ ॥
अमात्याः प्राड्विवाको वा यत्कुर्युः कार्य्यमन्यथा तत्स्वयं नृपतिः कुर्य्यात्तान्सहस्रञ्च दण्ड-
येत् २३४ ब्रह्महा चैव सुरापी च स्तेयी च गुरुतल्पगः एते सर्वे पृथग्ज्ञेया महापातकिनो नराः ॥ २३५ ॥
चतुर्णामपि चैतेषां प्रायश्चित्तमकुर्वताम् शारीरं धनसंयुक्तं दण्डं धर्म्यं प्रकल्पयेत् । २३६
गुरुतल्पे भगः कार्यः सुरापाने सुराध्वजः स्तेये च श्वपदं कार्य्यं ब्रह्महण्यशिराः पुमान् । २३७
असंभोज्या ह्यसंयाज्या असंपाठ्या विवाहिनः चरेयुः पृथिवीं दीनाः सर्वधर्मबहिष्कृताः । २३८
ज्ञातिसंबन्धिभिस्त्वेते त्यक्तव्याः कृतलक्षणाः निर्दया निर्नमस्कारास्तन्मनोरनुशासनम् २३९
प्रायश्चित्तं तु कुर्वाणाः सर्ववर्णा यथोदितम् नाङ्क्या राज्ञा ललाटे स्युर्दाप्यास्तूत्तमसाहसम् ॥ २४० ॥

سونا چرانے والا براہمن کو مارنے والا ان چاروں کی پیشانی پر حسب سلسلہ نشانات مرقومہ ذیل کرنا چاہیئے فرج کی صورت ونیک بھیالی صورت کتہ کی پانوں کی صورت بے سر آدمی
کی صورت ۲۳۷ جو یہ سب نشانات مرقومہ بالا کے رکھنے والے ہیں اونکے بھوجن اور جگ اور پاٹھ اور شادی وغیرہ کرم نہ کرانا یہ سب تمام دھرموں
سے باہر ہوکر مفلس و متفکر و خوفناک ہوکر زمین پر گھومیں ۲۳۸ ذات والے اور رشتہ دار بھائی وغیرہ سب اونکو ترک کریں اونپر رحم نہ کریں اور اونکو نمسکار نکریں
یہ منو جی کا حکم ہے ۲۳۹ جو چاروں برن پراشچت کے کرنے والے ہیں راجہ اون کی پیشانی پر نشان نہ کرے بلکہ ہزار پن ڈنڈ دیوے ۲۴۰

مجرم براہمن کو مدھم ساہس ڈنڈ دیوے خواہ مجرم براہمن کو مع اشیار خانگی و دولت کے اپنی راج سے باہر نکال دیوی ۱۴۲ چھتری وغیرہ تینون برن بلا خواہش
ان پاپون کو کرین تو اونکی تمام دولت کو لے لیوے اور خواہش سے کیا ہو تو قطع اعضا خواہ قتل کی سزا دیوے ۲۴۲ جو راجہ سادھ ہے سو بڑے پاپیون کے
دھن کو نہ لیوے اگر طمع سے لیوے تو اوسکے پاپ سے مشمول ہوتا ہے ۲۴۳ ڈنڈ کے دھن کو یعنی تاوان والی چیز کو پانی مین ڈال کر برن دیوتا کے اختیار مین کرے
خواہ اوس براہمن کو دیدیوے جو بید و شاستر کو جاننے والا اور اوسپر عمل کرنے والا ہو ۲۴۴ کیونکہ مہاپاپی کو ڈنڈ دینے سے جو دھن ملتا ہے اوس دھن کا مالک برن دیوتا

आगस्सु ब्राह्मणस्यैव कार्य्यो मध्यमसाहसः विवास्यो वा भवेद्राष्ट्रात्सद्रव्यः सपरिच्छदः ।२४१।
इतरे कृतवन्तस्तु पापान्येतान्यकामतः सर्वस्वहारमर्हन्ति कामतस्तु प्रवासनम् ॥ २४२ ॥
नाददीत नृपः साधुर्महापातकिनो धनम् आददानस्तु तल्लोभात्तेन दोषेण लिप्यते । २४३ ।
अप्सु प्रवेश्य तं दण्डं वरुणायोपपादयेत् श्रुतवृत्तोपपन्ने वा ब्राह्मणे प्रतिपादयेत् ॥ २४४ ॥
ईशो दण्डस्य वरुणो राज्ञां दण्डधरो हि सः ईशः सर्वस्य जगतो ब्राह्मणो वेदपारगः ॥ २४५ ॥ २४५ ।
यत्र वर्जयते राजा पापकृद्भ्यो धनागमम् तत्र कालेन जायन्ते मानवा दीर्घजीविनः ॥ २४६ ॥
निष्पद्यन्ते च सस्यानि यथोप्तानि विशां पृथक् बालाश्च न प्रमीयन्ते विकृतं न च जायते ॥ २४७ ॥
ब्राह्मणान्बाधमानं तु कामादवरवर्णजम् हन्याच्चित्रैर्वधोपायैरुद्वेजनकरैर्नृपः ॥ २४८ ॥

ہے بید کے اصلی مطلب کو جاننے والا براہمن تمام جگت کا سوامی ہے ۲۴۵ جس مقام پر راجہ پاپیون کی فراہم کی ہوئی دولت کو نہین لیتا ہے وہان آدمی بڑی عمر والے
پیدا ہوتے ہین یعنی بہت دن تک زندہ رہتے ہین ۲۴۶ اور بیش لوگ جسطرح سے غلہ بوتے ہین اوسیطرح سے وہ غلہ علیحدہ علیحدہ ہوتا ہی اسیطرح اوس راجہ کی راج مین لڑکے بھی نہین مرتے یعنی کوئی بالک
کسی عضو سے محروم پیدا نہین ہوتا ۲۴۷ جو چھوٹا برن خواہش سے براہمنونکا قتل کرنیوالا ہو اوسکو ان انواع و اقسام کی تدبیرونسے قتل کرے جو بیقراری و رنج و خوف کی دینیوالی ہین ۲۴۸

अ॰ ९

جو قتل کے لائق نہین ہے اوسکے قتل مین جتنا پاپ ہوتا ہے اوتنا ہی پاپ قتل کے لائق آدمی کو چھوڑ دینے سے ہوتا ہے ۲۴۹ اب برگ جی کہتے ہین کہ اسے رکھ لوگو
اٹھارہ قسم کے مقدمات مین باہم بحث کرنے والون کی تنقیح مقدمہ کو مفصل کہا ۲۵۰ راجہ اس طریق پر کارہاے مشمولہ دھرم کو اچھی ریت سے کرتا ہوا اون ملکون
کی فتح کرنے کی خواہش کرے جو کہ فتح نہین ہوے اور پھر ممالک مفتوحہ کی پرورش کرنے کی خواہش کرے ۲۵۱ شاسترکے کہے ہوئے ملک مین موافق ہدایت شاستر کے
قلعہ بناکر اور اوسمین مقیم ہوکر کانٹا نکالنے مین تدبیر شائستہ کرے ۲۵۲ راجہ پرورش رعایا مین کماحقہ مشغول ہوکر بھلے لوگون کی حفاظت کرے اور کانٹونکے نکالنے

यावानवध्यस्य वधे तावान्वध्यस्यमोक्षणे अधर्मोनृपतेर्दृष्टोधर्मस्तुविनियच्छतः। २४९।
उदितोयम्विस्तरशोमिथोविवदमानयोः अष्टादशसुमार्गेषुव्यवहारस्यनिर्णयः ॥ २५० ॥
एवंधर्म्याणिकार्य्याणिसम्यकुर्व्वन्महीपतिः देशानलब्धांल्लिप्सेतलब्धांश्चपरिपालयेत २५१
सम्यङ्निविष्टदेशस्तुकृतदुर्गश्चशास्त्रतः कण्टकोद्धरणेयत्नमातिष्ठेद्यत्नमुत्तमम् ॥ २५२ ॥
रक्षणादार्य्यवृत्तानांकण्टकानांचशोधनात् नरेंद्रास्त्रिदिवंयांतिप्रजापालननत्पराः ॥ २५३॥
अशासंस्तस्करान्यस्तुवलिंगृह्णातिपार्थिवः तस्यप्रक्षुभ्यतेराष्ट्रंस्वर्गाच्चपरिहीयते ॥ २५४ ॥
निर्भयन्तुभवेद्यस्यराष्ट्रंवाहुवलाश्रितम् तस्यतद्वर्द्धतेनित्यंसिच्यमानइवद्रुमः ॥ २५५ ॥
द्विविधांस्तस्करान्विद्यात्परद्रव्यापहारकान् प्रकाशांश्चाप्रकाशांश्चचारचक्षुर्महीपतिः २५६।

سے سورگ مین جاتا ہے ۲۵۳ چورونکو سزا نہین دیتا اور محصول اپنا لیتا ہے ایسے راجہ کی سلطنت مین رعایا لوگ بد دعا کرتی ہین اوسی پاپ سے پُن چھین
ہوکر سورگ بھی حاصل نہین ہوتا ہے ۲۵۴ جس راجہ کی قوت بازو پاکر رعایا بے خوف رہتی ہے اوسکا راج ہر روز ترقی پاتا ہے جیسے سینچا ہوا درخت ۲۵۵
راجہ دوتون کی آنکھ سے دیکھ کر دوسرے کی دولت کو چرانے والے چور کو ظاہر و باطن دو قسم کرکے دو طرح کا جانے + ۲۵۶ + ۲۵۷ +

انواع اقسام کی چیزونکو فروخت کرنیوالے ظاہری چور ہین اور آدمیون سے خالی مقام مین اور رہائش سو جانے آدمیون کے دوسرے کی دولت کو چرانے سو پوشیدہ چور ہے ۲۵۸
کام والے آدمی سے دھن لیکر نامناسب کام کرنے والا اور خوف دکھا کر دھن لینیوالا اور رشوتا وغیرہ ین ناقص چیز ملا کر دغا بازی کر کے دوسرے کا دھن لینیوالا دیوث وتماشہ بے
قسم کی قماربازی کرنے والا اور دولت و فرزند و نفع وغیرہ حالات خوشی کو بیان کر کے اوقات بسر کرنے والا اور بدفعلی کو چھپا کر اور اچھے فعل کو ظاہر کر کے دوسرے کی دولت کو لینیوالا
اور ہاتھ کی ریکھا کو دیکھ کر اچھے برے پھل کو کہہ کر دوسرے کی دولت کو لینے والا ۲۵۸ ہاتھی کو سکھلانے سے اوقات بسر کرنیوالا اور بیدک یعنی طبابت سے اوقات بسر کرنیوالا یہ دو آدمی
اوس حالت مین جبکہ اپنے کام کو اچھی طرح نکرین اور دھن کو لیوین۔ تصویر کشی وغیرہ سے گذارہ کرنیوالا اور بغیر کئے تصویر کھینچوائی کی تحریک و ترغیب دیکر دوسری کی دولت کو لینیوالا دوسرے کی عورت یعنی

प्रकाशवंचकास्तेषां नानापण्योपजीविनः प्रच्छन्नवंचकास्त्वेते येस्तेनाटविकादयः ।२५७।
उत्कोचकाश्चोपधिकावंचकाः कितवास्तथा मंगलादेशवृत्ताश्चभद्राश्चेक्षणिकैस्सह ॥२५८॥
असम्यक्कारिणश्चैव महामात्राश्चिकित्सकाः शिल्पोपचारयुक्ताश्च निपुणाःपण्ययोषितः२५९
एवमादीन्विजानीयात्प्रकाशांल्लोककंटकान् निगूढचारिणश्चान्याननार्य्यानार्य्यलिंगिनः२६०
तान्विदित्वा सुचरितैर्गूढैस्तत्कर्म्मकारिभिः चारैश्चानेकसंस्थानैःप्रोत्साह्य वशमानयेत्२६१
तेषान्दोषानभिख्याप्य स्वेस्वेकर्म्मणि तत्वतः कुर्वीत शासनंराजा सम्यक्सारापराधतः ॥२६२॥
नहिदण्डादृतेशक्यः कर्तुम्पापविनिग्रहः स्तेनानाम्पापबुद्धीनांनिभृतंचरतांक्षितौ ॥२६३
सभाप्रपापूपशालावेश्मद्यान्नविक्रयाः चतुष्पथाश्चैत्यवृक्षाः समाजाःप्रेक्षणानिच।२६४

رنڈی یہ سب دوسرے کو اپنے قابو مین کر لینے کو ہوشیار ہین ۲۵۹ ان سبکو اور ان کے برابر دوسرونکو ظاہر مین خار عالم جاننا چاہیے اور پوشیدہ خار کو دوسرے ہین جو کہ بھلے
آدمی نہین ہین مگر بھلے آدمیون کے نشان سے رہتے ہین ۲۶۰ اون سبکو بوسیلہ کا ہنگ وغیرہ جاسوس کے جو کہ بہت سے مقامات پر مقیم ہین اور جنکا بیان سا (؟) مین
ادھیائے مین ہوا اور نیز بوسیلہ اون آدمیون کے جو کہ چھپا کر غارتگری کرنے والے ہین جان کر اور اونکو دکھ دے کر اپنے اختیار مین کر لیوے ۲۶۱ راجہ اونکے علیحدہ علیحدہ
کام مین کماحقہ عیب کو کہہ کر اچھی طرح سے جرم کے موافق سزا دیوے ۲۶۲ چور و پاپی جو موذب و متواضع صورت بنا کر عالم مین گشت کرتی ہین اونکی پاپ کی مسدودی بدون
سزا دینے کے ممکن نہین ہے اسواسطے سزا دینا چاہیئے ۲۶۳ سبھا یعنی کانون وغیرہ مین مقام نزاع مصلاح اندیشان چاہ جای تخت پکوان مقام شراب فروشی مقام غلہ فروشی چوراہہ قاذی طوائف مشہور درخت موکل مقام تماشہ ۲۶۴

باغات وجنگل ملے کہنہ وخانہ کاریگران وخانہ خالی ودرخت انبہ وغیرہ کا جنگل وجنگل نو طیار کردہ ۲۶۵ ایسے ملکون کی فوج وغیرہ سے راجہ گرفتاری چور وغیرہ کی کرے ۳۴۶
کیونکہ چور وغیرہ اکثر ایسے مقامات مین سامان خورو ونوش و ولوازمہ عیاشی کے تلاش کرنے کے واسطے رہتے ہین ۲۶۶ اونھون کی مدد کرنے والے اور ملاپ اور کام ۹
کے جاننے والے چورون کے کپٹ مین ہوشیار پہلے چور جو جاسوس کی صورت ہین اونھون کے وسیلے سے چورونکو جاننا اور نابود کرنا چاہیے ۲۶۷ پہلے چور جاسوس
صورت اون سب چورون سے ایسا کہین کہ آپ چلیے ہمارے گھر چلیے لڈو وغیرہ کھائیے ہمارے ملک مین ایک براہمن ایسا ہے کہ تدبیر حصول جملہ مطالب کی جانتا ہے
اوسکا درشن کیجیے کوئی آدمی ایک ہی ہے اور بہت آدمیون سے جنگ کریگا اوسکو دیکھیے اس بہانہ سے راجہ کے دنڈ کو دھارن کرنے والے آدمی اون چورونکو فراہم کرین

जीर्णोद्यानान्यरण्यानि कारुकावेशनानि च शून्यानि चाप्यगाराणि वनान्युपवनानि च ॥२६५
एवं विधान्नृपो देशानगुल्मैः स्थावरजङ्गमैः तस्करप्रतिषेधार्थं चारैश्चाप्यनुचारयेत ॥२६६॥
तत्सहायैरनुगतैर्नानाकर्मप्रवेदिभिः विद्यादुत्सादयेच्चैव निपुणैः पूर्वतस्करैः ॥२६७॥
भक्तिभोज्योपदेशैश्च ब्राह्मणानांचदर्शनैः शौर्य्यकर्म्मापदेशैश्च कुर्युस्तेषांसमागमम ॥२६८॥
येतत्रनोपसर्प्पेयुर्मूलमणिहिताश्चये तान्प्रसह्यनृपोहन्यात्समित्रज्ञातिबांधवान २६९
नहोढेनविनाचौरंघातयेद्धार्म्मिकोनृपः सहोढंसोपकरणंघातयेदविचारयन् ॥२७०॥
ग्रामेष्वपिचयेकेचिच्चौराणाम्भक्तदायकाः भांडावकाशदाश्चैवसर्वांस्तानपिघातयेत २७१
राष्ट्रेषुरक्षाधिकृतान्सामंतांश्चैवचोदिताम अभ्याघातेषुमध्यस्थाञ्छिष्याच्चौरानिवद्रुतम।

اور پھر اونکو گرفتار کرین ۲۶۸ جو چور مقام خورد و نوش مین بخیال وبخوف گرفتاری نہ جاوین یا دزدان جاسوس صورت مرقومہ بالا کے پاس نہ جاوین تو راجہ اونکو
اوسی انکار سے پہچان کر جبراً اونکو بلاکر مع اونکے ہمجنس رشتہ داران کے نیست نابود کرے ۲۶۹ دھرم کا جاننے والا اور اوسپر عمل کرنے والا راجہ چورونکو بدون دریافت
وثبوت کامل چوری کے قتل نکرے اگر چور مع نشان چوری کے ہو تو اوسکو مع اوسکی اشیا کے نیست نابود کرے یہ نہ خیال کرے کہ اوسکو دکھ ہوگا ۲۷۰ گاؤن مین جو کوئی
چورونکو غلہ وآذوقہ ومکان دیوے راجہ اونکو بھی نابود کرے ۲۷۱ راج مین جو آدمی حفاظت کا اختیار رکھنے والے ہین اور جو آدمی گاؤن کے چار طرف رہنے والے ہین یہ دونون قسم کے آدمی چورونکو چوری کرتے دیکھ کر مدد نہ کرین تو راجہ اونکو بھی

جو براہمن جگ ودان وغیرہ کرکے جگ ودان وغیرہ دھرم کو دوسرے کے واسطے پیدا کرکے اوقات گذاری کرے اور اپنے دھرم سے علیحدہ ہو راجہ اوس براہمن کو بھی ڈنڈ کرکے دُکھ دے
۲۷۳ جو شخص چوروں سے گانوں کے غارت ہونے وشکستگی پل و راستہ مین چور کے نظر آنے مین بحالت صاحب طاقت ہونے کے دوڑتا نہین ہے وہ مع اشیاء خانگی کے
گانوں سے نکال دینے کے لائق ہے ۲۷۴ راجہ کے خزانہ کو چرانے والا اور خلاف حکم راجہ کے عمل کرنے والا اور راجہ کے دشمنوں سے دشمنی کرانیوالا انکو انواع اقسام
کے ڈنڈ سے قتل کرنا چاہیئے ۲۷۵ جو چور نقب زنی کرکے رات مین چوری کرتے ہین اونکے دونون ہاتھ کاٹ کر پھر اونکو ترسول پر بٹھلاوے ۲۷۶ جو چور اول دفعہ گرہ کاٹے

यश्चापि धर्म्म समयात्प्रच्युतोधर्म्मजीवनः दंडेनैवतमप्योषेत्स्वकाद्धर्म्माद्धिविच्युतम्॥
॥२७३॥ ग्रामघातेहिताभङ्गे पथिमोषाभिदर्शने शक्तितोनाभिधावन्तोनिर्वास्याः सपरिच्छदाः
२७४ राज्ञःकोषापहर्त्तॄंश्चप्रतिकूलेषुचस्थितान् घातयेद्विविधैर्दंडैररीणांचोपजापकान्॥२७५॥
संधिंछित्वातुयेचौर्यंरात्रौकुर्वन्तितस्करा तेषांछित्वानृपोहस्तौतीक्ष्णशूलेनिवेशयेत् २७६
अङ्गुलीर्ग्रंथिभेदस्यछेदयेत्प्रथमेग्रहे द्वितीयेहस्तचरणौतृतीयेवधमर्हति॥२७७॥
अग्निदान्भक्तदांश्चैवतथाशस्त्रावकाशदान् सन्निधातॄंश्चमोषस्यहन्याच्चौरमिवेश्वरः २७८
तडागभेदकंहन्यादप्सुशुद्धवधेनवा तद्वापिप्रतिसंस्कुर्य्याद्दाप्यस्तूत्तमसाहसम्॥२७९॥
कोष्ठागारायुधागारदेवतागारभेदकान् हस्त्यश्वरथहर्त्तॄंश्चहन्यादेवाविचारयन्॥२८०॥

اوسکا انگوٹھا اور انگوٹھا کے پاس کی انگلی کاٹنا چاہیئے دوسری دفعہ مین ہاتھ پانون کاٹنا تیسری دفعہ مین قتل کرنا مناسب ہے ۲۷۷ جو شخص چور کو آگ دہات وسلاح
ومہلت دیتا ہے اور جو چوری کی چیزونکا رکھنے والا ہے اونکو راجہ مانند چور کے نابود کرے ۲۷۸ جو تالاب کہ اشنان ودان وغیرہ سے ... ونکا انکار کرنیوالا ہے اوسکو
پل وغیرہ شکست کرنے سے بگاڑتا ہے اوس آدمی کو پانی مین غرق کرکے یا اور طرح سے نابود کرے اگر وہ تالاب کو بدستور سابق بنا دیوے تو اوسکو فانی نکرنا چاہیئے بلکہ اوتم ساہس ڈنڈ
دینا واجب ہے ۲۷۹ راجہ کا غلہ وغیرہ و دولت کا خزانہ و اسلحہ خانہ و دیوتا کا مندر انکو توڑنے وبگاڑنیوالا و ہاتھی و گھوڑا و رتھ کو چرانیوالا ان سبکو مارنا اس مین کچھ بچار نہ کرنا ۲۸۰

अ० ९

کسی شخص نے رعیت کے واسطے تالاب بنایا اور دوسرا آدمی اوسکا پانی لیوے اور پانی آنے کی راہ کو میڈ لگاکر بند کردے تو وہ شخص پرتھم ساہس ڈنڈ کے لائق ہوتا ہے ۲۸۱
آپت کال بنا یعنی بغیر وقت مشکل کے شاہ راہ مین ناپاک چیز کو ڈالے وہ دو کارشاپن ڈنڈ دیوے اور جس ناپاک چیز کو ڈالا ہے اوسکو جلد راج مارگ سے باہر لیجاوے
۲۸۲ اگر مصیبت زدہ کوئی بوڑھا یا حاملہ عورت یا بالک حرکت مرقومہ بالا کو کرے تو صرف اسبات کے کہنے کے لائق ہوتا ہے کہ کیا کیا سزا کے لائق نہین ہوا لیکن اوس
ناپاک چیز کو تو راستہ سے ضرور اوٹھا لیجاوین ۲۸۳ جو شخص بدون علم شاستر کے بیمار پایہ وغیرہ مین جھوٹھی طبابت کرنیوالا ہے اوسکو پورب ساہس ڈنڈ دینا اور آدمیون مین
جھوٹھی طبابت کرنے والے کو مدہم ساہس ڈنڈ دینا چاہیئے ۲۸۴ پانی کے اوپر آنے جانے کے واسطے قائم جو لکڑی و پتھر ہے اور محل بادشاہی مین جو بیرق جھنڈا ہے اور

यस्तु पूर्वनिविष्टस्य तडागस्योदकं हरेत् आगमं वाप्यपां भिन्द्यात्स दाप्यः पूर्वसाहसम् २८१
समुत्सृजेद्राजमार्गे यस्त्वमेध्यमनापदि स द्वौ कार्षापणौ दद्यादमेध्यञ्चाशु शोधयेत् २८२
आपद्गतोथवा वृद्धो गर्भिणी बाल एव वा परिभाषणमर्हन्ति तच्च शोध्यमिति स्थितिः २८३
चिकित्सकानां सर्वेषां मिथ्या प्रचरतां दमः अमानुषेषु प्रथमो मानुषेषु तु मध्यमः ॥ २८४ ॥
संक्रमध्वजयष्टीनां प्रतिमानां च भेदकः प्रतिकुर्य्याच्च तत्सर्वं पंच दद्याच्छतानि च ॥ २८५ ॥
अदूषितानां द्रव्याणां दूषणे भेदने तथा मणीनामपवेधे च दण्डः प्रथमसाहसः ॥ २८६ ॥
समैर्हि विषमं यस्तु चरेद्वै मूल्यतोपि वा समाप्नुयाद्दमम्पूर्वं नरो मध्यममेव वा ॥ २८७ ॥
बन्धनानि च सर्वाणि राजमार्गे निवेशयेत् दुःखिता यत्र दृश्येरन्विकृताः पापकारिणः ॥ २८८ ॥

تالاب وغیرہ مین جو لٹھہ ہے اور دیوتا کی مورت ان چیزون مین سے کسی چیز کا علیحدہ کرنیوالا پانچ سوپن ڈنڈ دیوے اور جو بگاڑا ہے اوسکو بنا دے ۲۸۵ بے عیب چیز
باعیب کرنے توڑنے مین اور جواہرات وغیرہ مین ناکارہ سوراخ کرنے مین پرتھم ساہس ڈنڈ دیوے ۲۸۶ برابر قیمت دینے والون مین ایک کو اچھی چیز اور دوسرے کو ناقص
چیز دیتا ہے اسطرح ناکارہ بیوپار کرتا ہے خواہ کسیکو بیش قیمت والی چیز اور کسیکو کم قیمت والی چیز دیتا ہے وہ پوربہ ساہس خواہ مدہم ساہس ڈنڈ پاتا ہے حسب حیثیت جرم لیکن
سزا کو جاننا ۲۸۷ قیدخانہ کو سڑک مین بناوے جس کے دیکھنے سے پاپ کرنے والون کو دکھ ہووے یعنی پابجولان اور بھوکھے اور پیاسے اور ناخن اور مونچھ
اور داڑھی کے بال بڑھے ہوئے اور لاغر بدن لیے قیدیون کے دیکھنے سے سب آدمی کا پاپ نا کرنیکے کرنے سے خوف کھاینگے کہ جب ہم برا کام کرینگے تو ایسی سزا کو پہونچینگے ۲۸۸

قلعہ کو توڑنے والا اور اوسکی خندق کو پاٹنے والا اور اوسکے دروازہ کو توڑنے والا ان سکو جلد ملک سے نکال دیوے ۲۸۹ شاستر مین کہے ہوئے مارن کا پریوگ اور پانون
شادی کی خواہش کرنیوالا جو تشوم وغیرہ جاگ کی خواہش کرنیوالا مسافر سب دھن دچھنا والی بشوجیت نام جاگ کو کرنیوالا بدیا گورو ماتا پتا ان تینوں کو بھوجن کپڑا دینے والا وقت پڑھنے بید کے بھوجن و کپڑے کی خواہش کرنے والا و بیمار ۱ یہ نو براہمن سناتک کہاتے ہین یعنی برہم چاری کہلاتے ہین اور دھرم بھچھا کا سوبھاو رکھتے ہین یہ سب بے زر ہون تو اونکی بدیا کے لایق سونا وغیرہ کو دینا چاہیئے (شرح) چونکہ اس ادھیاے مین پراشچتون کا بیان کیا جاۓ گا اسواسطے اول اون براہمنون کا بیان کیا جو کہ دان دینے کے لائق ہین ۲ یہ نو براہمن افضل ہین انکو بیدی کے اندر غلہ مع دچھنا دینا اور جو براہمن انکے سواے ہین اونکو بیدی کے باہر طیار بھوجن دینا کہتے ہین ۳ راجہ بید پڑھنے

सान्तानिकं यक्ष्यमाणमध्वगं सर्ववेदसम । गुर्वर्थं पितृमात्रर्थं स्वाध्यायार्थ्युपतापिनः ॥ १ ॥
नवैतान्स्नातकान्विद्याद्ब्राह्मणान्धर्मभिक्षुकान् । निःस्वेभ्यो देयमेतेभ्यो दानं विद्याविशेषतः ॥ २ ॥
एतेभ्यो हि द्विजाग्र्येभ्यो देयमन्नं सदक्षिणम् । इतरेभ्यो वहिर्वेदि कृतान्नं देयमुच्यते ॥ २ ॥ ३ ॥
सर्वरत्नानि राजा तु यथार्हं प्रतिपादयेत् । ब्राह्मणान्वेदविदुषो यज्ञार्थं चैव दक्षिणाम् ॥ ४ ॥
कृतदारोपरान्दारान्भिक्षित्वा योधिगच्छति । रतिमात्रं फलं तस्य द्रव्यदातुस्तु संततिः ॥ ५ ॥
धनानि तु यथाशक्ति विप्रेषु प्रतिपादयेत् । वेदवित्सु विविक्तेषु प्रेत्य स्वर्गं समश्नुते ॥ ६ ॥ ६ ॥
यस्य त्रैवार्षिकं भक्तं पर्याप्तं भृत्यवृत्तये । अधिकं वापि विद्येत स सोमं पातुमर्हति ॥ ७ ॥
अतः स्वल्पीयसि द्रव्ये यः सोमं पिवति द्विजः । स पीतसोमपूर्वोपि न तस्याप्नोति तत्फलम् ८

والے براہمن کو اوسکی بدیا کے لائق سب رتن دیوے اور جگ کے واسطے دچھنا دیوے ۴ پہلی عورت موجود ہو اور بھچھا سے دولت فراہم کرکے اوس روپیہ سے دوسری شادی کرے تو اوسکو صرف جماع کا نتیجہ ملتا ہے جسنے دولت دی اوسی کی اولاد ہے ۵ جو براہمن استری و بیٹون کی پرورش مین ہو اور بید کو پڑھا ہو راجہ ایسے براہمن کو اپنی طاقت کے موافق دولت دیوے وہ راجہ اس لوک اور پرلوک کو حاصل کرتا ہے ۶ جب آدمے کے پاس نوکر و استری و بیٹا وغیرہ زیر سایہ رہنے والے کی خرچ کی لائق تین سال تک بھوجن کیواسطے غلہ موجود ہو وہ سوم جاگ کرنیکے لائق ہے ۷ اس سے تھوڑا غلہ ہوکر سوم جاگ کرے تو اوس کا پھل نہین پاتا ہے ۸ ۞

अ॰ ११

غیر او سنو کو غلہ دیتے ہین صاحب مقدور ہے اور اپنے عیال و اطفال کو کھانا نہین دیتا وے عیال و اطفال تکلیف سے اوقات بسر کرتے ہین ایسا آدمی دھرم کرنے والا نہین ہے اول جس ملتا ہے پیچھے نرک ہوتا ہے ۹ جو شخص نوکر چاکر استری بیٹا ماتا پتا وغیرہ کو دکھ دے کر پرلوک کیواسطے دان وغیرہ کرتا ہے وہ دان اوسکی زندگی تک ہے اور مرنے کے بعد دکھ دینے والا ہے ۱۰ دھرماتما راجہ کے ہونے پر جس براہمن خواہ چھتری سے جگ کی سامگری کا کوئی ایک سامان طیار نہو ۱۱ تو جو بیس پاک جگ اور سوم جگ نکرتا ہو اور بہت چارپایہ یعنی گئو وغیرہ رکھتا ہو اوسکے گھر سے اوس انگ یعنے سامان کے لایق دولت کو زور سے خواہ چوری سے جگ کرنے والا لیوے ۱۲ جب جگ کے دو انگ یعنی سامان خواہ تین انگ بدون درب کے

शक्तःपरजनेदातास्वजनेदुःखजीविनि मध्वापातोविषास्वादःसधर्ममतिरूपकः ॥ ९ ॥
भृत्यानामुपरोधेनयत्करोत्यौर्द्धदेहिकम तद्भवत्यसुखोदर्कंजीवितस्यमृतस्यच ॥१०॥१०॥
यज्ञश्चेत्प्रतिरुद्धःस्यादेकेनांगेनयज्वनः ब्राह्मणस्यविशेषेणधार्मिकेसतिराजनि ॥११॥
योवैश्यःस्याद्बहुपशुर्हीनक्रतुरसोमपः कुटुम्बात्तस्यतद्द्रव्यमाहरेद्यज्ञसिद्धये ॥१२॥१२॥
आहरेत्त्रीणिवाद्वेवाकामंशूद्रस्यवेश्मनः नहिशूद्रस्ययज्ञेषुकश्चिदस्तिपरिग्रहः ॥१३॥१३॥
योनाहिताग्निःशतगुरयज्वाचसहस्रगुः तयोरपिकुटुम्बाभ्यामाहरेदविचारयन् ॥१४॥
आदाननित्याच्चादातुराहरेदप्रयच्छतः तथायशोस्यप्रथतेधर्मश्चैवप्रवर्द्धते ॥१५॥१५॥
तथैवसप्तमेभक्तेभक्तानिषडनश्नता अश्वस्तनविधानेनहर्तव्यंहीनकर्मणः ॥१६।१६॥

کامل نہین ہوئے اور بیس سے بھی دھن نہین ملتا تو سودر کے گھر سے زور سے خواہ چوری سے دھن لینا منع نہین ہے ۱۳ جو شخص اگن ہوتری نہین ہے اور سنو گئو پاس رکھتا ہے خواہ جگ نہین کرتا اور ہزار گئو رکھتا ہے ان دونون کے گھر سے جگ کا انگ کامل ہونے کے واسطے دھن لیوے اسمین کچھ بچار نکرے ۱۴ جو براہمن ہر روز دان لیتا ہے اور باولی اور کنوان اور تالاب نہین کھودواتا ہے اور جگ نہین کرتا دان نہین دیتا ہے اوس سے جگ کا انگ کامل ہونے کے واسطے دھن مانگا اور وہ نہین دیتا تو زور سے خواہ چوری سے اوسکے گھر سے دھن کو لیوے اس سے لینے والے کی شہرت ہوتی ہے اور دھرم بڑھتا ہے ۱۵ ادن مین دو دفعہ بھوجن کرنا شاستر کا حکم ہے جو کسی براہمن نے چھ دفعہ بھوجن نہین کیا تو تین دن فاقہ ہوا اور جو تیسرے دن ایکدفعہ کیواسطے بھی بھوجن نہو تو برا کام کرنے والے سے چوری کرکے لینا چاہئے

کھلیان یعنی خرمن سے کھیت سے گھر سے خواہ جہان سے ملے وہان سے غلہ کو چراوے اور جب غلہ کا مالک پوچھے کہ تمنے غلہ کہان سے چرایا تب کہدیوے ۱۷ چھتری براہمن
کے دھن کو کبھی نہ لیوے اور نہایت آپت کال آوے تب کھوٹا کام کرنے والا اور شاستر مین لکھے ہوئے کرم کو چھوڑنے والا جو براہمن وچھتری ہے اوسکے گھر سے چوری کرے
۱۸ جو آدمی اسادھ لوگون سے درب لیکر سادھ لوگون کو دیتا ہے وہ اپنے کو ناو یعنی کشتی بناکر دولون کو تارتا ہے ۱۹ جگ کرنے والون کا جو دھن ہے وہ دیوتون کا دھن
کہاتا ہے اسطرح پر پنڈتون نے کہا اور جو جگ کرنیوالے نہین ہین اونکا جو دھن ہے وہ راچھسون کا دھن کہاتا ہے ۲۰ ایسے کرم مین جسکا بیان اوپر ہوا راجہ ڈنڈ نہ دیوے

खलात्क्षेत्रादगाराद्वा यतो वाप्युपलभ्यते आख्यातव्यन्तु तत्तस्मै पृच्छते यदि पृच्छति ।१७
ब्राह्मणस्वन्न हर्तव्यं क्षत्रियेण कदाचन दस्युनिष्क्रिययोस्तु स्वमजीवन्हर्तुमर्हति ॥ १८
योऽसाधुभ्योऽर्थमादाय साधुभ्यः संप्रयच्छति स कृत्वा प्लवमात्मानं संतारयति तावुभौ ॥ १९॥
यद्धनं यज्ञशीलानां देवस्वं तद्विदुर्बुधाः अयज्वनान्तु यद्वित्तमासुरस्वन्तदुच्यते ॥ २० ॥
न तस्मिन्धारयेद्दण्डं धार्मिकः पृथिवीपतिः क्षत्रियस्य हि बालिश्याद्ब्राह्मणः सीदति क्षुधा २१
तस्य भृत्यजनं ज्ञात्वा स्वकुटुम्बान्महीपतिः श्रुतशीले च विज्ञाय धर्म्यां वृत्तिम्प्रकल्पयेत् २२
कल्पयित्वास्य वृत्तिं च रक्षेदेनं समन्ततः राजा हि धर्मषड्भागं तस्मात्प्राप्नोति रक्षितात् ।२३।
न यज्ञार्थं धनं शूद्राद्विप्रो भिक्षेत कर्हिचित् यजमानो हि भिक्षित्वा चाण्डालः प्रेत्य जायते ।२४।

کیونکہ راجہ کے لڑکپن سے براہمن بھوکھ سے دکھی ہوتا ہے ۲۱ راجہ براہمن کے نوکر و عیال و اطفال و بیدخوانی کی عادت ان سبکو جان کر دھرم سے
مشمول جیوکا کو مقرر کرے ۲۲ براہمن کی جیوکا کرکے اوسکی حفاظت چارون طرف سے کرے اوس حفاظت سے براہمن جو دھرم کرے گا اوسکا
چھٹوان حصہ راجہ پاوے گا ۲۳ براہمن جگ کے لئے سودر سے دھن کو کبھی نہ مانگے اور اگر مانگ کر اوس دھن سے جگ کرے تو دوسرے جنم
مین چانڈال ہوتا ہے ۲۴

جگ کے واسطے بھیکھہ مانگ کر دولت فراہم کر کے تمام دولت کو جگ مین نہ لگاوے تو سو جنم تک بھاس نام پرند اور کوّا ہوتا ہے ۲۵ جو آدمی طمع سے براہمن کی درب
و دیوتا کی درب کو برباد کرتا ہے وہ پاپی پرلوک مین گدھ پرند کے پس خوردہ سے زندگی کرتا ہے ۲۶ پشٹ جگ و سوم جگ تمام سال مین ایک مرتبہ کرنا اگر یہ نہو سکے
تو اسکے پراشچت کے لئے اخیر سال پر اگن دیوتا کی جگ کرے ۲۷ آپت کال نہین ہے اور جو براہمن آپت کال کے دھرم کو کرتا ہے وہ پرلوک مین اوسکے پھل کو نہین
پاتا ۲۸ موت سے خوفناک بسوے دیوا و سادھ گن و براہمن و بڑے رکھہ لوگ ان سب نے آپت کال مین مکھہ بدھ کا گون بدھ کیا یعنے اچھے دھرم کے خلاف

यज्ञार्थमर्थं भिक्षित्वा यो न सर्वं प्रयच्छति स याति भासतां विप्रः काकतां वा शतं समाः । २५ ।
देवस्वं ब्राह्मणस्वं वा लोभेनोपहिनस्ति यः स पापात्मा परे लोके गृध्रोच्छिष्टेन जीवति । २६ ।
इष्टिं वैश्वानरीं नित्यं निर्वपेदब्दपर्यये क्लृप्तानां पशुसोमानां निष्कृत्यर्थमसंभवे ॥ २७।२७ ॥
आपत्कल्पेन यो धर्मं कुरुते नापदि द्विजः स नाप्नोति फलन्तस्य परत्रेति विचारितम् ॥ २८ ॥
विश्वैश्च देवैः साध्यैश्च ब्राह्मणैश्च महर्षिभिः आपत्सु मरणाद्भीतैर्विधेः प्रतिनिधिः कृतः २९
प्रभुः प्रथमकल्पस्य योऽनुकल्पेन वर्तते न साम्परायिकन्तस्य दुर्मतेर्विद्यते फलम् ॥ ३० ॥
न ब्राह्मणो वेदयेत किंचिद्राजनि धर्मवित् स्ववीर्य्येणैव तान् शिष्यान्मानवानपकारिणः ३१
स्ववीर्य्याद्राजवीर्य्याच्च स्ववीर्य्यम्बलवत्तरम् तस्मात्स्वेनैव वीर्य्येण निगृह्णीयादरीन्द्विजः ॥ ३२ ॥

عمل کیا ۲۹ مکھہ بدھ کی کرنے مین صاحب طاقت ہو کر گون بدھ کو کرتا ہے اوسکو پرلوک مین اوس گون بدھ کا پھل نہین ہوتا ۳۰ دھرم کو جاننے والا براہمن
راجہ سے کچھہ نہ کہے بلکہ اپنی قوت سے اپکاری ادمیونکو سزا دیوے ۳۱ راجہ کے پراکرم سے اپنا پراکرم بڑا ہے اسلئے براہمن اپنے پراکرم
سے دشمنون کو مغلوب کرے ۳۲

+ +

اتھرب وانگرا رکھی نے جو مارن پریوگ کہا اوسکو کرے اسمین کچھ بچار نکرے براہمن کو بانی ہی ہتھیار ہے اوس سے دشمنونکو مارے ۳۳ چھتری اپنی بھوجا کی طاقت
اور بیش اور شودر دونون دھن سے اور براہمن جپ و ہوم سے آپت کال کو آخر کرین ۳۴ جو براہمن شاستر مین لکھے ہوئے کرم کا کرنے والا اور بیٹے اور شاگرد وغیرہ
کو پڑھانے والا و پراشچت وغیرہ کو کہنے والا اور سب جاندارون سے دوستی رکھنے والا ہے اوسکو نامرغوب بات نہ کہنا اور سخت کلمہ نہ کہنا ۳۵ کنیان و جوان
و تھوڑے علم والا و مورکھ یعنے بےوقوف و بیادھ سے پیڑاوان یعنی بیمار و جنیئو کا نرکھنے والا یہ سب وقت صبح و شام اگن ہوتر کو نہ کرین ۳۶ اگر ان سبکو

श्रुतीरथर्वांगिरसीः प्रकुर्य्यादविचारयन् वाक शस्त्रं वै ब्राह्मणस्य तेन हन्यादरीन्द्विजः ॥ ३३ ॥
क्षत्रियो बाहुवीर्य्येण तरेदापदमात्मनः धनेन वैश्यशूद्रौ तु जपहोमैर्द्विजोत्तमः ॥ ३४ ॥ ॥
विधाता शासिता वक्ता मैत्रो ब्राह्मण उच्यते तस्मै नाकुशलं ब्रूयान्न शुष्कां गिरमीरयेत ॥ ३५ ॥
नैवकन्या न युवतिर्नाल्पविद्यो न बालिशः होता स्यादग्निहोत्रस्य नार्तो नासंस्कृतस्तथा ३६
नरके हि पतन्त्येते जुह्वतः स च यस्य तत् तस्माद्वैतानकुशलो होता स्याद्वेदपारगः ॥ ३७ ॥
प्राजापत्यमदत्वाश्वमग्न्याधेयस्य दक्षिणाम् अनाहिताग्निर्भवति ब्राह्मणो विभवे सति ।३८।
पुण्यान्यन्यानि कुर्वीत श्रद्दधानो जितेन्द्रियः न त्वल्पदक्षिणैर्यज्ञैर्यजेतेह कथंचन ॥ ३९ ॥
इन्द्रियाणि यशः स्वर्गमायुः कीर्तिम्प्रजाः पशून् हन्त्यल्पदक्षिणो यज्ञस्तस्मान्नाल्पधनो यजेत ४०

کرین تو نرک مین جاتے ہین اور جسکی اگن ہے یعنی جو ججمان ہے وہ بھی نرک مین جاتا ہے اسلئے جو بید کے پار گیا ہو اور اگن ہوتر کرم کو جاننے والا ہو وہی ججمان کا
ہوم کرے ۳۷ برہما کیواسطے اگن ہوتر کی دچھنا جو گھوڑا ہے اوسکو صاحب دولت ہو کر بھی ندیوے تو اگن ہوتر کا پھل اوس براہمن کو نہین ہوتا ۳۸ آدمی اندریونکو جیت کر سردھا سی دوسرے پن کو کرے
لیکن تھوڑی دچھنا سے جگ کو نکرے ۳۹ تھوڑی دچھنا والی جگ اندری جس سورگ عمر نیکنامی اولاد و چارپایہ ان سبکو نیست نابود کرتی ہے اسلئے تھوڑا دھن والا جگ کو نکرے ۴۰

اگن ہوتری براہمن خواہش سے صبح وشام ہوم نکرے تو بیٹا مارنے کا پاپ ہوتا ہے اوس پاپ دور ہونے کے واسطے ایک مہینہ چاندراین برت کو کرے ۴۱ جو براہمن سودر سے
دھن لیکر اگن ہوتر کرتا ہے وہ سودرہی کا رتوج ہوتا ہے اوسکو کچھ پھل نہین ہوتا اور بید پڑھنے والے براہمنون مین نندت کہاتا ہے ۴۲ وہ سودر درب دینے سے
لیے رتوجون کے ماتھے پر پانون دھر کر نرک کو ترتا ہے اور رتوجون کو کچھ پھل نہین ہوتا ۴۳ شاستر مین لکھے ہوئے کرم کو نہ کرنے سے اور نندت کرم کو کرنے سے
اور اندریون کے ارتھ مین مشغول بدل ہونے سے آدمی پراشچت کے لایق ہوتا ہے ۴۴ پنڈتون نے بدون خواہش کے پاپ کرنے مین پراشچت کو کہا اور خواہش

अग्निहोत्र्यपविध्याग्नीन्ब्राह्मणः कामकारतः चान्द्रायणं चरेन्मासं वीरहत्यासमं हि तत् ॥ ४१ ॥
ये शूद्रादधिगम्यार्थमग्निहोत्रमुपासते ऋत्विजस्ते हि शूद्राणां ब्रह्मवादिषु गर्हिताः ॥ ४२ ॥
तेषां सततमज्ञानां वृषलाग्न्युपसेविनाम् पदा मस्तकमाक्रम्य दाता दुर्गाणि सन्तरेत् ॥ ४३ ॥
अकुर्वन्विहितं कर्म निन्दितं च समाचरन् प्रसक्तश्चेन्द्रियार्थेषु प्रायश्चित्तीयते नरः ॥ ४४ ॥
अकामतः कृते पापे प्रायश्चित्तं विदुर्बुधाः कामकारकृतेऽप्याहुरेके श्रुतिनिदर्शनात् ॥ ४५ ॥
अकामतः कृतं पापं वेदाभ्यासेन शुध्यति कामतस्तु कृतं मोहात्प्रायश्चित्तैः पृथग्विधैः ॥ ४६ ॥
प्रायश्चित्तीयतां प्राप्य दैवात्पूर्वकृतेन वा न संसर्गं व्रजेत्सद्भिः प्रायश्चित्ते कृते द्विजः ॥ ४७ ॥
इह दुश्चरितैः केचित्केचित्पूर्वकृतैस्तथा प्राप्नुवन्ति दुरात्मानो नरा रूपविपर्ययम् ॥ ४८ ॥

سے پاپ کرنے مین بھی بید کے حکم سے پراشچت ہے ۴۵ بدون خواہش کے کیا ہوا پاپ بید کی مہارت سے چھوٹتا ہے اور شوق سے جو پاپ کئے وے
انواع واقسام کے پراشچت کرنے سے چھوٹتے ہین ۴۶ بتقاضاے مقسوم پہلے جنم مین کئے ہوئے پاپ سے پراشچت کے لایق ہوکر سجنون کے ساتھ بھوجن وقیام و
بغل گیری وغیرہ ملاپ نکرے ۴۷ کوئی آدمی اس لوک مین کھوٹے کام سے اور کوئی آدمی پہلے جنم کے کھوٹے کام سے بدصورتی کو پاتے ہین + ۴۸ + ۴۸ +

अ. ११

سونا چرانے والا شراب پینے والا براہمن کو مارنے والا گورو کی استری سے جماع کرنے والا سلسلہ سے ناخن ناکارہ جنم سے سیاہ دندان چھئی روگ وناکارہ چرم کو پاتا ہے ۴۹ چغل
اشارہ سے کرم کو جاننے والا دھان چرانیوالا ملاوٹ کرنے والا یہ سب سلسلہ سے بدبوے بینی بدبوے دہن کسی عضو کا نہونا کسی عضو کا زیادہ ہونا ان عیبونکو پاتے ہین ۵۰
غلہ چرانے والا جان کر چپ رہنے والا کپڑا چرانے والا گھوڑا چرانے والا سلسلہ سے آم روگ گونگاپن سفید گشٹ لنگڑاپن کو پاتا ہے ۵۱ آدمی اس راہ سے کھوٹا کام کرکے
بھلے لوگون سے نندت ہوتے ہین اور جاہل اور گونگے اور اندھے اور بہرے وغیرہ ناکارہ صورت کو پاتے ہین ۵۲ اسلئے پاک ہونے کے واسطے ہمیشہ پراشچت کرین جنھون نے

सुवर्णचौरः कौनख्यं सुरापः श्यावदन्तताम् ब्रह्महा क्षयरोगित्वन्दौश्चर्म्यं गुरुतल्पगः ।४९।
पिशुनः पौतिनासिक्यं सूचकः पूतिवक्त्रताम् धान्यचौरोऽङ्गहीनत्वमातिरैक्यं तु मिश्रकः ॥५०।
अन्नहर्तामयावित्वं मौक्यं वागपहारकः वस्त्रापहारकः श्वैत्र्यम्पंगुतामश्वहारकः ॥ ५१ ॥ ५१।
एवं कर्मविशेषेण जायन्ते सद्विगर्हिताः जडमूकान्धबधिरा विकृताकृतयस्तथा ॥ ५२ ॥ ५२ ॥
चरितव्यमतो नित्यम्प्रायश्चित्तम्विशुद्धये निन्द्यैर्हि लक्षणैर्युक्ता जायन्तेऽनिष्कृतैनसः॥
।५३। ब्रह्महत्या सुरापानं स्तेयं गुर्वंगनागमः महान्ति पातकान्याहुस्संसर्गश्चापि तैस्सह॥
५४॥ अनृतं च समुत्कर्षे राजगामि च पैशुनम् गुरोश्चालीकनिर्बन्धः समानि ब्रह्महत्यया ५५
ब्रह्मोज्झता वेदनिन्दा कौटसाक्ष्यं सुहृद्वधः गर्हितान्नाद्ययोर्जग्धिः सुरापानसमानि षट्।५६

پراشچت نہین کیا وے نندا سے مشمول لچھن والے ہوتے ہین ۵۳ برہم ہتیا شراب خواری براہمن کا دس ماشہ خواہ زیادہ سونا چرانا ماتا سے جماع یہ چار مہاپاپ ہین
اِنھون کے ساتھ میل وملاپ کرنے سے پانچوان مہاپاتک ہے ۵۴ نیچ ذات ہوکر (ہم بڑی ذات والے ہین) اسطرح جھونٹھ بولنا اور کسی کا اس قسم
کا دوش کہ جسکے کہنے سے اوسکا مرن ہو راجہ کے روبرو کہنا گورو سے جھونٹھ بولنا یہ سب برہم ہتیا کے برابر ہین ۵۵ پڑھے ہوئے بید کو بھولنا بید کی برائی
کرنا گواہ ہوکر جھونٹھ بولنا دوست کو مارنا لہسن وغیرہ کا کھانا لنٹا وغیرہ کا کھانا یہ سب شراب نوشی کے برابر ہین + ۵۶ + ۵۶ + ۵۶ +

زرامانت وآدمی وگھوڑا وچاندی وزمین وہیرا ومن انھون کو چورانا سونا چرانے کے برابر ہے ۵۷ سگی بہن وکماری وچانڈالی و دوست کی استری و بیٹے کی
استری انھون کے ساتھ جماع کرنا ماتا کے ساتھ جماع کرنے کے برابر ہے ۵۸ گئو کو مارنا اور جو جگ کرنے کے لائق نہین ہے اوسکو جگ کرانا دوسرے کی استری
سے جماع کرنا اپنی آتما کو فروخت کرنا وگورو وماتا وپتا کا ترک وبید خوانی واگن کی سیوا وبیٹا انھونکو ترک کرنا ۵۹ بے شادی وبڑے بھائی کے ہونے پر چھوٹے بھائی کی
شادی ہوجانا اور اون دونون بھائیونکو کنیان دینا اور اونکو جگ کرانا ۶۰ کنیان کی فرج مین انگلی ڈال کر باعیب کرنا سود لے کر زندگی بسر کرنا برہم چاری ہوکر جماع

निक्षेपस्यापहरणंनराश्वरजतस्यच भूमिवज्रमणीनांचरुक्मस्तेयसमंस्मृतम् ॥५७॥
रेतस्सेकःस्वयोनीषुकुमारीष्वंत्यजासुच सख्युःपुत्रस्यचस्त्रीषुगुरुतल्पसमंविदुः ।५८।
गोवधोऽयाज्यसंयाज्यपारदार्यात्मविक्रयाः गुरुमातृपितृत्यागःस्वाध्यायाग्न्योःसुतस्यच
।५९। परिवित्तितानुजेनोढेपरिवेदनमेवच तयोर्दानंचकन्यायास्तयोरेवचयाजनम् ।६०।
कन्यायादूषणंचैववार्द्धुष्यंव्रतलोपनम् तडागारामदाराणामपत्यस्यचविक्रयः ॥६१॥
व्रात्यताबांधवत्यागोभृत्याध्यापनमेवच भृताच्चाध्ययनादानमपण्यानांचविक्रयः।६२
सर्वाकरेष्वधीकारोमहायंत्रप्रवर्तनम् हिंसौषधीनांस्त्र्याजीवोभिचारोमूलकर्मच॥६३॥
इन्धनार्थमशुष्काणांद्रुमाणामवपातनम् आत्मार्थंचक्रियारम्भोनिंदितान्नादनन्तथा ६४।

کرنا تالاب وباغیچہ واستری وبیٹے کو فروخت کرنا ۶۱ وقت پر جگیوپویت نہونا چاچا وغیرہ کی سیوا نکرنا دولت لے کر پڑھانا دولت دے کر پڑھنا تل وغیرہ جو فروخت
کرنے کے لائق نہین ہین اونکو فروخت کرنا ۶۲ سونے وغیرہ کی پیدائش کا جو مقام ہے اوسپر حکم راجہ سے اختیار ہونا پل وغیرہ کا باندھنا دواؤن کا مارنا یعنی کشتہ
بنانا اپنی عورت کو کسبی بناکر دوسرے مرد کے جماع سے جو دولت ملے اوس سے اوقات بسر کرنا شاستر مین لکھے ہوئے مارن پریوگ کو کرنا منتر و دوا وغیرہ کے
دینے سے بسی کرن کرنا ۶۳ ایندھن کیواسطے گیلے درخت کو گرانا بدون دیوتا و پترونکے صرف اپنی ہی واسطے رسوئی بنانا بدون خواہش کے ایکدفعہ لہسن وغیرہ جو کھانیکے لائق نہین ہے اوسکو کھانا ۶۴

اوہکار ہوتے ہوئے اگن ہوتر کا ترک کرنا سونا چھوڑ کر چاندی وغیرہ کا چورانا تینون رن یعنی رکھہ رن دیو رن پتر رن انکا نہ چھوڑانا بید و دھرم شاستر سے جو خلاف شاستر ہے
اوسکا سیکھنا ناچنا گانا بجانا ٦٥ دھان و تانبا و لوہا وغیرہ و چارپایہ کا چورانا شراب پینے والی استری سے جو کہ براہمن و چھتری و بیس کی استری ہے اوسکے ساتھ جماع کرنا استری
شودر و بیس و چھتری انکو نکا مارنا پرلوک نہین ہے ایسا سمجھنا یہ سب ایک ایک اُپ پاتک کہاتے ہین ٦٦ براہمن کو دنڈ دینا یعنی اوسکو ہاتھہ پانون وغیرہ کی پیڑا دینا نہین پینا
و شراب انکو نکا سونگھنا کُٹل پنا مکھہ وغیرہ مین میتھن یعنے جماع کرنا یہ سب ذات کو بھرشٹ کرنے والے ہین ٦٧ گدہا گھوڑا اونٹ ہاتھی بکرا بھیڑا مچھلی سانپ بھینسا

अनाहिताग्निता स्तेयमृणानामनपक्रिया असच्छास्त्राधिगमनं कौशीलवस्य च क्रिया ६५।
धान्यकुप्यपशुस्तेयं मद्यपस्त्रीनिषेवणम् स्त्रीशूद्रविट्क्षत्रवधो नास्तिक्यं चोपपातकम् ।६६।
ब्राह्मणस्य रुजः कृत्या घ्रातिरघ्रेयमद्ययोः जैह्म्यं च मैथुनं पुंसि जातिभ्रंशकरं स्मृतम् ॥ ६७ ॥
खराश्वोष्ट्रमृगेभानामजाविकवधस्तथा संकरीकरणं ज्ञेयं मीनाहिमहिषस्य च ॥ ६८ ॥ ६८ ॥
निन्दितेभ्यो धनादानं वाणिज्यं शूद्रसेवनम् अपात्रीकरणं ज्ञेयमसत्यस्य च भाषणम् ।६९।
कृमिकीटवयोहत्या मद्यानुगतभोजनम् फलैधःकुसुमस्तेयमधैर्यं च मलावहम् ॥ ७० ॥
एतान्येनांसि सर्वाणि यथोक्तानि पृथक् पृथक् यैर्यैर्व्रतैरपोह्यन्ते तानि सम्यङ्निबोधत ॥ ७१ ॥
ब्रह्महा द्वादश समाः कुटीं कृत्वा वने वसेत् भैक्ष्याश्यात्मविशुद्ध्यर्थं कृत्वा शवशिरोध्वजम् ७२

انکو نکا مارنا سنکری کرن کہاتا ہے ٦٨ نندت آدمی سے دھن لینا بنیا کا کام کرنا سودر کا سیون کرنا جھونٹھ بولنا یہ سب اپاترمی کرن کہاتے ہین ٦٩ چھوٹے کیڑے
بڑے کیڑے و پرند انکو نکا مارنا بھوجن کے لائق چیز تیاری مین رکھی ہوئی شراب کے ساتھہ آئی ہوئی اوس چیز کا بھوجن کرنا پھل و لکڑی و پھول کا چورانا دھیرج نکرنا یہہ
سب ملاوہ کہاتا ہے ٧٠ یہ سب پاپ علیحدہ علیحدہ کہے یہ سب جس جس برت کرکی دور ہوتے ہین اون برتونکو جانو ٧١ براہمن کو مارنیوالا اپنے پاک ہونیکو و اسطے بن مین کُٹی بناکر
١٢ سال تک اوسمین قیام کرے جس براہمن کو مارا ہو اوسکا سر دھجا مین رکھہ کر بھیکھہ مانگے یہ پرشچت و گن براہمن کے مارنے والے کو ان براہمن کو بدون اچھا سے مارے وہان جاننا ٧٢

خواہ اپنی خواہش سے علم اسلحہ کو جاننے والے آدمیون کے اسلحہ کا نشانہ ہووے خواہ نیچے سر کرکے تین دفعہ اپنی آتما کو اگن مین ڈالے یہ پراشچت ہے اور آگے کے اشلوک
مین جو اشومید ھ جگ کہینگے سو بھی نرگن براہمنون کو گئوان چھتری اچھا سے مارے وہان جاننا ۷۳ خواہ اشومیدہ سرجت گوسب ابھجت بشوجت ترورت اگنشوت
انہون مین سے کوئی ایک جگ کرے یہ پراشچت اگیان سے براہمن کو مارے وہان براہمن وغیرہ تینون برن کو جاننا ۷۴ برہم ہتیا چھوڑانے کے واسطے تھوڑا بھوجن
کرتا ہوا اندری یون پر غالب کسی ایک بید کو پڑھتا ہوا سو جوجن گمن کرے یہ بھی اگیان سے براہمن ذات کے مارنے مین براہمن چھتری بیس کو پراشچت جاننا ۷۵ خواہ بید

लक्ष्यंशस्त्रभृतांवास्याद्विदुषामिच्छयात्मनः प्रास्येदात्मानमग्नौवासमिद्धेत्रिरवाक्शिराः ॥
।७३। यजेतवाश्वमेधेनस्वर्जितागोसवेनवा अभिजिद्विश्वजिद्भ्यांवात्रिवृताग्निष्टुतापिवा ।७४।
जपन्वान्यतमंवेदंयोजनानांशतंव्रजेत् ब्रह्महत्यापनोदायमितभुङ्नियतेन्द्रियः ॥ ७५ ॥
सर्वस्वंवेदविदुषेब्राह्मणायोपपादयेत् धनंवाजीवनायालंगृहंवासपरिच्छदम् ॥ ७६ ॥
हविष्यभुग्वानुसरेत्प्रतिस्रोतःसरस्वतीम् जपेद्वानियताहारस्त्रिर्वैवेदस्यसंहिताम् ॥ ७७ ॥
कृतवापनोवानिवसेद्ग्रामान्तेगोव्रजेपिवा आश्रमेवृक्षमूलेवागोब्राह्मणहितेरतः ॥ ७८ ॥

پڑھے ہوئے براہمن کو تمام دھن دیوے خواہ تمام عمر تک بھوجن کیواسطے براہمن کو دھن دیوے یا گھر مع سامان براہمن کو دیوے یہ بھی اگیان سے براہمن ذات کے مارنے مین
براہمن کو جاننا ۷۶ خواہ ہبس بھوجن کرتا ہوا پچھم باہنی سرسوتی مین اسنان کرے خواہ تھوڑا بھوجن کرتا ہوا تین دفعہ بید کی سنگھتا کو پڑھے یہ گیان سے براہمن ذات کو مارنے مین براہمن کو جاننا ۷۷
گئو براہمن کا بھلا کرتا ہوا مع ڈاڑھی و مونچھ سونڈ مونڈائی ناخن کٹائے گانون کے روبرو خواہ گئو کے مقام یا درخت کی جڑ مین قیام کرے بن مین کٹی بنا کر بھی اسی بکلپ کے واسطے یہ کہا ہے ۷۸

خواہ بارہ سال کے برت کا آغاز کیا ہے اور درمیان مین براہمن وگوئی بپت چھوڑانے کے واسطے پران کا تیاگ کرے تو اوسیوقت برہم ہتیا سے چھوٹتا ہے ۷۹ کوئی شخص
براہمن کا سب دھن چورا کرلئے جاتا ہے اوسکے لانے کے واسطے طاقت کے موافق بہانہ چھوڑ کر تدبیر کرے اور تین دفعہ جنگ کرے اور براہمن کے چوری گئے دھن کو لابھی نہ سکے تو
برہم ہتیا سے چھوٹتا ہے خواہ دھن جانے سے دکھی براہمن چور کے ساتھ جنگ کرنے سے پران کے تیاگ کرنے مین مشغول ہو تو جو دھن چوری گیا اوسکے برابر دھن دے کر اوسکی پران
کی رچھا کرے تو بھی برہم ہتیا سے چھوٹتا ہے استقام بریہ شک ہوتا ہے کہ یہ بات اوناسی کے اشلوک مین لکھ آئے ہین پھر دوبارہ کیون کہا تو اوسکا جواب یہ ہے کہ اس طرح کا
مرن چھوڑ کر دوسری طرح سے گئو و براہمن کی رچھا کیواسطے بدن کو ترک کرے وہان اوناسی کے اشلوک کا مطلب جاننا اسلئے دوبارہ کہنے کا دوش نہین ہوا ۸۰ اس ریت سی ہمیشہ

ब्राह्मणार्थे गवार्थे वा सद्यः प्राणान्परित्यजेत् मुच्यते ब्रह्महत्याया गोप्ता गोर्ब्राह्मणस्य च ॥ ७९

त्र्यवरं प्रतिरोद्धा वा सर्वस्वमवजित्य वा विप्रस्य तन्निमित्ते वा प्राणलाभे विमुच्यते ॥ ८० ॥

एवं दृढव्रतो नित्यं ब्रह्मचारी समाहितः समाप्ते द्वादशे वर्षे ब्रह्महत्यां व्यपोहति ॥ ८१ ॥ ८१ ॥

शिष्ट्वा वा भूमिदेवानां नरदेवसमागमे स्वमेनोऽवभृथस्नातो हयमेधे विमुच्यते ॥ ८२ ॥

धर्मस्य ब्राह्मणो मूलमग्रं राजन्य उच्यते तस्मात्समागमे तेषामेनो विख्याप्य शुद्ध्यति ।

।८३। ब्राह्मणः संभवेनैव देवानामपि दैवतम् प्रमाणं चैव लोकस्य ब्रह्मात्रैव हि कारणम् । ८४ ।

ہی برت کا کرنے والا بے اندیشہ ہوکر برہم چرج کرنے والا بارہ سال کے تمام ہونے پر برہم ہتیا سے چھوٹتا ہے ۸۱ خواہ برہم ہتیا کرنے والا براہمن اشومیدھ جگ کے انت اسنان
کے وقت راجہ کے پاس جاکر برہم ہتیا کو ظاہر کرکے اوسکے ساتھ اسنان کرے تو برہم ہتیا سے چھوٹتا ہے یہ پراشچت سو منتر ہے کسی کا انگ نہین ہے ۸۲ کیونکہ براہمن
دھرم کا مول ہے اور چھتری دھرم کا حصہ پیشین ہے اس لئے دونون سے اپنے پاپ کو کہہ کر پاک ہوتا ہے ۸۳ براہمن اپنی پیدائش کرکے ہی
دیوتاؤن کا دیوتا ہے اور اوسکا اپدیش سب کے ماننے کے لایق ہے ان باتون مین بید ہی سبب ہے اور اپدیش کا مول بید ہی ہے ÷ ۸۴ ÷

بید پڑھے ہوئے تین براہمن جو پراشچت کہیں وہی پاک ہے کیونکہ بید پاٹھی براہمن کی بانی ہی پاک ہے ۸۵ کہے ہوئے پراشچتون مین ایک بھی کرے اور برہم کو جانے تو برہم ہتیا سے چھوٹتا ہے
۸۶ براہمنی مین براہمن سے پیدا ہوئے حمل کے فنا مین بھی یہی برت ہے جگ کرتے ہوئے چھتری وبیس و براہمن کی رجسولا استری انہون مین کسی ایک کے مارنے مین بھی پہلے کہے ہوئے
برتون مین سے کسی ایک برت کو کرے ۸۷ گواہ ہوکر جھوٹھ بولنے مین گورو کو جھوٹھا دوش لگانے مین براہمن کا سونا چھوڑکر چاندی وغیرہ زرامانت اور چھتری وغیرہ کا سونا وغیرہ زرامانت لینے مین و اگنی ہوتری براہمن
کی استری کی مارنے مین دوست کے مارنے مین برہم ہتیا کا برت کرنا چاہیئے ۸۸ یہ جو بارہ سال کا پراشچت کہا ہے سو بدون خواہش کے براہمن کے مارنے مین جاننا اور خواہش سے براہمن کے مارنے

तेषांवेदविदोब्रूयुस्त्रयोप्येनस्सुनिष्कृतिम् सातेषाम्पावनायस्यात्पवित्रंविदुषांहि वाक् ।
।८५। अतोन्यतममास्थाय विधिंविप्रःसमाहितः ब्रह्महत्याकृतंपापंव्यपोहत्यात्मवत्तया ॥
८६॥ हत्वागर्भमविज्ञातमेतदेवव्रतंचरेत राजन्यवैश्यौचेजानावात्रेयीमेवचस्त्रियम् ८७।
उक्त्वाचैवानृतंसाक्ष्येप्रतिरुध्यगुरुन्तथा अपहृत्यचनिःक्षेपंकृत्वाचस्त्रीसुहृद्वधम् । ८८।
इयंविशुद्धिरुदितामप्याकामतोद्विजम् कामतोब्राह्मणवधेनिष्कृतिर्नविधीयते ॥ ८९।
सुराम्पीत्वाद्विजोमोहादग्निवर्णांसुराम्पिवेत तयास्वकायेनिर्दग्धेमुच्यतेकिल्बिषात्ततः ९०
गोमूत्रमग्निवर्णम्वापिबेदुदकमेववा पयोघृतम्वामरणाद्गोशकृद्रसमेववा ॥ ९१ ॥ ९१॥
कणान्वाभक्षयेदब्दंपिण्याकंवासकृन्निशि सुरापानापनुत्यर्थंवालवासाजटीध्वजी ॥ ९२।

ہین یہ پراشچت نہیں ہے بلکہ اسکا دو چند ہے ۸۹ براہمن چھتری بیس یہ سے تینون برن پیشٹی سُرا کو بیکر اگن برن شراب کو پیوین اوس کرکے بدن فانی ہونے سے اوس پاپ سے چھوٹتے
ہین ۹۰ گو موتر خواہ جل گئو کا دودھ گئو کا گھی گئو کے گوبر کا رس انمین سے کسی ایک کو اگن برن کرکے پیوے اور اوس سے مرجاوے تو پاک ہووے ۹۱ گئو وغیرہ کے رُوم
سے کپڑے بناکر پہنے اور جٹا دھارن کرے ہوئی اور شراب کے برتن کا نشان لگاکر چاول کا کن اور تل کی کھری ان دونون مین سے ایک کو رات مین ایکدفعہ ایکسال تک بھوجن کرے
تو شراب نوشی کے پاپ سے چھوٹے یہ پراشچت بدون جانکر گئون شراب نوشی مین جاننا چاہیئے + ۹۲ + ۹۲ + ۹۲ +

ان کے مل کو سُرا کہتے ہین اسلیئے براہمن دچھتری وبیس سُرا کو نہ پیوین ۹۳ گوڑی مادھوی پیشٹی تین قسم کی شراب ہے یعنی گوڑ و مدھ و پان سے بنائی جاتی ہین جیسی ایک ویسی
ہی تینون ہین اسلیئے براہمن تینون کو نہ پیوے ۹۴ مدیہ یعنی تینون قسم کی شراب کو چھوڑکر جو پولست رکھہ نے گیارہ قسم کی شراب کو کہا ہے سو سب گناتے ہین کھجور داکھہ مہوا کھجور
تاڑ اوکھہ مدھ ٹنک مردوی مرا ناریل انھون سے بنایا ہوا شراب مانس سُرا آساو ان سکو جچھہ راچھس پشاچ کا ان کہتے ہین اسلیئے دیوتون کے ہبت کو بھوجن کرنیوالا براہمن
ان سب کو نہ پیوے ۹۵ براہمن شراب نوشی کے غفلت حاصل کرکے ناپاکی مین گریگا بید کے منترونکو کہیگا نہ کرنے کے لائق کام کو کریگا اسلیئے شراب کو نہ پیوے ۹۶ جس

सुरावैमलमन्नानां पाप्मा चमलमुच्यते तस्माद्ब्राह्मणराजन्यो वैश्यश्चनसुराम्पिवेत ॥ ९३ ॥
गौडीपैष्टीचमाध्वीचविज्ञेया त्रिविधासुरा यथैवैकातथासर्वानपातव्या द्विजोत्तमैः ॥ ९४ ॥
यक्षरक्षः पिशाचान्नं मद्यंमांसंसुरासवम् तद्ब्राह्मणेननात्तव्यंदेवानामश्नुताहविः ॥ ९५ ॥
अमेध्येवापतेन्मत्तो वैदिकम्वाप्युदाहरेत् अकार्यमन्यत्कुर्य्याद्वाब्राह्मणेमदमोहितः ९६
यस्यकायगतंब्रह्ममद्येनाप्लाव्यतेसकृत् तस्यव्यपैतिब्राह्मण्यंशूद्रत्वंचसगच्छति ॥ ९७ ॥
एषाविचित्राऽभिहितासुरापानस्यनिष्कृतिः अतऊर्द्ध्वंप्रवक्ष्यामिसुवर्णस्तेयनिष्कृतिम ॥ ९८ ॥
सुवर्णस्तेयकृद्विप्रोराजानमभिगम्यतु स्वकर्मख्यापयन्ब्रूयान्माभवाननुशास्त्विति ॥ ९९ ॥
गृहीत्वामुसलंराजासकृद्धन्यात्तुतंस्वयम् वधेनशुद्धतिस्तेनोब्राह्मणस्तपसैवतु ॥ १०१ ॥ १००॥

براہمن کے سینہ مین قائم بید ایک دفعہ بھی شراب نوشی سے ڈوبیگا اوس براہمن کا برہم تیج جاتا رہیگا اور وہ براہمن سودر بھاو کو پراپت ہوگا ۹۷ یہ شراب نوشی کا پرچشتر پراشچت کہا
اسکے بعد سونا چورانے کے پراشچت کو کہینگے ۹۸ براہمن سونا چورا کر راجہ کے پاس جا کر کہے کہ مین سونا چورانے والا ہون آپ مجھکو سزا دین ۹۹ راجہ آپ موسل لیکر
ایک دفعہ اوسکو مارے چوری کرنے والا قتل خواہ قتل کے برابر مار پیٹ سے پاک ہوتا ہے جو کہ براہمن کو سزا بدنی نہین ہے اسواسطے بھرگ جی کہتے ہین کہ براہمن تپ سے
ہی پاک ہوتا ہے ۱۰۰

تپ سے سونا چرانے کے پاپ کو دور کرنے کی خواہش کرنیوالا کپڑے کا ٹکڑا پہن کر بن مین جاکر اوس برت کو کرے جسکے کرنے سے برہم ہتیا دور ہوتی ہے یعنی سونا چرانا برہم ہتیا کے
برابر ہے ۱۰۱ براہمن ان برتونکو کرکے چوری کے پاپون کو دور کرے اور والدہ سے جماع کرنے کے پاپ کو برت مرقومہ ذیل کے وسیلے سے دور کرے ۱۰۲ والدہ سے جماع کرنے
والا اپنے پاپ کو کہہ کر گرم آہن کے پلنگ پر سووے خواہ لوہے کی عورت بنا کر آگ مین گرم کرکے اوس سے بغل گیری کرے ۱۰۳ خواہ آلت و فوطہ کو کاٹ کر اپنی انجلی مین رکھ کر
گوشہ جنوب و غرب مین سیدھا چلا جاوے جب تک وفات نپاوے ۱۰۴ خواہ پلنگ کا ایک جزو ہاتھ مین لئے ہوئے کپڑے کا ٹکڑا پہنے ہوئے ناخن و موے بدن و داڑھی و

तपसापनुनुत्सुस्तु सुवर्णस्तेयजं मलम् चीरवासा द्विजोरण्ये चरेद्ब्रह्महणो व्रतम् ॥ १०१ ॥ + ॥
एतैर्व्रतैरपोहेत पापं स्तेयकृतं द्विजः गुरुस्त्रीगमनीयन्तु व्रतैरेभिरपानुदेत ॥ १०२ ॥ १०२ ॥
गुरुतल्प्यभिभाष्यैनस्तप्ते स्वप्यादयोमये सूर्मीं ज्वलन्तीं स्वाश्लिष्येन्मृत्युना स विशुध्यति
॥ १०३ ॥ स्वयम्वा शिश्नवृषणावुत्कृत्याध्याय चाञ्जलौ नैर्ऋतीं दिशमातिष्ठेदानिपातादजिह्म
गः ॥ १०४ ॥ खट्वाङ्गी चीरवासा वा श्मश्रुलो विजने वते प्राजापत्यं चरेत्कृच्छ्रमब्दमेकं समाहितः ॥
। १०५ । चान्द्रायणम्वा त्रीन्मासानभ्यस्येन्नियतेन्द्रियः हविष्येण यवाग्वा वा गुरुतल्पापनुत्तये १०६
एतैर्व्रतैरपोहेयुर्महापातकिनो मलम् उपपातकिनस्त्वेवमेभिर्नानाविधैर्व्रतैः ॥ १०७ ॥
उपपातकसंयुक्तो गोघ्नो मासं यवान्पिवेत् कृतवापो वसेद्गोष्ठे चर्मणा तेन संवृतः ॥ १०८ ॥

مونچھ کو دھارن کئے ہوئے بے فکر ہو کر ویران جنگل مین ایکسال تک پراجاپت برت کو کرے یہ پراشچت اگیان سے اپنی استری جانکر جماع والدہ مین جاننا چاہیے ۱۰۵ خواہ
حواس کو قبضہ کرکے ہبکشہ خواہ جو کی لپسی کو بھوجن کرتا ہوا والدہ سے جماع کرنیکے پاپ کو دور کرنیکے واسطے تین مہینہ تک چاندراین برت کو کرے یہ پراشچت غیرپت برتا خواہ دوسرے برن
کے گرو بھارجا سے جماع کرنے مین جاننا چاہیے ۱۰۶ مہاپاتکی لوگ ان برتون سے اپنے پاپ کو دور کرین اور اپ پاتکی لوگ برت مرقومہ ذیل سے اپنے پاپ کو دور کرین
۱۰۷ اپ پاتکی گئو کا مارنے والا ایک مہینہ تک جو کے ستو پیوے ناخن و موے بدن وغیرہ کو نہرنی و چھورے سے کتوا کر گئو کا چمڑا اوڑھ کر گئو کے مقام مین قیام کرے ۱۰۸

ایک دن برت کرکے دوسرے دن پہلی دفعہ تھوڑا بھوجن کرے حواس پر غالب ہو کر دو مہینے تک گوموتر سے اسنان کرے ۹ ॥ ۱۰ دن مین گؤ کے پیچھے چلے کھڑا ہو کر گؤ کے کھر سے اوڑتی ہوئی دھول کو پیوے سیوا کرتا ہوا نمسکار کرکے رات مین بیراسن سے رہے ۱۰ ॥ گؤ کھڑی ہو تو آپ بھی حسد و بغض سے علیحدہ و غالب بر حواس ہو کر کھڑا رہے گؤ چلے تو آپ بھی او سکے پیچھے چلے گؤ بیٹھے تو آپ بھی بیٹھے ॥۱۱ جو گؤ بیمار ہے اور چور و شیر وغیرہ کے خوف سے مشمول ہو خواہ گر پڑی ہو یا کیچ مین پھنس گئی ہو اوسکو سب تدبیرون سے حتی المقدور چھوڑا دے ۱۲ ॥ گرمی و برسات و جاڑا و آندھی مین اپنے مقدور کے موافق بدون حفاظت کرنے گؤ کے اپنی حفاظت

चतुर्थकालमश्नीयादक्षारलवणं मितम् गोमूत्रेणाचरेत्स्नानं द्वौ मासौ नियतेन्द्रियः ॥ १०९ ।
दिवानुगच्छेद्गास्तास्तु तिष्ठन्नूर्द्ध्वं रजः पिबेत् शुश्रूषित्वा नमस्कृत्य रात्रौ वीरासनं वसेत् ॥ ११० ॥
तिष्ठन्तीष्वनुतिष्ठेत्तु व्रजन्तीष्वप्यनुव्रजेत् आसीनासु तथासीनो नियतो वीतमत्सरः ॥ १११ ।
आतुरामभिशस्तां वा चौरव्याघ्रादिभिर्भयैः पतितां पङ्कलग्नां वा सर्वोपायैर्विमोचयेत् ॥
११२ ॥ उष्णे वर्षति शीते वा मारुते वाति वा भृशम् न कुर्वीतात्मनस्त्राणं गोरकृत्वा तु शक्तितः ११३
आत्मनो यदि वाऽन्येषां गृहे क्षेत्रेऽथवा खले भक्षयन्तीं न कथयेत् पिबन्तं चैव वत्सकम् ॥ ११४ ।
अनेन विधिना यस्तु गोघ्नो गामनुगच्छति स गोहत्याकृतं पापं त्रिभिर्मासैर्व्यपोहति ॥ ११५ ॥
वृषभैकादशा गाश्च दद्यात्सुचरितव्रतः अविद्यमाने सर्वस्वं वेदविद्भ्यो निवेदयेत् ॥ ११६ ॥ + ॥

نکرے ۳ ॥ اپنے خواہ دوسرے کے گھر مین خواہ کھلیان یا کھیت مین چرتی ہوئی گؤ کو نہ کہے اور بچھڑے کو پلاتی ہو تو بھی نہ کہے ۴ ॥ گؤ کا مارنے والا آدمی اس طریق سے گؤ کے پیچھے چلے تو تین مہینہ مین گؤ کی ہتیا سے چھوٹ جاوے ۱۱۵ ॥ سندر ریت سے برت کرکے ایک بیل

अ. ११

و دس گؤ کو دیوے اگر اتنا نہو سکے تو بید پڑھے ہوئے براہمن کو سب دھن دیوے + ۱۱۶ + ۱۱۶ + ۱۱۶ +

آگے جو اوکیرنی برت کو کہینگے اوسکو چھوڑ کر براہمن وچھتری ویہیس یہ اپ پاتک سے مشمول ہو وین تو پاک ہونے کے واسطے اسی برت کو کرین خواہ چاندراین برت
کو کرین ۱۱۷ اوکیرنی چوراہہ مین پاک جگ بدھان کر کے رات مین نزرت دیوتا کے واسطے کانا گدہا سے جاگ کرے ۱۱۸ اگن مین بدھ کے موافق سمان سنچنتو
نامرتہ اس منتر سے بایو اندر اگن ان سبکو گھی سے آہت دیوے ۱۱۹ براہمن چھتری بیس یہ تینون برن برت مین قائم ہین اور خواہش سے نطفہ کو گراوین
تو برت کا لنگھن ہوا اسبات کو دہرم جاننے والے برہم بادیون نے کہا ہے ۱۲۰ اوکیرنی لنیے حالت برہم چرج مین بیرج کو گرانیوالی کا برہم

एतदेवव्रतंकुर्य्युरुपपातकिनोद्विजाः अवकीर्णिवर्ज्जंशुद्ध्यर्थंचान्द्रायणमथापिवा ॥११७॥
अवकीर्णीतकाणेनगर्द्दभेनचतुष्पथे पाकयज्ञविधानेनयजेतनिर्ऋतिन्निशि ॥ ११८ ॥
हुत्वाऽग्नौविधिवद्धोमानंततश्चसमेत्यृचा वातेन्द्रगुरुवन्हीनांजुहुयात्सर्पिषाहुतीः ।११९।
कामतोरेतसस्सेकंव्रतस्थस्यद्विजन्मनः अतिक्रमम्व्रतस्याहुर्द्धर्म्मज्ञाब्रह्मवादिनः ।१२०
मारुतम्पुरुहूतंचगुरुम्पावकमेवच चतुरोव्रतिनोभ्येतिब्राह्मन्तेजोवकीर्णिनः ॥१२१॥
एतस्मिन्नेनसिप्राप्तेवसित्वागर्द्दभाजिनम् सप्तागारांश्चरेद्भैक्षंस्वकर्मपरिकीर्तयन् ॥१२२।
तेभ्योलब्धेनभैक्षेणवर्त्तयन्नेककालिकम् उपस्पृशंस्त्रिषवणंत्वब्देनसविशुध्यति ।१२३
जातिभ्रंशकरंकर्म्मकृत्वान्यतममिच्छया चरेत्सान्तपनंकृच्छ्रंप्राजापत्यमनिच्छया १२४

تیج بایو اندر گورو اگن ان چارون کے پاس جاتا ہے ۱۲۱ اس پاپ کو چھوڑانے کے واسطے گدہے کا چمڑا اوڑھ کر اپنے کرم کو کرتا ہوا سات گھر
سے بھیچھا مانگے ۱۲۲ اون بھچھا کو ایکدفعہ بھوجن کرتا ہوا وقت صبح و دوپہر وشام کے اسنان کرتا ہوا اوقات گذاری کرے تو ایکسال مین پاک ہووے ۱۲۳ ذات سے خارج کرنے
والے کامون مین کسی ایک کرم کو خواہش سے کرکے سانتپن کرچھ برت کو کرے اور بدون خواہش کے کیا ہو تو پراجاپت برت کو کرے برتون کا لچھن آگے کہینگے ۱۲۴ +

سنکری کرن کرموں مین اور اُپاترکی کرن کرموں مین کسی ایک کرم کو خواہش سے کرنمین ایک مہینہ چاندراین برت کو کرے اور ملنی کرن کرمون مین کسی ایک کرم کو خواہش سے کرنے مین
تین دن جَو کی لپسی بھوجن کرے ۱۲۵ اپنے کرم مین قائم چھتری بیس شُودر کے قتل کرنے مین سلسلہ سے چوتھے آٹھوین سولھوین حصہ برت کو جاننا مگر یہ سب برت خواہش
سے کرم کرنے مین جاننا ۱۲۶ براہمن بدون خواہش کے چھتری کو قتل کرے تو ہزار گئو و ایک بیل براہمن کو دیوے ۱۲۷ خواہ جٹا دھاری ہوکر نیم سے گانون کے باہر درخت
کی جڑ مین مقیم ہوکر تین سال تک برہم ہتیا کا برت کرے اسکو بلا خواہش قتل کرنے مین جاننا چاہیئے ۱۲۸ براہمن (اپنے کرم مین قائم بیس) کو قتل کرکے ایکسال تک برہم ہتیا

संकरापात्रकृत्यासु मासं शोधनमैन्दवम् मलिनीकरणीयेषु तप्तः स्याद्यावकैस्त्र्यहम् ॥ १२५ ॥
तुरीयो ब्रह्महत्यायाः क्षत्रियस्य वधे स्मृतः वैश्येऽष्टमांशो वृत्तस्थे शूद्रे ज्ञेयस्तु षोडशः ॥ १२६ ॥
अकामतस्तु राजन्यं विनिपात्य द्विजोत्तमः वृषभैकसहस्रा गा दद्यात्सुचरितव्रतः ॥ १२७ ॥
त्र्यब्दं चरेद्वा नियतो जटी ब्रह्महणो व्रतम् वसन्दूरतरे ग्रामाद्वृक्षमूलनिकेतनः ॥ १२८ ॥ ❖ ॥
एतदेव चरेदब्दं प्रायश्चित्तं द्विजोत्तमः प्रमाप्य वैश्यं वृत्तस्थं दद्याच्चैकशतं गवान् ॥ १२९ ॥
एतदेव व्रतं कृत्स्नं षण्मासान्ब्रह्महा चरेत् वृषभैकादशा वापि दद्याद्विप्राय गाः सिताः ॥ १३० ॥
मार्जारनकुलौ हत्वा चाषं मंडूकमेव च श्वगोधोलूककाकांश्च शूद्रहत्याव्रतं चरेत् ॥ १३१ ॥
पयः पिबेत्त्रिरात्रं वा योजनं वाध्वनो व्रजेत् उपस्पृशेत्स्रवन्त्यां वा सूक्तं वाब्दैवतं जपेत् । १३२ ।

کے برت کو کرے خواہ ایکسو ایک گئو دان کرے بلا خواہش قتل کرنے مین اس برت کو جاننا ۱۲۹ براہمن سوُدر کو قتل کرنے مین چھ مہینہ تک برہم ہتیا کے برت کو کرے ایک
بیل سفید رنگ و دس گئو براہمن کو دیوے یہ بھی بلا خواہش قتل کرنے مین جاننا ان سب برتون کے کرنے مین کپال و دھجا کو چھوڑ دینا ۱۳۰ بلّی نیولا نیل کنٹھ مینڈھک کتّا
گوہ اُلّو کوّا انھون مین سے کسی ایک کو شودر قتل کرکے ہتیا کے برت کو کرے ۱۳۱ خواہ تین رات دُودھ پیوے اسمین بے مقدور ہو تو تین رات تک چار کوس چلے یہ بھی نکر سکے
تو تین رات ندی مین اشنان کرے یہ بھی نہو سکے تو آپو ہشٹھا نام سُوکت کا جپ کرے یہ سب بلا خواہش کے قتل کرنے مین جاننا چاہیئے ۱۳۲ +

سانپ کو مارکر لوہے کا دنڈ جسکا حصہ پشین اچّھا ہو براہمن کو دیوے اور مخنّث کو مارکر ایک بوجھ پوارا اور ایک ماشہ سیسا ان دونون کو دیوے ۱۳۳ سور کے مارنے مین
گھی کا گھڑا اور تیتر کے مارنے مین ایک درون تل اور طوطا کے مارنے مین دو سال کا بچھڑا اور کرونچ نام جانور کو مارکر تین سال کا بچھڑا براہمن کو دیوے ۱۳۴ ہنس
بلا کا بگلا مور بندر باز بھاس ان سب مین سے کسی ایک کو مارکر براہمن کو گئو دیوے ۱۳۵ گھوڑا کو مارکر کپڑا دیوے اور ہاتھی کو مارکر پانچ بیل براہمن کو دیوے
بکرا و بھیڑا ان مین سے کسی ایک کو مارکر ایک بیل دیوے گدہے کو مارکر ایکسال کا بچھڑا دیوے ۱۳۶ شیر وغیرہ جو کچے گوشت کے کھانے والے ہین اونکو مارکر کے

अभ्रिंकाषणायसोंदद्यात्सर्प्पंहत्वाद्विजोत्तमः पलालभारकंषंढेसैसकंचैकमाषकम् ॥१३३॥
घृतकुम्भंवराहेतुतिलद्रोणन्तुतित्तिरौ शुकेद्विहायनम्वत्सं क्रौंचंहत्वात्रिहायनम् ।१३४।
हत्वाहंसंवलाकांचवकम्वर्हिणमेवच वानरंश्येनभासौचस्पर्शयेद्ब्राह्मणायगाम् ॥१३५।
वासोदद्याद्धयंहत्वापंचनीलान्वृषान्गजम् अजमेषावनड्वाहंखरंहत्वैकहायनम् ।१३६
क्रव्यादांस्तुमृगान्हत्वाधेनुंदद्यात्पयस्विनीम् अक्रव्यादान्वत्सतरीमुष्ट्रंहत्वातुकृष्णलम् ।
१३७ जीनकार्मुकवस्तावीन्पृथग्दद्याद्विशुद्धये चतुर्णामपिवर्णानान्नारीर्हत्वानवस्थिताः १३८
दानेनवधनिर्णेकंसर्पादीनामशक्नुवन् एकैकशश्चरेत्कृच्छ्रंद्विजःपापापनुत्तये ॥ १३९ ॥
अस्थिमतान्तुसत्वानांसहस्रस्यप्रमापणे पूर्णेचानस्यनस्नान्तुशूद्रहत्याव्रतंचरेत १४०

دودھ دینی ہوئی گئو کو دیوے اور ہرن وغیرہ کو جو کچے گوشت کے کھانے والے نہین ہین اونکو مارکر بچھیا دیوے اونٹ کو مارکر ایک رتّی سونا دیوے ۱۳۷
براہمن وغیرہ چارون برن کی چھنال عورت کو مارکر براہمن چھتری بیس سلسلہ سے چرم پٹ دھنکھ بھیڑ بکرا کو دیوین ۱۳۸ دان سے سب پاپون کو دور کرنہین جاقت ہو تو ایک ایک
کے قتل مین ایک کرچھر برت کو کرے ۱۳۹ ہزار جاندار استخوان دار کے قتل مین اور بے استخوان جاندار گاڑی بھر کے قتل مین سودر ہتیا کے برت کو کرے ۱۴۰

ہاڑ والے جیو کے مارنے مین براہمن کو کچھ دیوے اور بے استخوان جاندار کے مارنے مین پرانایام کرے ۴۱ پھل دینے والے درخت یعنی آنب وغیرہ گلم و بلّی یعنی گرچ لتا
دیھولا ہوا گمرٹھا انھون مین سے ایک ایک کے توڑنے اور اوکھاڑنے مین گایتری وغیرہ رچا کو سو بار جپ کرنا چاہیے ۴۲ ان وغیرہ و گوڑ وغیرہ رس و پھل و پھول ان
سب مین پیدا ہوئے جانداروں کے مارنے مین گھی کو بھوجن کرے ۴۳ جو ان ساٹھی وغیرہ جو تنے سے پیدا ہوتا ہے اور تنّی وغیرہ جو جنگل مین آپ سے پیدا ہوتا ہے
انھون کو بے مطلب اوکھاڑنے مین ایکدن دودھ پی کر رہے اور گئو کے پیچھے چلے ۴۴ جان کر خواہ نہ جان کر جو جاندارونکو مارا اوس پاپ کو ان برتون کے وسیلے سے

किंचिदेवतुविप्रायदद्यादस्थिमतान्वधो अनस्थ्नांचैवहिंसायांप्राणायामेनशुद्ध्यति।१४१
फलदानान्तुवृक्षाणांछेदनेजप्यमृकशतम गुल्मवल्लीलतानांचपुष्पितानांचवीरुधाम१४२
अन्नाद्यजानांसत्वानांरसजानांचसर्वशः फलपुष्पोद्भवानांचघृतप्राशोविशोधनम।१४३।
कृष्टजानामोषधीनांजातानांचस्वयम्वने वृथालम्भेनुगच्छेद्गान्दिनमेकम्पयोव्रतः।१४४।
एतैर्व्रतैरपोह्यंस्यादेनोहिंसासमुद्भवम ज्ञानाज्ञानकृतंकृत्स्नंशृणुतानाद्यभक्षणे ॥१४५॥
अज्ञानाद्वारुणीम्पीत्वासंस्कारेणैवशुद्ध्यति मतिपूर्वमनिर्देश्यम्प्राणान्तिकमितिस्थितिः१४६
अपःसुराभाजनस्थामद्यभांण्डस्थितास्तथा पंचरात्रम्पिबेत्पीत्वाशंखपुष्पीशृतम्पयः।१४७
स्पृष्ट्वादत्वाचमदिरांविधिवत्प्रतिगृह्यच शूद्रोच्छिष्टाश्चपीत्वापःकुशवारिपिबेत्त्र्यहम।१४८।

دور کرنا چاہیے اور جو چیز بھوجن کے لایق نہین ہے اوسکے کھانے مین پراشچت کو سنو ۴۵ بغیر جانے گوڑی و مادھوی نام شراب کو پیوے تو دوسرے سنسکار سے پاک
ہوتا ہے اور جان کر پیوے تو ترک قالب سے پاک ہوتا ہے یہ شاستر کی مرجادا ہے ۴۶ اپشتی نام شراب کے برتن اور مدی نام شراب کے برتن مین رکھا ہوا پانی پیئے
مین سنکھ پشپی نام ادویہ کو گرم دودھ کی ساتھ پانچ رات تک پیوی ۴۷ شراب کو چھو کر دے کر لے کر اور شودر کے جوٹھے جل کو پی کر کُش سے پکے ہوئے جل کو تین دن تک پیوے ۴۸

سوم جاگ کو کرنے والا براہمن شراب پینے والے کی بو سے کو سونگھ کر جل مین تین دفعہ پرانایام کرکے گھی کو بھوجن کرنے سے پاک ہوتا ہے ۱۴۹ جو چیز گوُر و لِشٹا و شراب سے چھو
گئی اونمین سے کسی ایک کو اگیان سے بھوجن کرکے براہمن چھتری بیس پھر سنسکار کے لایق ہوتے ہین ۱۵۰ دوسرے سنسکار مین مُنڈن و میکھلا و دنڈ و بھچھا نہین ہوتے ۱۵۱
بھوجن کے لایق جسکا غلہ نہین ہے وہ غلہ - اور سودر و استری کا جوٹھا غلہ - اور جو گوشت کھانے کے لایق نہین - انمین سے کسی کو بھوجن کرنے مین جَو کے ستّو سات دن
تک پیوے ۱۵۲ اشگت یعنی سُبھاو سے مدھر رس وقت سے خواہ پانی مین رہنے وغیرہ سے کھٹا ہونا - اور کسالی یعنی بہیڑا وغیرہ یہ پاک بھی ہون تو بھی اونکو پی کر تب

ब्राह्मणस्तु सुरापस्य गन्धमाघ्राय सोमपः प्राणानप्सु त्रिरायम्य घृतम्प्राश्य विशुद्ध्यति।१४९
अज्ञानात्प्राश्य विण्मूत्रं सुरासंसृष्टमेव च पुनः संस्कारमर्हन्ति त्रयो वर्णा द्विजातयः॥१५०॥
वपनं मेखला दण्डो भैक्ष्यचर्य्या व्रतानि च निवर्त्तन्ते द्विजातीनां पुनः संस्कारकर्म्मणि।१५१
अभोज्यानां तु भुक्त्वान्नं स्त्रीशूद्रोच्छिष्टमेव च जग्ध्वा मांसमभक्ष्यं च सप्तरात्रं यवान्पिबेत् १५२
शुक्तानि च कषायांश्च पीत्वा मेध्यान्यपि द्विजः तावद्भवत्यप्रयतो यावत्तन्न व्रजत्यधः।१५३॥
विड्वराहखरोष्ट्राणां गोमायोः कपिकाकयोः प्राश्य मूत्रपुरीषाणि द्विजश्चान्द्रायणं चरेत्।१५४
शुष्काणि भुक्त्वा मांसानि भौमानि कवकानि च अज्ञातं चैव सूनास्थमेतदेव व्रतं चरेत्॥१५५॥
क्रव्यादशूकरोष्ट्राणां कुक्कुटानां च भक्षणे नरकाकखराणां च तप्तकृच्छ्रं विशोधनम्॥१५६॥

پاک ہوتا ہے جب تک یہ رس ہضم ہووین ۱۵۳ گانون کا سور گدہا اونٹ گو اسیار انھون کا مُوتر و لِشٹا کو بھوجن کرکے براہمن چھتری بیس چاندراین
برت کو کرین ۱۵۴ سوکھا گوشت اور زمین مین پیدا ہوا کُکرمُتا اور جس گوشت کو جانا نہین کہ وہ کھانے کے لایق ہے یا نہین وہ مقام قتل جانداران رکھا ہو انھون مین سے کسی کے کھانے مین
اوپر کہے ہوئے برت کو کرے ۱۵۵ کچے گوشت کے کھانیوالے باگھ وغیرہ گانون کا سور اونٹ مرغا آدمی کو اگدہا انھون مین سے کسی ایک کے گوشت کھانے مین تپت کرچھ برت کو کرے ۱۵۶

برہمچاری مہینے کی سرادہ کے غلّہ کو بھوجن کرکے تین دن اُپاس کرے اور ایک دن پانی مین رہے ۱۵۷ برہمچاری اگیان سے شراب وگوشت اِن دونون مین سے کسی ایک کو
کھاکر پراجاپت کرچھر کو کرکے باقیماندہ برت کو تمام کرے ۱۵۸ بلار کوا موسا کتّا نیولا اِنھون مین سے کسی ایک کے جوٹھی چیز کو بھوجن کرکے اور بال اور بڑے کیڑے ان دونون
مین کسی ایک سے ملی ہوئی چیز کو بھوجن کرکے سوبرچلا نام ادویہ سے پکے جل کو پیوے ۱۵۹ آپ کو پاک کرنے کی خواہش والا اوس چیز کو جو بھوجن کے لایق نہین ہے بھوجن نکرے
اور اگیان سے بھوجن کیا ہو تو قے کرے یہ نہوسکے تو جلدی پراشچت کرکے اپنی آتما کو پاک کرے ۱۶۰ بھوجن کے لایق جو چیز نہین ہے اوسکے بھوجن مین یہ پراشچت کہا اب چوری

मासिकान्नंचयोऽश्नीयादसमावर्त्तकोद्विजः सत्रीण्यहान्युपवसेदेकाहंचोदकेवसेत ॥ १५७ ॥
ब्रह्मचारी तु योऽश्नीयान्मद्यमांसंकथंचन सकृत्वाप्राकृतंकृच्छ्रंव्रतशेषंसमापयेत ॥ १५८ ॥
विडालकाकाखूच्छिष्टंजग्ध्वाश्वनकुलस्यच केशकीटावपन्नंचपिवेद्ब्रह्मसुवर्चलाम् ॥ १५९ ॥
अभोज्यमन्नंनात्तव्यमात्मनःशुद्धिमिच्छता अज्ञानभुक्तंतूत्तार्यंशोध्यंवाप्याशुशोधनैः ॥ १६० ॥
एषोनाद्यादनस्योक्तोव्रतानांविविधोविधिः स्तेयदोषापहर्तॄणांव्रतानांश्रूयतांविधिः ॥ १६१ ॥
धान्यान्नधनचौर्याणिकृत्वाकामाद्द्विजोत्तमः स्वजातीयगृहादेवकृच्छ्राब्देनविशुध्यति १६२
मनुष्याणांतुहरणेस्त्रीणांक्षेत्रगृहस्यच कूपवापीजलानांचशुद्धिश्चान्द्रायणंस्मृतम ॥ १६३ ॥
द्रव्याणामल्पसाराणांस्तेयंकृत्वान्यवेश्मतः चरेत्सान्तपनंकृच्छ्रन्तन्निर्यात्यात्मशुद्धये १६४

کے پاپ کے پراشچت کو سنو ۱۶۱ براہمن براہمن کے گھر سے بخواہش دھان کو چورا کر پاکی کے واسطے ایکسال تک کرچھر برت کو کرے لیکن دیش و کال و درب پرمان و سوامی کا
گن وغیرہ دیکھکر زیادہ بھی جاننا اسیطرح سے جو آگے کہینگے اوسمین بھی جاننا ۱۶۲ آدمی استری کھیت گھر باولی کوپ کا جل اِنھون کے ہرن مین پاکی کیواسطے چاندراین برت کہا ہے ۱۶۳
تھوڑی قیمت والی اور تھوڑے مطلب والی چیز کے ہرن مین سانت پن کرچھر کرے اور مال مسروقہ مالک کو دیوے ایسے چوری کے پراشچت مین جاننا چاہیے + ۱۶۴ +

मनु. ३६५ چبینا وغیرہ وبھات وغیرہ وسواریاں وپلنگ وآسن وپھول ومول وپھل انھون مین سے کسی ایک کے چورانے مین پنچ گبت یعنی گئو کا دودھ دہی گھی موتر گوبر کو پیوے ۱۶۵ ترن کاٹھ سوکھا
درخت غلہ گوڑ کپڑا چرم گوشت انھون مین سے کسی ایک کے چورانے مین تین دن برت کرنا چاہیے ۱۶۶ جواہر موتی مونگا تانبا لوہا روپا کانسا پتھر انھون مین سے کسی ایک کے چورانے مین بارہ
دن تک چاول کے کن کو بھوجن کرے ۱۶۷ کپاس کیڑا اور زنا انھون سے طیار ہوئے کپڑے ایک کھر والے چارپایہ وپرندہ وخوشبویات وادویہ وریشم انھون مین سے کسی ایک کی چورا مین تین دن تک دودھ پیوے یہان تک جتنی
چورانیمین ایک روپ پراشچت کیا اسیطرح چوری مین جہان پر ایک روپ پراشچت ہے وہان پر جاننا چاہیے ۱۶۸ ان برتون کے وسیلے سے چوری کے پاپ کو دور کرے اور جو عورت جماع کے لائق نہین ہے اوسکے

भक्ष्यभोज्यापहरणे यानशय्यासनस्य च पुष्पमूलफलानां च पंचगव्यं विशोधनम् ॥ १६५

तृणकाष्ठद्रुमाणां च शुष्कान्नस्य गुडस्य च चैलचर्मामिषाणां च त्रिरात्रं स्यादभोजनम् ॥ १६६ ॥

मणिमुक्ताप्रवालानां ताम्रस्य रजतस्य च अयःकांस्योपलानां च द्वादशाहं कणान्नता ॥ १६७ ॥

कार्पासकीटजोर्णानां द्विशफैकशफस्य च पक्षिगन्धौषधीनां च रज्ज्वाश्चैव त्र्यहं पयः ॥ १६८ ॥

एतैर्व्रतैरपोहेत पापं स्तेयकृतं द्विजः अगम्यागमनीयं तु व्रतैरेभिरपानुदेत् ॥ १६९ ॥ ११६ ॥

गुरुतल्पव्रतं कुर्य्याद्रेतः सिक्त्वा स्वयोनिषु सख्युः पुत्रस्य च स्त्रीषु कुमारीष्वन्त्यजासु च । १७० ।

पैतृष्वसेयीं भगिनीं स्वस्रीयां मातुरेव च मातुश्च भ्रातुस्तनयां गत्वा चांद्रायणं चरेत् ॥ १७१ ॥

एतास्तिस्रस्तु भार्यार्थे नोपयच्छेत्तु बुद्धिमान् ज्ञातित्वेनानुपेयास्ताः पतति ह्युपयन्नधः । १७२

جماع مین جو پاپ ہے اوسکو برت مرقومہ ذیل سے دور کرے ۱۶۹ خواہر حقیقی اور دوست اور بیٹے کی استری اور کماری اور چانڈالی انھون مین سے کسی ایک کے ساتھ اگیان سے جماع کرکے اوس
پراشچت کو کرے جو ماتا کے ساتھ جماع کرنے مین ہوتا ہے ۱۷۰ موسی کی بیٹی وپھوپھی کی بیٹی ومامون کی بیٹی جو اپنی خواہر ہین انمین سے کسی ایک کے ساتھ جماع کرنے مین چاندراین برت کرے अ. ११
لیکن یہ سب اگیان سے ایک دفعہ دوسرے پرکھ کے ساتھ جماع کرین تب جاننا کیونکہ پراشچت تھوڑا ہے اسلئے یہ کہتے ہین ۱۷۱ عقلمند آدمی ان تینون کے ساتھ
جماع نکرے وے رشتہ مند ہونے سے جماع کے لائق نہین ہین اونکے ساتھ جماع کرنے سے نرک مین جاتا ہے + ۱۷۲ + ۱۷۲ +

گئو کو چھوڑ کر گھوڑے وغیرہ چارپایہ ورجسولا استری اور کسی ایک نسبت سے علیحدہ استری وجل انھون مین بیرج گرانے سے سانت پن کرچھر برت کو کرے ۱۷۳ گاڑی بالی دن
انھون مین ترج پر کھہ خواہ استری کے ساتھ جماع کرکے مع کپڑون کے اسنان کرے ۱۷۴ براہمن اگیان سے چانڈالی وملیچھ کی استری کے غلہ کو بھوجن کرکے اور انھون سے دان
لیکر پتت ہوتا ہے اور جان کر لیوے تو انھون کے برابر ہوتا ہے ۱۷۵ جس استری نے دوسرے پرش مین دل لگایا اوسکو شوہر ایک گھر مین روک کر رکھے اور جو برت پرکھہ کو دوسری
استری کے ساتھ جماع کرنے مین ہے وہ برت استری کو کراوے ۱۷۶ استری اپنی ذات کی مرد کے ساتھ جماع کرکے ایکدفعہ مجرم ہوئی اوسکا پراشچت کرکے پھر اپنے ذات والی پرکھہ

अमानुषीषु पुरुष उदक्यायामयोनिषु रेतः सिक्त्वा जले चैव कृच्छ्रं सान्तपनं चरेत् ॥ १७३ ॥
मैथुनं तु समासेव्य पुंसि योषिति वा द्विजः गोयानेप्सु दिवा चैव सवासाः स्नानमाचरेत् ॥ १७४
चांडालान्त्यस्त्रियो गत्वा भुक्त्वा च प्रतिगृह्य च पतत्यज्ञानतो विप्रो ज्ञानात्साम्यन्तु गच्छति ॥
१७५ ॥ विप्रदुष्टां स्त्रियं भर्त्ता निरुंध्यादेकवेश्मनि यत्पुंसः परदारेषु तच्चैनां चारयेद्व्रतम् ॥ १७६ ॥
सा चेत्पुनः प्रदुष्येत्तु सदृशेनोपयन्त्रिता कृच्छ्रं चान्द्रायणं चैव तदस्याः पावनं स्मृतम् ॥ १७७
यत्करोत्येकरात्रेण वृषलीसेवनाद्द्विजः तद्भैक्षभुग्जपन्नित्यं त्रिभिर्वर्षैर्व्यपोहति ॥ १७८
एषा पापकृतामुक्ता चतुर्णामपि निष्कृतिः पतितैः सम्प्रयुक्तानामिमाः शृणुत निष्कृतीः १७९
सम्वत्सरेण पतति पतितेन सहाचरन् याजनाध्यापनाद्यौनान्न तु यानासनाशनात् ॥ १८०

کے ساتھ جماع کرے تو وہ استری پراجاپت وچاندراین برت کو کرے ۱۷۷ براہمن وچھتری وسودر برن کی استری کے ساتھ ایک رات جماع کرکے جو پاپ کرتے ہین اونکو دور کرنے
کے واسطے تین سال تک بھچھا مانگ کر بھوجن کرتا ہوا جپ کرتا رہے ۱۷۸ چارون برن کے پاپ کا یہ پراشچت کہا اب پتتون کے ساتھ میل وبیوہار کرنے کے پراشچت
کو سنو ۱۷۹ پتتون کے ساتھ ایک سال تک ایک سواری خواہ ایک آسن پر بیٹھے یا ایک پنگت مین بھوجن کرے تو اونکے برابر ہوتا ہے اور
پتتون کو جگ کراوے خواہ جگیوپبیت کراکے گایتری سناوے خواہ بیاہ وغیرہ رشتہ داری کرے تو جلد اونکے برابر ہوتا ہے ۱۸۰

جس پتت کے ساتھ جو بیوہار کرے سو اوسکی پاکی کے واسطے اوسیکا برت کرے ۱۸۱ سپنڈ باندھو باہر جاکر ذات ورتوج وگوروکے سامنے نامبارک دن مین وقت شام پتت کو
جل دیوے ۱۸۲ اداسی جل سے بھرے گھرے کو جنوب رویہ کھڑے ہوکر پانون سے دھر کاے دے اور سپنڈ لوگ مع باندھوون کے ایکدن اُپاس کرین ۱۸۳ پتت کے
ساتھ بیٹھنا بولنا اوسکو حصّہ دینا اوسکے ساتھ لوک کا بیوہار وغیرہ کرنا ان سب باتون کو ترک کرے ۱۸۴ چھوٹا بھائی بڑے بھائی سے زیادہ صفت والا ہو تو بڑے بھائی کے

योयेनपतितेनैषांसंसर्गंयातिमानवः सतस्यैवव्रतंकुर्य्यात्तत्संसर्गविशुद्धये ॥१८१॥ १८२
पतितस्योदकंकार्य्यंसपिण्डैर्बान्धवैर्बहिः निन्दितेहनिसायाह्नेज्ञात्यृत्विग्गुरुसन्निधौ ॥१८२
दासीघटमपाम्पूर्णम्पर्यस्येत्प्रेतवत्पदा अहोरात्रमुपासीरन्नशौचम्बांधवैःसह ॥ १८३ ॥
निवर्तेरंश्चतस्मात्तुसम्भाषणसहासने दायाद्यस्यप्रदानंचयात्राचैवहिलौकिकी ॥ १८४ ॥
ज्येष्ठताचनिवर्तेतज्येष्ठावाप्यंचयद्धनम् ज्येष्ठांशम्प्राप्नुयाच्चास्ययवीयान्गुणतोधिकः ॥१८५
प्रायश्चित्तेतुचरितेपूर्णंकुम्भमपान्नवम् तेनैवसार्द्धम्प्रास्येयुःस्नात्वापुण्येजलाशये ॥ १८६॥
सत्वप्सुतंघटम्प्रास्यप्रविश्यभवनंस्वकम् सर्वाणिज्ञातिकार्य्याणियथापूर्वंसमाचरेत् ॥१८७
एतदेवव्रतंकुर्य्योद्योषित्सुपतितास्वपि वस्त्रान्नपानन्देयन्तुवसेयुश्चगृहान्तिके ॥ १८८ ॥

حصہ کو پاوے اور بڑے بھائی کی بزرگی اور اوسکی بزرگی کا حصہ یہ دونون تبرت ہوتے ہین ۱۸۵ جب پتت نے پرانشچت کو کیا تب سپنڈ لوگ اوسکے ساتھ پاک ندی
مین اسنان کرکے پانی سے بھرے ہوئے نئے گھڑے کو ڈھرکاے دیوین ۱۸۶ وہ پتت جل مین گھڑے کو ڈال کر اپنے گھر مین داخل ہوکر ذات کے سب کامون
کو پہلے کے مانند کرے ۱۸۷ پتت استری مین بھی یہی برت ہے اور پتت استری کو گھر کے نزدیک رہنے قیام رہنا اور بھوجن وپانی وکپڑا بھی دینا چاہیے ۱۸۸

بدون پراشچت کئے پاپیوں کے ساتھ کسی ارتھ کو نکرے اور جب دے پراشچت کر چکین تو برائی بھی کبھی نکرے ۱۸۹ بالک و اُپکار و سرناگت وا ستری انھون مین سے
کسی ایک کو مارنے والے نے شاستر مین لکھا ہوا پراشچت بھی کیا ہو تو بھی اوسکے ساتھ قیام نہ کرنا ۱۹۰ جس براہمن و چھتری و بیس کا گایتری بدھ سے اپدیش نہوا ہو اوسکو
تین کرچھر برت کرا کے بدھ کے موافق پھر جنیو بیت کرانا چاہیے ۱۹۱ خلاف کام یعنی سودر کی سیوا کرنے والا اور بید کو نہ پڑھنے والا براہمن چھتری بیس پراشچت کرنے کی
خواہش کرے تو اونکو بھی تین کرچھر برت کا اپدیش کرنا چاہیے ۱۹۲ براہمن قابل نفرین کام کو کرکے جو دولت فراہم کرتے ہین اوس دولت کو ترک اور جپ تپ

एनस्विभिरनिर्णिक्तैर्नार्थं किंचित्समाचरेत् कृतनिर्णेजनांश्चैव न जुगुप्सेत कर्हिचित् ॥ १८९
बालघ्नांश्च कृतघ्नांश्च विशुद्धानपि धर्म्मतः शरणागतहंतॄंश्च स्त्रीहंतॄंश्च न संवसेत् ॥ १९० ॥
येषां द्विजानां सावित्री नानूच्येत यथाविधि तांश्चारयित्वा त्रीन्कृच्छ्रान्यथाविध्युपनाययेत् ॥
१९१ ॥ प्रायश्चित्तं चिकीर्षन्ति विकर्मस्थास्तु ये द्विजाः ब्रह्मणा च परित्यक्तास्तेषामप्येतदादिशेत् ।
१९२ यद्गर्हितेनार्जयंति कर्म्मणा ब्राह्मणा धनम् तस्योत्सर्गेण शुध्यंति जप्येन तपसैव च ॥ १९३ ॥
जपित्वा त्रीणि सावित्र्याः सहस्राणि समाहितः मासं गोष्ठे पयः पीत्वा मुच्यतेऽसत्प्रतिग्रहात् १९४
उपवासकृतन्तन्तु गोव्रजात्पुनरागतम् प्रणतम्प्रति पृच्छेयुः साम्यं सौम्येच्छसीति किम् १९५
सत्यमुक्त्वा तु विप्रेषु विकिरेद्यवसं गवाम् गोभिः प्रवर्तिते तीर्थे कुर्य्युस्तस्य परिग्रहम् ॥ १९६ ॥

کرکے پاک ہوتے ہین ۱۹۳ براہمن بے فکر ہوکر ایک مہینہ تک ہمیشہ تین ہزار گایتری کا جپ کرتا ہوا گئو کے مقام مین مقیم ہوکر صرف دودھ کو پیتا ہوا برے دان
لینے کے پاپ سے چھوٹتا ہے ۱۹۴ برت کرکے گئو کے مقام سے آئے ہوئے کمزور و حلیم براہمن کو بھلے لوگ پوچھین کہ اے براہمن کیا ہم سبکے برابر ہونیکی خواہش کرتے ہو ۱۹۵
تب وہ براہمن کہے کہ آیندہ نہ لینے کے لایق دان کو نہ لینگے سچ کہتے ہین ایسا کہہ کر گئو کے بھوجن کیواسطے گھاس دے اور اوسکی دی ہوئی گھاس کو گئو بھوجن کرے تب بھلے لوگ اوسکو قبول کرین ۱۹۶

۱۹۷ براتیون کو جگ کرا کے پتار گورو وغیرہ کے سواے ممنوع واہ وغیرہ مرن سرادہ کرکے اور مارن پریوگ کرکے ابین نام والی جاگ کرکے تین کرچھ برت کرے
اپنی پناہ مین آئے ہوئے کو ترک کرکے - جو بید پڑھانے کے لایق نہین اوسکو بید پڑھاکر - ایک سال تک جو کا بھوجن کرکے رہے ۱۹۸ گتہ سیار آدمی گدہا گھوڑا
